ترک رفع الیدین پر ۱۸۱۴ احادیث وآثار کا عظیم الشان علمی وتحقیقی مجموعہ

جزء
ترکِ رفع الیدین

مؤلفہ

حضرت مولانا علامہ عبدالغفار ذہبی حفظہ اللہ

سرپرست الامین اکیڈمی

0301-7718830

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

ترک رفع الیدین پر ۱۸۱۴ احادیث وآثار کا عظیم الشان علمی وتحقیقی مجموعہ

مؤلفہ

حضرت مولانا علامہ عبدالغفار ذہبی حفظہ اللہ

سرپرست الامین اکیڈمی

ناشر

0301-7718830

نام کتاب: ـــــــــــــ جزء ترک رفع الیدین

مؤلف: ـــــــــــــ حضرت مولانا علامہ عبالغفار ذہبی حفظہ اللہ

تاریخ اشاعت: ـــــــــــــ مارچ ۲۰۱۱ء

تعداد: ـــــــــــــ ۱۰۰۰

پرنٹر: ـــــــــــــ حاجی حنیف پرنٹر

الامین اکیڈمی
0301-7718830

الاعتدال اکیڈمی
0331-9144212

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست کتاب

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆مصنف کا مختصر تعارف زبیر بن ذھبی کے قلم سے☆

(اسم) عبدالغفار فاروقی ذھبی

(کنیت) ابو سہیل وابو شعیب۔

فاروقی شرفاً ۔ ذھبی لقباً۔

(نسب) عبدالغفار بن، حاجی غلام محمد، بن غلام قادر، بن محمد اصغر، بن محمد حسن۔

(قوم ذات) برتھ کھوکھر

(پیدائش) 15 ذی الحجہ 1385ھ بمطابق 1964ء

(تعلیم) فاضل الجامعۃ الخیر ن العلوم خانفور بنجاب

(۱) شھادۃ العالمیۃ فی العلوم الاسلامیۃ والعربیۃ الجامعۃ الخیر ن العلوم خانفور

(۲) شھادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ۔ ایم۔ اے۔ عربی۔ اسلامیات اتحاد المدارس العربیۃ پاکستان۔

(تعلیمی معیار)

(۱) ممتاز عام 1421ھ بمطابق س 2000ء الجامعۃ الخیر ن العلوم خانفور۔

(۲) ممتاز عام 1426ھ اتحاد المدارس العربیۃ پاکستان

(دورہ حدیث کے بعض اساتذہ کرام)

(۱) شیخ الحدیث ثقہ ثبت حجۃ فضیلۃ الشیخ امیر محمد تونسوی مدظلہ تلمیذ حافظ القرآن والحدیث ثقہ ثبت حجۃ فضیلۃ الشیخ محمد عبداللہ درخواستی نور اللہ مرقدہ۔

(۲) نائب شیخ الحدیث ثقہ ثبت حجۃ فضیلۃ الشیخ خلیل الرحمٰن ذاہر مدظلہ۔

(۳) فضیلۃ الشیخ المحقق استاذ الحدیث ثقہ ثبت حجۃ محمد لقمان محدث جلالفوری نور اللہ مرقدہ۔

(۴) فضیلۃ الشیخ استاذ الحدیث امام الصرف والنحو ثقہ ثبت حجۃ شیخ۔ محمد عبیداللہ نور اللہ مرقدہ۔

(۵) فضیلۃ الشیخ ثقہ ثبت حجۃ مفتی محمد یونس واثقی مدظلہ۔

(التخصص فی الدعوۃ والارشاد کے بعض اساتذہ کرام)

(۱) فضیلۃ الشیخ محقق العصر و رئیس المناظرین ثقہ ثبت حجۃ شیخ ابو معاویہ محمد امین صفدر اوکاڑوی نور اللہ مرقدہ۔

(۲) فضیلۃ الشیخ المحقق والمدقق ثقہ ثبت حجۃ شیخ ابو احمد نور محمد تونسوی نور اللہ مرقدہ مہتمم جامعہ عثمانیہ ترنڈہ محمد پناہ۔

(۳) فضیلۃ الشیخ والمحقق ثقہ ثبت حجۃ شیخ منیر احمد منور مدظلہ شیخ الحدیث باب العلوم کہروڑ پکا۔

(۴) فضیلۃ الشیخ المحقق ثقہ ثبت حجۃ شیخ مفتی محمد انور اوکاڑوی مدظلہ استاذ التخصص خیر المدارس ملتان

(تدریسی خدمات)

(۱) پانچ سال جامعہ عربیہ مخزن العلوم خانپور۔

(۲) پانچ سال مرکز اہل السنۃ والجماعۃ سرگودھا۔

(۳) ایک سال جامعہ رحمانیہ غریب آباد راولپنڈی۔

(۴) پانچ سال جامعہ امام اعظم ابو حنیفہ راولپنڈی۔

(۵) ایک سال جامعہ امینیہ حبیبیہ خالد کالونی راولپنڈی۔

(۶) ایک سال جامعہ حقانیہ لاہور

(نرینہ اولاد)

(۱) محمد سہیل

(۲) محمد شعیب

(۳) محمد زبیر

(۴) محمد سعد

(مسلکی تعارف)

(۱) پہلے بریلوی مسلک سے تعلق تھا۔

(۲) ۱۹۷۷ء میں مسلک اہلحدیث قبول کیا یہ زمانہ سکول کا تھا۔

(۳) ۱۹۸۵ء میں حضرت شیخ محمد امین صفدر اوکاڑوی نور اللہ مرقدہ سے دوران مباحثہ مغلوب ہو کر مسلک حق اہل السنۃ والجماعۃ الحنفیہ المعروف پاک و ہند دیوبند قبول کیا کیونکہ میں ضدی نہیں تھا الحمد للہ اب میں اس پر قائم ہوں اللہ تعالیٰ استقامت عطاء فرمائے۔ آمین

(انتساب کتاب)

رقم الحروف اپنی اس کاوش کو درج ذیل حضرات کے نام کے ساتھ انتساب کرتا ہے۔

(۱) سیدنا محمد عربی امام اعظم فی الانبیاء و خاتم النبیین ﷺ۔

(۲) سیدنا ابو بکر صدیق خلیفہ راشد رضی اللہ عنہ۔

(۳) سیدنا عمر فاروق خلیفہ راشد رضی اللہ عنہ۔

(۴) سیدنا عثمان ذی النورین خلیفہ راشد رضی اللہ عنہ۔

(۵) سیدنا علی المرتضی خلیفہ راشد رضی اللہ عنہ۔

(۶) سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

(۷) سیدنا شیخ محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ علیہ بانی دار العلوم دیو بند۔

(۸) سیدنا شیخ محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ امام اھل السنۃ۔

(۹) سیدنا شیخ محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ حافظ القرآن والحدیث۔

(۱۰) سیدنا شیخ محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ امین المذھب محقق العصر۔

☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(تصدیقات علماء ومشائخ)

سلطان المحدثین والمحققین سابق چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت، پاکستان

حضرت شیخ علامہ ڈاکٹر خالد محمود مدظلہ - پی-ایچ-ڈی-لندن

جزء ترک رفع الیدین فی الصلاۃ بعد الافتتاح

یہ بہت عمدہ کام ہے اور علمی کام ہے بڑی محنت کی ہے اس میں 814 احادیث کو ذکر کیا ہے اور وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے کاش کہ اس موضوع پر افراط کرنے والے دوست اسے غور سے پڑھیں اور اپنے کندھے ہلکے کریں۔

خالد محمود عفی عنہ

بمقام جامعہ اشرفیہ لاہور 5 مارچ 2019

☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(حضرت الشیخ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری مدظلہ مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان)

حضرت اقدس علامہ خالد محمود صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی مذکورہ بالا رائے گرامی کا ایک ایک حرف قابل رشک ہے۔ حضرت اقدس کے فرمان کے مطابق بلاشبہ حضرت مولانا عبدالغفار ذھبی صاحب کی یہ کاوش قابل قدر ہے اللہ تعالیٰ قبولیت سے نوازیں۔ (آمین)

محتاج دعا

قاری محمد حنیف جالندھری مدظلہٗ مہتمم، جامعہ خیر المدارس، ملتان

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ، پاکستان 8 مارچ 2019ء

☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(حضرت شیخنا مولانا استاذ منیر احمد منور مدظلہ شیخ الحدیث باب العلوم کہروڑپکا)

فروعی مسائل میں اجتہادی اختلاف، اختلاف امتی رحمۃ کا مصداق ہے کتب حدیث میں صحابہ تابعین اور تبع تابعین کے بے شمار فروعی مسائل میں اختلافات مذکور ہیں اور یہ اختلاف نہ معیوب ہے اور نہ اختلاف کرنے والے آئمہ مجتہدین معتوب ہیں بلکہ عند اللہ بفرمان رسول ماجور ہیں لیکن فرنگی دور حکومت میں ایک فرقہ مبتدعہ وجود میں آیا جس نے فروعی اختلافات کو اصولی اعتقادی اختلاف کا درجہ دیکر مخالف کو قرآن و حدیث کا منکر قرار دیکے ان پر کفر و شرک کے فتوے داغے۔ان فروعی مسائل کو اس انداز سے پیش کرنا شروع کر دیا ہے جیسے یہ کفر و اسلام کا مدار ہوں، انہی فروعی مسائل سے مسئلہ رفع یدین ہے۔جس کے متعلق غیر مقلدین نے چار سو احادیث تک دعوی کیا ہوا ہے حالانکہ ان کا پورا موقف نفیاً و اثباتاً کسی ایک بھی صحیح صریح مرفوع متصل غیر معارض حدیث سے ثابت نہیں ہے لیکن ظاہری تعداد کو سادہ لوح عوام کے سامنے پیش کر کے متاثر کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور سر پر قرآن رکھ کر قسمیں اٹھا کر دعوی کرتے ہیں کہ ترک رفع الیدین کی ایک بھی صحیح حدیث نہیں ہے۔غیر مقلدین کے اس دھوکے کی حقیقت واضح کرنے کیلئے محققین علمائے احناف نے بہت قابل قدر کام کیا ہے۔جس کا صحیح جواب دینے سے غیر مقلدین عاجز ہیں لیکن جواب آں غزل کے طور پر دور حاضر میں فن رجال کے ماہر علامہ عبدالغفار ذھبی صاحب کے کثرت دلائل کے لئے ترک رفع کی احادیث کو فرقہ متبدعہ کی طرز پر جمع کیا تو انہوں نے مختلف کتب حدیث سے آٹھ سو چودہ احادیث کا مجموعہ جزء ترک رفع الیدین کے نام سے پیش کیا ہے جبکہ فرقہ مبتدعہ کے علماء کی پیش کردہ احادیث رفع الیدین کے مقابلہ میں دگنی تعداد ہے۔امید ہے کہ کثرت دلائل سے متاثرین کی تسلی تشفی کیلئے یہ کتاب عظیم تحفہ ثابت ہوگی لیکن انصاف شرط ہے۔دعا ہے اللہ تعالٰی احادیث کے اس مجموعہ کو گمراہ لوگوں کے لئے ہدایت کا اور ہدایت یافتہ کے لئے مزید استقامت کا ذریعہ بنائیں۔

منیر احمد: جامعہ الاسلامیہ باب العلوم، کہروڑپکا ضلع لودھراں 6 مارچ 2019ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(شیخنا شیخ طریقت استاذ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد حسن مدظلہ جامعہ مدنیہ لاہور)

اللہ تعالیٰ جزائے خیر نصیب فرمائیں تحقیق اور تصنیف کے میدان میں ایک معروف ہستی حضرت علامہ مولانا عبدالغفار ذہبی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کو جنہوں نے بڑی محبت اور محنت سے جزء ترک رفع الیدین کے نام سے ایک عمدہ تحقیقی کتاب مرتب فرمائی ہے۔ اللہ پاک کی بارگاہ میں التجا ہے وہ حضرت مؤلف زید مجدہم کی اس نیک کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اپنی رضا اور خوشنودی کے حصول کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

محتاج دعا

محمد حسن عفی عنہ

☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت شیخ مولانا مفتی محمد انور اوکاڑوی مدظلہ، استاذِ تخصص خیر المدارس ملتان

اما بعد! قارئین کرام اسلاف بیزاری ہر فتنہ دینیہ کی جڑ ہے بعض کو عقائد میں اسلاف پر اعتماد نہیں بعض کو اعمال پر اعتماد نہیں پھر اعمال دینیہ میں سب سے اہم نماز ہے جو بطور فرض روزانہ پانچ مرتبہ پڑھی جاتی ہے۔ تین وتر سمیت فرائض کی بیس رکعت ہیں بارہ رکعت سنت مؤکدہ آٹھ رکعت سنتِ غیر مؤکدہ تہجد عام طور پر آٹھ رکعت بعد از مغرب بیس نوافل یہ تقریباً 68 رکعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عام معمول تھا اس کے علاوہ اشراق، چاشت کی رکعات بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں۔ صلوٰۃ التسبیح کی چار رکعت نیز وقتاً فوقتاً صلوٰۃ کسوف صلاۃِ خسوف صلوٰۃ الحاجت وغیرہ بہت سے معمولات نماز کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ثابت ہیں مگر تقریباً انیسویں صدی عیسوی میں ایک ایسا فرقہ پیدا ہوا جنہوں نے یہ کہنا شروع کیا کہ اس امت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اکثری عمل ہی محفوظ نہیں کیا کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر رکعت میں رکوع جاتے، رکوع سے سر اٹھاتے اور تیسری رکعت کے شروع میں رفع یدین کرتے

تھے اور بالخصوص پاک و ہند اور جن جن علاقوں میں احناف اور مالکی دین لائے قرآن لائے انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز صحیح نہیں پہنچائی تو جب نماز سے اعتماد اٹھ جائے گا تو تمام دین کو مشکوک کرنا آسان ہوگا پھر رفع الیدین کی متروک روایات کو بہت سے نمبر لگا کر عوام کے سامنے پیش کیا کہ اس کی چار سو سے زائد احادیث ہیں بہت سے لوگ صرف گنتی دیکھ کر متاثر ہونے لگے کہ تعداد کے اعتبار سے ترک رفع الیدین کی روایت کم ہیں۔ حالانکہ یہ کوئی شرعی اصول نہیں ایک عمل اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر زندگی کرتے رہے آخر میں منسوخ ہوگیا تو اب کرنے والی روایت لامحالہ زیادہ ہوں گی اور نہ کرنے والی کم تو اب آخری عمل کو کثرت روایات کی وجہ سے چھوڑا نہیں جائے گا۔ نیز سجدوں میں رفع الیدین کرنے کی روایات زیادہ اور نہ کرنے کی کم ہیں لیکن اس کے باوجود ہمارے مخالف بھی کثیر روایات پر عمل کر کے سجدوں کی رفع الیدین نہیں کرتے۔ تاہم کچھ لوگ تعداد کی کثرت پر لٹو ہو جاتے ہیں اس لئے ضرورت تھی کہ ایسے لوگوں کو ترک رفع الیدین کی روایات کی کثرت دکھا دی جائے اس کے لئے محقق اسلام حضرت مولانا عبدالغفار صاحب ذہبی مدظلہ نے جزء ترک رفع الیدین کی پہلی جلد میں چھ سو سے زیادہ مرفوع اور موقوف ومقطوع روایات جمع کی جو تقریبا 814 ہیں۔ دوسری جلد بھی تیار ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس محنت کو شرف قبولیت عطا فرمائیں اور اہل حق کی استقامت اور اہل زیغ کی ہدایت کا ذریعہ بنائیں۔

آمین ثم آمین

محمد انور اوکاڑوی، جامعہ خیر المدارس، ملتان 7 مارچ 2019

☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿سبب تالیف﴾

﴿سبب اول﴾ علمی وعملی اورفنی وتحقیقی لحاظ سے رفع الیدین فی الصلاۃ کا مسئلہ قرن اول سے مثبت ومنفی پہلو کے اعتبار سے بحث وتمحیص اور جمع وتطبیق وراجح ومرجوح کا محتاج رہا ہے۔ ائمہؒ، فقہاء، محدثین ومحققین علماء نے مختلف زمانوں اور زبانوں میں اور مختلف انداز سے بحث تمحیص فرمائی ہے جائز وناجائز اور مباح ومکروہ راجح ومرجوح کے ثبوت کی تلاش وجستجو کی ہے اور اس پر کتابیں ورسالے بھی لکھے ہیں مگر فریق ثانی کی حد سے زیادہ گرم گفتاری اور ان کا بلا دلیل دعویٰ کہ

(1) چار رکعات نماز میں چار مقام کی رفع الیدین یعنی شروع نماز، رکوع کرتے اور رکوع سے اٹھتے اور تیسرے رکعات کیلئے کھڑے ہو کر کرنا اور باقی اٹھارہ مقامات کا منع چار سو احادیث وآثار سے ثابت ہیں۔ (جزء اثبات رفع الیدین للخالد گمرجاکھی وغیرہ)

(2) جو شخص مذکورہ رفع الیدین نہیں کرتا اس کی نماز باطل ہے نہیں ہوتی اور سنت کے خلاف ہے اور ناقص ہے۔ (جزء اثبات رفع الیدین للخالد و نور للعینین و غیرھما)

﴿سبب ثانی﴾ میں نے استاذ مکرم محقق رئیس المناظرین شیخ ابو معاویہ محمد امین صفدر اوکاڑوی نور اللہ مرقدہٗ سے عرض کیا کہ قائلین رفع الیدین نے چار سو احادیث واثار پر رسالہ لکھ دیا ہے اور ہمارے کسی فقیہ ومحدث عالم محقق نے یہ تعداد اپنی کسی کتاب ورسالہ میں نہیں لکھی تو میرے شیخ محمد امین صفدرؒ ثقہ صدوق نے فرمایا کہ بیٹا آپ یہ مبارک کام کریں تو الحمد للہ استاذ مکرمؒ کے حکم کی تکمیل میں اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس کتاب میں تقریباً آٹھ سو سے زیادہ احادیث مرفوع وموقوف اور مقطوع کو تخریج کیا ہے جو ائمہؒ کی کتابوں میں باسانید ہیں۔

﴿سبب ثالث﴾ فریق ثانی کا رفع الیدین فی الصلاۃ کے متعلق سخت حکم کہ

(1) رفع الیدین فی الصلاۃ چار مقام پر فرض ہے۔ دیکھئے (رسالہ رفع یدین فرض ہے از مسعود احمد

صاحب وغیرہ)

(2) رفع الیدین فی الصلاۃ چار مقام پر واجب ہے۔ دیکھئے (جزء بکی مترجم خالد گھر جاکھی ونور العینین وغیرہما)

(3) رفع الیدین فی الصلاۃ چار مقام پر کرنا اور باقی مقامات پر نہ کرنا سنت غیر منسوخہ ہے۔ (نور العینین للعلوئی وجزء اثبات رفع الیدین للخالد وغیرہ) ان کے اقوال کا نتیجہ بعض الناس کے نزدیک یہ ہے کہ اہل سنت والجماعت حنفیہ و مالکیہ فرض و واجب و سنت کے تارک ہیں۔ نعوذ باللہ

(1) بتصریح امام نووی م 686ھ و امام ابن حجر م 852ھ رفع الیدین نماز میں کسی جگہ واجب نہیں ہے اس پر اجماع مت ہے۔ (شرح مسلم للنووی ج 1 ص 168 و فتح الباری ج 2 ص 278)

(2) فرض واجب کا قول جمہور امت مسلمہ اور اجماع امت کے خلاف ہونے کی وجہ سے مردود ہے۔ التمہید و فتح الباری وغیرھما۔

(3) بتصریح امام ابن المنذرؒ م 318ھ امام طحاویؒ م 321ھ تکبیر تحریمہ کی رفع الیدین اتفاقی و اجماعی سنت ہے اور رکوع وسجود وغیرہ کی رفع الیدین مختلف فیہ ہے۔ (الاوسط لابن المنذر ج 3 ص 73 وسنن الطحاوی ج 1 ص 136، 389)

(4) ترک رفع الیدین عند الرکوع والسجود پر جمہور امت حنفیہ و اکثر مالکیہ کا عمل ہے جو امت مسلمہ کا تقریبا 80 فیصد ہیں ان کے مقابلے میں 10 یا 20 فیصد لوگوں کا عمل مردود و مرجوح ہے۔

﴿سبب رابع﴾ ترک رفع الیدین کی بحث ابواب میں یا ان پر کتابوں میں اس سے پہلے اتنی احادیث کی تعداد کو ذکر نہیں کیا گیا اور نہ ہی تحقیق السند کا اہتمام کیا گیا ہے اور نہ ہی صریح و اصولی لحاظ سے مصححین کو ذکر کیا گیا تھا۔ الحمد للہ بتوفیق اللہ اس کتاب میں ہم نے یہ التزام کیا ہے۔

﴿سبب خامس﴾ مجھے میرے شیخ محترم استاذ ثقہ شیخ الحدیث مولانا منیر احمد منور مدظلہ اور استاذ ثقہ صدوق شیخ مفتی محمد انور اوکاڑوی مدظلہ نے اور میں ایک سال کیلئے کراچی گیا تو وہاں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرشید مدظلہ ثقہ اور شیخ مناظر حضرت مفتی عبدالواحد مدظلہ اور میرے اخی الصالح شیخ مولانا محمد جواد بٹ مدظلہ اور شیخ مولانا محمد اقبال مدظلہ وغیرھم نے مجھے حکم دیا کہ آپ نورالعینین کا جواب لکھ دیں تو میں نے ان حضرات کا حکم سمجھ کر اس کا جواب لکھنا ضروری سمجھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی رحمت وفضل سے اس کتاب کی تکمیل کرادے۔ آمین الحمداللہ اس کی پہلی جلد مکمل ہوگئی ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس کوشش کو شرف قبولیت سے نوازے اور آخرت کا ذخیرہ بنائے اور بیمار قلوب والے لوگوں کیلئے شفاء کا ذریعہ بنائے۔ آمین

تنبیہ: اہل علم حضرات سے التماس ہے کہ اس کتاب میں کسی قسم کی غلطی ہو تو اس پر متنبہ فرمائیں جوان شاء اللہ جدید ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے گا۔

مقدمة الکتاب

الحمد لله و کفی والصلاة والسلام علی سید الرسل وخاتم الانبیاء وعلی ازواجه واله واصحابه وعلی من تبعهم الی یوم القیامة من الفقهاء والمحدثین والصالحین والعلماء من اهل الحق اجمعین امابعد:

برادران اسلام: ایمان واصلاح عقیدہ کے بعد تمام نیک اعمال میں نماز کو فوقیت حاصل ہے جن کی فرضیت کا ثبوت قرآن وسنت میں موجود ہے سیدنا امام اعظم نبی الانبیاء محمد عربی ﷺ نے ارشاد فرمایا(صلوا کما رأیتمونی اصلی) کہ نماز اس طرح پڑھو جس طرح مجھے پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔(صحیح بخاری ج1 ص138رقم 631)

یہ حدیث درج ذیل کتابوں میں موجود ہے

(1)مسند الشافعی ج 1ص55 (2)سنن الدارمی ج2 ص796 رقم1288
(3)صحیح ابن حبان ج 4ص541 (4)شرح مشکل الآثار ج4 ص428
(5)سنن الدارقطنی ج 2ص9 رقم 1068 (6)صحیح ابی نعیم ج2 ص267 رقم1508
(7)المحلی بالآثار لابن حزم ج 2ص164 (8)السنن الکبری للبیهقی ج2 ص486
(9)صحیح ابن خزیمه ج 1ص 206رقم397 (10)الادب المفرد للبخاری ج1 ص84رقم213

تلک عشرة کاملة

اورآپ علیہ الصلاۃ والسلام نے ہی فرمایا ہے(من توضأ کما امر وصلی کما امر خرج من ذنوبه کما ولدته امه) کہ جس شخص نے وضوء کیا اس طرح جیسے ہم نے حکم دیا اور نماز پڑھی اس طرح جیسے ہم نے حکم دیا تو وہ گناہوں سے ایسا نکل گیا جیسے ماں کے پیٹ سے بچہ پاک پیدا ہوتا ہے۔(المعجم الکبیر للطبرانی ج1 ص93 رقم149 واسناده صحیح)

یہ حدیث درج ذیل کتابوں میں موجود ہے

(1)صحیح النسائی ج 1ص90رقم 144 (2) صحیح ابن ماجه ج 1ص447 رقم1396
(3)الطهور لابن سلام ج 1ص97 (4)مسند احمد ج 38ص 565رقم23595
(5)المنتخب عبد بن حمید ج 1ص 104 (6)السنن الدارمی ج 1ص559
(7)السنن الکبری للنسائی ج 1ص 128 (8)صحیح ابن حبان ج 3ص317
(9)حلیة الاولیاء لابی نعیم ج 5ص8 (10)الفوائد للخلعی ج 2ص 116رقم769 وغیرها

تلک عشرة کاملة

، الحمدللہ اہل السنّت والجماعت حنفیہ کے مقتداء امام اعظم فی الفقہاء ابوحنیفہ تابعیؒ متوفی 150ھ نے تمام مسائل شرعیہ کی کتابت وتدوین کی ہے اور خصوصا ابواب فقہیہ پر مرتب کیا ہے اور ملت اسلامیہ کی تاریخ میں سب سے سبقت لی ہے۔ دیکھئے

(1) مناقب موفق مکی ج 2ص 326,132 (2)مقدمہ جامع المسانید للخوارزمی ج 1ص 34، 35

(3) تبیض الصحیفہ للسیوطی ج1 ص36 (4) الخیرات الحسان لابن حجر المکی ج1 ص38

(5) عقود الجمان للصالحی ج2 ص184 (6)مناقب کردری ج 1 ص 50

(7) مقام ابی حنیفہ لامام اہل السنۃ ص 106 (8) تاریخ الاسلام ج 9 ص13

(9) النجوم الزاہرۃ ج 1 ص135 (10) تاریخ الخلفاء ج 1 ص194

تلک عشرۃ کاملۃ

اور خصوصا امام اعظم ابوحنیفہؒ نے نماز کے مسائل پر بھی سب سے پہلے مستقل کتاب الصلاۃ المعروف بکتاب العروس تصنیف فرمائی ہے

(1)مناقب موفق مکی ج 1ص 67،68،ج2 ص152 (2)مناقب کردری ج1 ص129،130وغیرھما

اور یاد رہے یہ اجماعی حقیقت ہے کہ نماز کے تفصیلی مسائل کتب فقہ حنفیہ میں موجود ہیں۔

(1) بالمبسوط لامام محمد (2) کتاب الحجہ لامام محمدؒ

(3)القدوری فی الفقہ الحنفی (4)المبسوط للسرخسیؒ

(5)بدائع صنائع للکاسانی (6)الھدایہ فی الفقہ الحنفی

(7)الاختیار لتعلیل المختار (8)تبیین الحقائق للزیلعی

(9) کنز الدقائق فی الفقہ الحنفی (10)المحیط البرھانی فی الفقہ الحنفی

تلک عشرۃ کاملۃ

مگر بدقسمتی سے انگریز دور میں پیدا ہونے والے لوگ اس دن سے لیکر آج تک وحدت امت کو پارہ پارہ کرنے کے لئے آئے دن اہل السنّت الجماعت حنفیہ کے عقائد صحیحہ پر عموما اور نماز کے مسائل پر خصوصا اعتراضات کی بھرمار کرتے رہتے ہیں اور سادہ سنی مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوششیں کرتے رہتے ہیں اور ضعیف روایات پر عمل کرنے کا طعنہ بھی دیتے ہیں اور اہل السنّت والجماعت حنفیہ کی نماز کو بلا دلیل محض تقلید ابی حنیفہ والی نماز قرار دیتے ہیں جبکہ خود مکمل نماز تو کجا ایک رکعت بھی بغیر ادلہ اربعہ کے مع احکام ثابت نہیں کرسکتے نماز کے مسائل میں سے ایک مسئلہ رفع الیدین ہے اس پر لکھی گئی رسوائے زمانہ کتاب نورالعینین وغیرہ پر ہم اللہ تعالی کی توفیق سے تحقیقی حقیقی جائزہ وتبصرہ پیش کریں گے۔ انشاءاللہ تعالی

سنت نبوی بلا اختلاف

سیدنا امام اعظم فی الانبیاء محمد عربی ﷺ کی مبارک سنت ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کے خلاف اس پُرفتن دور میں بعض اہل حدیث اور اہل قرآن وحدیث کا نام لینے والے اس اکثری واجماعی سنت کے خلاف چند رسالے اور کتابیں لکھی ہیں اور ان میں بے شمار دسیسہ کاریاں اور شعبدہ بازیاں کی ہیں اور جھوٹ ومغالطے اور جہالتوں وخیانتوں کے ساتھ ساتھ صحیحین کی احادیث عن ابی حمید الساعدیؓ وعن جابر بن سمرہؓ وغیرہما کا انکار اور ان پر لایعنی اعتراضات کیے ہیں اور صحیح ابوداؤد والنسائی والترمذی وابن ماجہ وغیرھا کی احادیث جو صحیح علی شرط البخاری ومسلم ہیں کے راویوں کی عزت وعظمت گھٹانے کی نامسعود اور قابل مذمت کوشش بھی کرتے ہیں حالانکہ ان کی یہ ساری کوشش انصاف کے خلاف اصول حدیث اصول جرح وتعدیل کے خلاف مکڑی کے جالے کی طرح کمزور وفضول ہے ہم ان شاء اللہ بتوفیق اللہ اس کو الم نشرح کریں گے۔

صحیحین بخاری ومسلم کے رواۃ پر بعض الناس کا عمل جراحی ملاحظہ ہو :

﴿1﴾ امام سفیان ثوریؒ متوفی 161ھ یہ صحیح بخاری ومسلم وسنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر دیکھئے ان لوگوں نے ان پر جرح کا نشتر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 48،134،138،140،216،217،227،228،229،288

(2)نور القمرین ص12 (3) علمی مقالات ج 1 ص264

(4)ابکار المنن للمبارکفوری ص213 (5)حدیث و اہل تقلید لداؤد ارشد ص 722،723،728

﴿2﴾ امام قتادہؒ متوفی 117ھ یہ صحیح بخاری ومسلم وسنن اربعہ کا اتفاقی راوی ہے مگر ان لوگوں نے اس پر جرح کا کلہاڑا چلایا ہے

(1)نور العینین ص 102،190 (2)علمی مقالات ج1 ص260

(3)تحقیق الکلام للمبارکپوری ج 2ص85 (4)خیر الکلام لمحمد گوندلوی ص305

(5)توضیح الکلام لارشاد الحق اثری ص688وغیرھا

﴿3﴾ امام سعید بن ابی عروبہؒ متوفی 156ھ یہ صحیح بخاری ومسلم وسنن اربعہ کے اتفاقی

راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر جرح کا تیشہ چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 189،102　　(2) الفتح المبین ص 39

﴿4﴾ امام زھریؒ متوفی 124ھ یہ صحیح بخاری و مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا خنجر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 118، 329،271، 332　(2) الفتح المبین ص 62

(3) ابکار المنن للمبار کفوری ص 43، ص 60

﴿5﴾ امام یزید بن ابی زیادؒ 136ھ یہ صحیح بخاری معلقاً و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر جرح کا نشتر چلایا ہے

(1) نور العینین ص 145، 148، 217، 229، 290، 291

(2) حدیث اور اھل تقلید للداؤد ج 1 ص 731 تا 736

﴿6﴾ امام حمید الطویلؒ متوفی 142ھ یہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے انکو بھی معاف نہیں کیا اور جرح کا نشتر چلایا۔

(1) نور العینین ص 191،50　　(2) علمی مقالات ج 1 ص 263

﴿7﴾ امام ابوزبیر المکیؒ متوفی 126ھ یہ صحیح بخاری و مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا خنجر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 50　　(2) علمی مقالات ج ۱ ص 276

﴿8﴾ امام ابراہیم النخعیؒ متوفی 96ھ یہ صحیح بخاری و مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر جرح کا کلھاڑا چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص، 164، 202، 235، 305،　(2) الفتح المبین ص 33

﴿9﴾ امام ابوبکر بن عیاشؒ متوفی 193ھ یہ صحیح بخاری و مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا نشتر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 170، 172، 308)　　(2) مترجم جزء رفع الیدین للعلزئی ص 36

﴿10﴾ امام اسماعیل بن ابی خالدؒ متوفی 146ھ یہ صحیح بخاری و مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا تیشہ چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 258، 314،　　(2) الفتح المبین ص 33

﴿11﴾ امام حکم بن عتیبہ متوفی 113ھ یہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا نشتر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 286، 299 (2) الفتح المبین ص 33

﴿12﴾ امام حفص بن غیاث متوفی 195ھ یہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا خنجر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 296 (2) الفتح المبین ص 22

﴿13﴾ امام حماد بن ابی سلیمان متوفی 120ھ یہ صحیح بخاری معلقاً صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا نشتر چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 153 (2) الفتح المبین ص 37، ص 38

﴿14﴾ امام عطاء بن السائب متوفی 136ھ یہ صحیح بخاری و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا کلہاڑا چلایا ہے۔

(1) نور العینین ص 287 (2) علمی مقالات ج 3 ص 105

﴿15﴾ امام اعمش م 148ھ یہ صحیح بخاری صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں مگر ان لوگوں نے ان پر بھی جرح کا تیشہ چلایا ہے

(1) الفتح المبین ص 42 (2) علمی مقالات ج 1 ص 267

خلاصہ: مگر یہ کسی کو معلوم نہیں تھا کہ ایک ایسا دور آئے گا کہ جب مسلمانوں کی راہ کے خلاف چلنے والے بدعتی صحیحین کے راویوں پر اندھا دھند حملے کریں گے اور ان سے مروی احادیث کو ضعیف کہہ کر رد کریں گے اور یہ لوگ سادہ لوح سنی مسلمانوں کو صحیحین کی احادیث اور ان کے راویوں سے انکار کروانے اور ان احادیث و رواۃ کی عزت میں کمی کرنے اور ان میں شکوک و شبہات پیدا کر کے ان کو گمراہ کرنے کی کوشش کریں گے مگر کہاوت مشہور ہے کہ

"چاند کی طرف تھوکنے والے کا تھوک اس کے منہ پر ہی پڑتا ہے"

ان شاء اللہ ان کی یہ کوششیں بالکل رائیگاں جائیں گی اور باشعور ایماندار لوگ صحیح بخاری و صحیح مسلم کی دو ہاتھ سے مصافحہ والی حدیث ابن مسعودؓ و صحیح مسلم میں ترک قرأت والی حدیث یعنی ... صحیح بخاری و صحیح مسلم میں طلاق ثلاثہ اور ترک رفع الیدین والی احادیث یعنی

حدیث ابی حمید الساعدیؓ وحدیث جابر بن سمرہؓ پر عمل کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے اور یہ ملت اسلامیہ کی اکثریت جمہور امت اہل السنّت والجماعت حنفیہ ومالکیہ وغیرھما ان احادیث پر تقریباً ایک ہزار سال سے بھی زیادہ عرصے سے عامل ہیں۔وللہ الحمد

کیونکہ ترک رفع الیدین بعد الافتتاح یعنی ترک رفع الیدین عندالرکوع والسجود وغیرہ الا فی التکبیرۃ الاولی پر یہ میری مستقل تصنیف ہے جس میں ادلہ اربعہ یعنی کتاب وسنت، اجماع وقیاس مجتہد سے اور اصول فقہ واصول حدیث واصول جرح وتعدیل اور فقہاء ومحدثین کی صحیح تحقیقات کے مطابق اس مسئلے پر تحقیقی وحقیقی جائزہ پیش کیا جائے گا اور جمہور امت کے دامن کو ہرگز نہیں چھوڑیں گے اور ان کے راستے سے مضبوطی کے ساتھ وابستہ رہیں گے۔ان شاء اللہ

اس کتاب کے مقدمہ میں اس گروہ کے خودساختہ محقق زماں کے چند مغالطے اور چند کذب بیانیاں وغیرہ ذکر کریں گے تاکہ جو زندہ رہے وہ دلیل دیکھ کر جیئے اور جسے مرنا ہو وہ دلیل دیکھ کر مرے اور اس میں اہل السنّت والجماعت کا مسئلہ مذکورہ میں دعوی وعمل اور چند اصول وضوابط کو بھی ذکر کریں گے جن کی بنیادوں پر اہل حق کا مسئلہ ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو قارئین پڑھ و سمجھ کر فیصلہ کرسکیں گے۔

﴿مغالطوں کا ذکر﴾

مغالطہ نمبر ﴿1﴾ خودساختہ محقق نے لکھا کہ مؤمل بن اسماعیل ثقہ یا حسن الحدیث ہے۔(عن وائل بن حجر مرفوعا علی صدرہ) (نماز میں ہاتھ باندھنے کا حکم اور مقام ص 16، 17)

تحقیقی جائزہ نمبر (1) مؤمل بن اسماعیل کو امام ابن سعدؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام بخاریؒ، امام نسائیؒ، امام محمد المروزیؒ، امام محمد الجارودیؒ، امام ابوعمر سمرقندیؒ، امام دارقطنیؒ، امام ساجیؒ، امام ابوزرعہؒ، امام ابن ابی حاتمؒ، امام ابن الھمامؒ وغیرھم نے کثیر الغلط سیئی الحفظ و منکر الحدیث، کثیر الخطاء، فیخطیئی الکثیر، وله اوهام فی حدیثه، خطاء کثیر، فکثر خطوۂ قرار دیا ہے کمافی کتب اسماء الرجال

تحقیقی جائزہ نمبر (2) قال الامام ابوبکر البیھقی رواہ الجماعۃ عن الثوری لم یذکر واحدمنھم علی صدرہ غیر مؤمل بن اسماعیل (خلافیات للبیھقی ج2 ص252، مختصر خلافیات للبیھقی ج2 ص33)

اور یہی بات (1) امام ابن قیمؒ (2) علامہ عبدالعزیزؒ پنجابی (3) علامہ عبدالرحمٰنؒ مبارکپوری (4) علامہ حامدؒ الفرغانی (5) محدث محمد البنوریؒ (6) محدث ظفر احمد عثمانیؒ (7) شیخ محمد امین محقق اوکاڑویؒ (8) علامہ محمد قاسمؒ (9) دکتور مقبل الوادعیؒ وغیرھم نے کہی ہے کہ مؤمل منفرد ہے جبکہ خودساختہ محقق نے یہ تصریح کی ہے کہ جو کثیر الغلط، کثیر الاوھام، کثیر الخطاء، اور سیئی الحفظ وغیرہ راوی ہو اس کی منفرد حدیث ضعیف ہوتی ہے۔ دیکھئے (نورالعینین ص63،43 طبع اول تا طبع آخر)

یہ خودساختہ محقق کا پہلا مغالطہ ہے جو زندہ رہے وہ دلیل دیکھ کر جیئے اور جسے مرنا ہو وہ دلیل دیکھ کر مرے۔

مغالطہ نمبر (2) نام نہاد محقق نے لکھا کہ عدم ذکر والی روایت سے دلیل پکڑنا باطل ہے۔ (نورالعینین ص 55)

تحقیقی جائزہ: جعلی محقق نے خود من طریق نافع حدیث ابن عمر (صحیح بخاری ج1 ص102) جو عدم ذکر والی روایت ہے سے دلیل پکڑی ہے۔ دیکھئے (نورالعینین ص64) جبکہ (جزء رفع الیدین للبخاری ص48 رقم83 وشرح مشکل الاثار للطحاوی ج2 ص20 وغیرھما) میں سجدوں کی رفع یدین کا ذکر ہے نام نہاد محقق کا بخاری وغیرہ کی عدم ذکر والی روایت سے دلیل پکڑنا ان کے مطابق باطل ہے یہ دوسرا مغالطہ ہے جو جئے یا مرے یہ حقیقت دیکھ کر۔

مغالطہ نمبر (3) نام نہاد محقق نے حدیث ابن عمر من طریق نافع بخاری ج1 ص102 کا شاہد نمبر1 .التغلیق التعلیق لابن حجر ج2 ص305 والسنن الکبری للبیھقی ج3 ص70 اور شاہد نمبر2 التغلیق التعلیق ج2 ص306 والسنن الکبری للبیھقی ج2 ص70 پیش کیا ہے دیکھئے۔ (نورالعینین ص86،85،65)

تحقیقی جائزہ: بخاری کی روایت میں چار مقام کی رفع الیدین کا ذکر ہے اس کی

شاهد میں بھی چار مقام کی رفع یدین کا ذکر ہونا چاہیے تھا مگر تغلیق التعلیق لابن حجر ج 2 ص 305، 306، من طریق حماد بن سلمۃ عن ایوب عن نافع ،و من طریق عن ایوب بن ابی تمیمۃ عن نافع الخ میں اذاقام من الرکعتین کی رفع یدین کے الفاظ ہی نہیں ہیں اسی طرح السنن الکبری للبیہقی ج 2 ص 37 رقم 2302 ،ص 103 رقم 2510 و 2510 پر بھی نہیں ہیں حتی کہ امام بخاریؒ نے اپنی جزء میں ص 74 رقم 52 پر نقل کیا ہے مگر اس میں بھی اذاقام من الرکعتین نہیں ہے امام ابن حجر نے صاف فیصلہ فرمایا ہے مثلاً ولیس فی طریق احد منهم ذکر رفع الیدین عندالقیام من الرکعتین(تغلیق التعلیق ج 2 ص 306)

لہٰذا یہ تیسرا مغالطہ ہے جسے جینا ہے یا مرنا ہے وہ یہ حقیقت و دلیل دیکھ کر جیئے یا مرے۔ فتدبر

مغالطہ نمبر (4) جعلی محقق نے لکھا کہ امام الشافعی متوفی 204ھ نے ترک رفع الیدین کی احادیث کو رد کر دیا کہ یہ ثابت نہیں ہیں دیکھئے۔(نور العینین ص 97)

تحقیقی جائزہ: امام شافعیؒ کی یہ جرح حدیث علیؓ و ابن مسعودؓ موقوفا پر تھی مگر نام نہاد ذھبی نے یہ جرح حدیث ابن مسعودؓ مرفوعا پر فٹ کر دی ہے مثلاً الفاظ حدیث ملاحظہ ہوں عن علی و ابن مسعود کان لا یرفعان ایدیھما فی شئی من الصلاۃ الا فی التکبیرۃ الافتتاح اس پر لا یثبت عن علی و ابن مسعود کا حکم لگایا تھا۔ دیکھئے

(1) السنن الکبری للبیہقی ج 2ص 114رقم 2535 (2) معرفۃ السنن والآثار للبیہقی ج 2ص 424رقم 3291
(3)المجموع للنووی ج 3 ص 403 (4) الجوھر النقی لابن الترکمانی ج 2 ص 79
(5) شرح ابن ماجہ للمغلطائی ج 1 ص 147 (6) البدر المنیر لابن الملقن ج 3 ص 500
(7)طرح التثریب للعراقی ج 2 ص 255 (8) شرح ابی داؤد للعینی ج 3 ص 301

لہٰذا یہ چوتھا مغالطہ ہے اب چاہے کوئی جئے یا مرے اس حقیقت و دلیل کو دیکھ کر۔ فتدبر

مغالطہ نمبر (5) نام نہاد محقق نے لکھا کہ امام دارقطنی نے (حدیث ابن مسعودؓ) کو غیر محفوظ قرار دیا ہے دیکھئے۔(کتاب العلل للدارقطنی ج 5 ص 173 مسئلہ نمبر 804 نور العینین ص 97 قدیم ص 131 جدید)

تحقیقی جائزہ: امام دارقطنی نے اس کتاب میں فرمایا واسنادہ صحیح مگر نقلی محقق نے اس کو ذکر نہیں کیا۔ دیکھئے۔(علل الحدیث لدارقطنی ج 5 ص 172 مسئلہ نمبر 804 طبع دار طیبہ

بریاض 1428ھ) یہ پانچواں مغالطہ ہے اب چاہے کوئی جئے یا مرے اس دلیل کو دیکھ کر

مغالطہ نمبر (6) نام نہاد محقق نے لکھا (حدیث ابن مسعودؓ من طریق محمد بن جابر) زیلعی حنفیؒ فرماتے ہیں کہ محمد بن جابر ضعیف ہے دیکھئے۔(نور العینین ص 152،231، طبع قدیمی و آخری)

تحقیقی جائزہ: جبکہ امام حافظ زیلعیؒ کا فیصلہ اس کے خلاف ہے مثلاً قال الامام الحافظ الزیلعیؒ کان اسحاق بن ابی اسرائیل یفضل محمد بن جابر علی جماعۃ شیوخ ھم افضل منہ واوثق وغیرہ (نصب الرایہ للزیلعی ج1 ص475 طبع دارالکتب العلمیہ بیروت) یہ فیصلہ نقل نہ کرنا چھٹا مغالطہ ہے اب چاہے کوئی جئے یا مرے اس حقیقت و دلیل کو دیکھ کر۔

مغالطہ نمبر (7) نام نہاد محقق نے لکھا کہ سیدنا علیؓ کی طرف منسوب اثر باتفاق محدثین ضعیف وغیر ثابت ہے کسی محدث نے اسے صحیح نہیں کہا۔ دیکھئے۔(نور العینین ص 408)

تحقیقی جائزہ (1) امام محدث ابو جعفر الطحاویؒ نے اس اثر کو صحیح (2) امام محدث ابن ترکمانیؒ نے رجالہ ثقات (3) امام محدث زیلعیؒ نے ھو اثر صحیح (4) امام محدث ابن حجر شافعیؒ نے رجالہ ثقات (5) امام محدث العینیؒ نے ھو اثر صحیح (6) امام محدث علی القاریؒ نے ھو اثر صحیح (7) امام محدث محمد ھاشمؒ نے اسنادہ صحیح، (8) امام محدث کشمیریؒ نے اسنادہ صحیح (9) امام محدث محمد نیمویؒ نے اسنادہ صحیح (10) محدث ظفر احمد عثمانیؒ نے ھو اثر صحیح علی شرط مسلم (11) امام محدث البنوریؒ نے اسنادہ صحیح کہا ہے۔

(1) اعلاء السنن ج3 ص50 (2) الجوھر النقی ج2 ص79
(3) نصب الرایہ ج1 ص406 (4) الدرایہ ج1 ص152
(5) شرح ابی داؤد ج3 ص301 (6) فتح الباب العنایہ ج1 ص557
(7) کشف الرین ص36 (8) نیل الفرقدین ص109
(9) آثار السنن ص106 (10) (معارف السنن ج2 ص494)
(11) الرد علی الکرابسی للطحاوی بحوالہ جوھر النقی ج2 ص79

یہ ساتواں مغالطہ ہے جو سادہ مسلمانوں کو دیا ہے اب چاہے کوئی مرے یا جئے اس دلیل کو دیکھ کر

مغالطہ نمبر (8) جعلی محقق نے لکھا کہ متقدمین میں سے امام ترمذی کے علاوہ کسی ایک محدث سے روایت مذکورہ (عن ابن مسعودؓ) کی تصحیح صراحتاً ثابت نہیں ہے۔(نور العینین ص 421)

تحقیقی جائزہ: حدیث ابن مسعودؓ کو امام محدث ابو علی الطوسیؒ متوفی 312ھ امام محدث ابو جعفر الطحاوی متوفی 321ھ، امام محدث ابن حزم متوفی 456ھ نے حسن صحیح کہا ہے دیکھئے (مختصر الاحکام للطوسی ج 2ص 102رقم 237وسنن الطحاوی ج 1 ص12، ص 224 محلی ابن حزم ج 2 ص265، ج3 ص4) لہٰذا یہ آٹھواں مغالطہ ہے اب جو چاہے جئے یا مرے اس دلیل کو دیکھ کر

مغالطہ نمبر (9) نام نہاد محقق نے لکھا کہ یاد رہے کہ عبدالرحمٰن مذکور کی تحت السرۃ والی روایت کو کسی محدث وامام نے صحیح یا حسن نہیں کہا (نماز میں ہاتھ باندھنے کا حکم اور مقام ص12)

تحقیقی جائزہ: (1) امام محدث وفقیہ اسحاق بن راہویہؒ (2) امام محدث فقیہ احمد بن حنبلؒ نے انکی حدیث کو اقوی فی الحدیث ولا بأس بہ کہا (3) امام محدث فقیہ ابو جعفر الطحاویؒ (4) امام محدث ضیاء الدین المقدسیؒ (5) امام محدث ابن قیمؒ نے صحیح کہا ہے۔

(1) مسائل احمد و اسحاق ج2 ص551 (2) مسائل احمد بروایۃ عبداللہ ج1 ص72 رقم 260
(3) مسائل احمد بروایۃ ابی داؤد ج1 ص48 (4) احکام القرآن للطحاوی ج1 ص185۔187
(5) بدائع الفوائد لابن قیم ج3 ص91 (6) الاحادیث المختارہ للمقدسی ج 2 ص386 رقم 771

لہٰذا یہ سادہ سنی مسلمانوں کو ناواں مغالطہ دیا ہے اب جو چاہے جئے یا مرے یہ دلیل دیکھ کر

مغالطہ نمبر (10) جعلی محقق نے لکھا کہ (حدیث علی فی قولہ تعالیٰ فصل لربک وانحر تحت السرۃ التمہید) (1) عاصم الجحدری اور عقبہ بن صہبان کے درمیان العجاج الجحدری کا واسطہ ہے اور العجاج مجہول الحال ہے (2) اسی روایت کی دوسری اسانید میں علی صدرہ سینے پر ہاتھ باندھنے کے الفاظ ہیں۔ (نماز میں ہاتھ باندھنے کا حکم اور مقام ص57)

تحقیقی جائزہ (1) امام بخاریؒ کی روایت میں عقبہ بن ظبیان اور العجاج مجہول ہیں انہوں نے علی صدرہ کے لفظوں کا اضافہ کیا ہے دیکھئے۔ (التاریخ الکبیر للبخاری ج 6ص 437رقم 2911 ترجمہ عقبہ بن ظبیان)

تحقیقی جائزہ (2) امام بیہقی کی سند میں ایک تو یہی عقبہ بن ظبیان ہے دوسرا راوی ابو الحریش الکلابی ہے یہ دونو مجہول ہیں یہ انتہائی ضعیف روایات ثقات رواۃ سے مروی صحیح احادیث کا کیسے مقابلہ کرسکتی ہیں لہٰذا یہ سادہ مسلمانوں کو دسواں دھوکہ ہے اب جو چاہے

جیئے یا مرے اس حقیقت و دلیل کو دیکھ کر

تلک عشرۃ کاملۃ

﴿سیدنا محمد عربی ﷺ کا مغالطے کے متعلق فیصلہ﴾

عن معاویہؓ ان النبی ﷺ نھی عن الغلوطات (صحیح ابی داؤد ج 3 ص 321 رقم 3656)

سیدنا امیر معاویہؓ سے روایت ہے کہ بیشک نبی اقدس ﷺ نے مغالطہ دینے سے منع فرمایا ہے۔

یہ حدیث درج ذیل کتابوں میں موجود ہے

(1) مسند احمد ج 39 ص 92 رقم 23687 (2) مسند الحارث بغیۃ الباحث ج 1 ص 203 رقم 62

(3) المعجم الاوسط ج 8 ص 137 رقم 8204 (4) المعجم الکبیر للطبرانی ج 19 ص 380 رقم 892

(5) فوائد تمام الرازی ج 2 ص 199 رقم 1522 (6) التاریخ الکبیر للبخاری ج 5 ص 106 رقم 308

(7) فوائد الحنائی ج 1 ص 216 رقم 22 (8) الخلعیات للعلی الخلعی ج 1 ص 304 رقم 380

(9) العلم لابی طاہر ج 1 ص 77 رقم 73 (10) الاجزاء الحدیثیہ لابی منصور ج 1 ص 92 رقم 12

تلک عشرۃ کاملۃ

مگر آپ کو ان نام نہاد محققین کا بھی علم ہونا چاہیے جو انگریز دور کی پیداوار ہیں اور دعوٰی اطیعوا الرسول کا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس حدیث مبارکہ پر عمل نہ کر کے کیسے اپنے اس دعوے کی دھجیاں اڑائی ہیں اور یہ صرف اسی جگہ نہیں ہوا بلکہ صحیح بخاری و مسلم وغیرھما کی اکثر احادیث میں ان کا حال بد سے بدتر ہے" کما لا یخفی علی اھل العلم" تو کیا صرف چند احادیث منسوخہ متروکہ پر عمل کرنے سے اطیعوا الرسول کا حق ادا ہو جاتا ہے اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر ان کی حقیقت کو لوگوں کے سامنے اجاگر کرنا چاہیے۔

﴿کذب بیانیوں کا ذکر﴾

جھوٹ نمبر (1) نام نہاد محقق نے لکھا کہ ہماری تحقیق کے مطابق امام بخاریؒ نے عبداللہ بن ادریسؒ کی روایت کو سفیان ثوریؒ کی روایت پر کئی وجہ سے ترجیح دی ہے۔

(1) سفیان ثوریؒ مدلس ہے اور ابن ادریسؒ مدلس نہیں ہیں۔ (نور العینین ص 48 طبع 2012ء)

تحقیقی جائزہ: یہ وجہ امام بخاریؒ نے کسی کتاب میں بیان نہیں فرمائی اور نہ دنیا کی کسی کتاب

میں یہ باسند امام بخاریؒ سے ثابت ہے لہٰذا یہ جناب کا امام بخاری پر سیاہ جھوٹ ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ سچ دیکھ کر۔ فتدبر

جھوٹ نمبر (2) نعلی محقق نے لکھا کہ (2) ابن ادریسؒ بالا جماع ثقہ ہے (یعنی سفیان ثوری بالا جماع ثقہ نہیں ہیں) (نور العینین ص 48)

تحقیقی جائزہ: یہ وجہ ترجیح امام بخاریؒ نے کسی کتاب میں بھی بیان نہیں فرمائی اور نہ دنیا کی کسی کتاب میں امام بخاریؒ سے باسند ثابت ہے یہ جناب صاحب کا امام بخاری پر سفید جھوٹ ہے۔

تنبیہ: آپ کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ امام سفیان ثوریؒ بالا جماع ثقہ ہیں۔ دیکھئے

(1) تہذیب الاسماء واللغات للنووی ج 1 ص 223 رقم 214 (2) تہذیب الکمال للمزی ج 11 ص 169
(3) تہذیب لابن حجر ج 4 ص 114 رقم 200) وغیرھا

اب جو جئے یا مرے وہ یہ سچ دیکھ کر۔

جھوٹ نمبر (3) نام نہاد محقق نے لکھا کہ (3) ایک جماعت انکی (یعنی ابن ادریسؒ کی) متابع ہے۔ دیکھئے۔ (نور العینین ص 48)

تحقیقی جائزہ: یہ وجہ ترجیح امام بخاری نے کسی کتاب میں بیان نہیں فرمائی اور نہ ہی دنیا کی کسی کتاب میں امام بخاریؒ سے سنداً ثابت ہے یہ جناب کا امام بخاریؒ پر کالا جھوٹ ہے اب جو جئے یا مرے یہ سچ دیکھ کر۔ فتدبر

﴿آپ لوگوں کی اطلاع کے لئے عرض ہے﴾

(1) امام سفیان ثوریؒ کی متابعت امام ابوبکر النھشلیؒ اور خود امام ابن ادریسؒ نے کر رکھی ہے دیکھئے (علل الحدیث للدارقطنی ج 5 ص 172 رقم 804)

(2) خود جناب نعلی محقق نے امام سفیان ثوریؒ کی معنوی متابعت میں امام حفصؒ، امام مغیرہؒ، امام حصینؒ کا ذکر کیا ہے دیکھئے (نور العینین ص 48)

(3) امام دارقطنیؒ نے واضح تحقیقی فیصلہ دیا ہے مثلاً تفرد بہ عبداللہ ابن ادریسؒ عن عاصم بن کلیبؒ الخ دیکھئے (اطراف الغرائب والافراد للدارقطنی ج 1 ص 339 رقم 515 و ج 4 ص 118 رقم 3765)

مذکورہ تصریحات سے واضح ہوا کہ ایک جماعت نے امام سفیان ثوریؒ کی متابعت کی ہے اور ابن ادریسؒ متفرد ہیں قارئین سے التماس ہے کہ نام نہاد محقق تحقیق کی آڑ میں خوبصورتی سے نمبر لگا کر جھوٹ بولتے ہیں یہ قابل غور ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ سچ دیکھ کر

جھوٹ نمبر (4) نام نہاد محقق نے لکھا کہ خود سیدنا ابن عمرؓ سے صحیح متواتر احادیث کے ساتھ رفع الیدین کرنا ثابت ہے (یعنی چار جگہ کی رفع الیدین ثابت ہے) (نور العینین ص 91)

تحقیقی جائزہ: خود جناب نقلی محقق نے ائمہ وعلماء سے تواتر کی تعریف یوں نقل کی ہے کہ ہر وہ حدیث متواتر ہے جسے کم از کم دس راوی بیان کریں (نور العینین ص 123) اور سیدنا ابن عمرؓ سے امام نافعؒ و سالمؒ و محاربؒ بن دثار و ابو الزبیرؒ اور طاؤسؒ یہ کل پانچ راوی روایت کرتے ہیں اور جناب نے پانچ کا عدد خود ذکر کیا ہے ان سے رکوع و سجدہ کی رفع الیدین بھی ثابت ہے سجود کی رفع یدین نقلی محقق کے خصوصا خلاف ہے اور ان کی جماعت کے تمام لوگوں کے عموما خلاف ہے اور یہ دس کا عدد پورا نہیں جسے متواتر کہا جا سکے لہٰذا یہ جناب کا سرخ جھوٹ ہے جو جئے یا مرے یہ سچ دیکھ کر

جھوٹ نمبر (5) نام نہاد محقق نے لکھا کہ (حدیث مالک بن حویرثؓ من طریق عبد الصمد و یزید بن زریعؒ و معاویہ بن ہشامؒ ہے) صرف معاویہ بن ہشامؒ کی روایت میں سجدوں والے رفع الیدین کا ذکر ہے۔ (نور العینین ص 97)

تحقیقی جائزہ: دنیا کی کسی کتاب میں حدیث مالک بن حویرثؓ من طریق معاویہ بن ہشامؒ موجود ثابت نہیں ہے لہٰذا یہ جناب کا سیاہ ترین جھوٹ ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ سچ دیکھ کر

جھوٹ نمبر (6) نام نہاد محقق نے لکھا کہ (حدیث جابر بن سمرہؓ) پر تمام محدثین کا اجماع ہے کہ اس حدیث کا تعلق تشہد کے ساتھ ہے رفع الیدین عند الرکوع والرفع منہ کے ساتھ نہیں ہے۔ (نور العینین ص 126)

﴿تحقیقی جائزہ﴾

(1) امام ابو حنیفہؒ م 150ھ (2) امام ابن ابی لیلیٰؒ م 148ھ

(3) امام سفیان ثوریؒ م 161ھ (4) امام مالکؒ م 179ھ

(5)امام فقیہ محدث قاضی عیاض المالکیؒ متوفی 544ھ (6)امام فقیہ محدث ابو بکر الکاسانیؒ متوفی 587ھ

(7)امام فقیہ محدث محمود البخاریؒ متوفی 616ھ (8)امام فقیہ محدث محمد الخوارزمیؒ متوفی 655ھ

(9)امام فقیہ محدث احمد القرافی المالکیؒ متوفی 684ھ (10)امام فقیہ محدث محمد المنبجیؒ متوفی 686ھ

(11) امام فقیہ محدث عثمان الزیلعیؒ متوفی 743ھ (12)امام فقیہ محدث ابو محمد زیلعیؒ متوفی 762ھ

(12) امام فقیہ محدث مغلطائیؒ متوفی 762ھ (14)امام فقیہ محدث محمود العینیؒ متوفی 855ھ

(15)امام فقیہ محدث ابن نجیم المصریؒ متوفی 970ھ (16)امام فقیہ محدث علی القاریؒ متوفی 1014ھ

(17)امام فقیہ محدث ابن القصار المالکیؒ متوفی 397ھ (18)امام فقیہ محدث ابوالحسن القدوریؒ متوفی 428ھ

(19)امام فقیہ محدث محمد السرخسیؒ متوفی 483ھ (20) امام فقیہ محدث زمخشریؒ متوفی 538ھ

وغیرھم نے اس حدیث کو رکوع وسجود کی رفع یدین کے منع وترک ومکروہ ومنسوخ ہونے پر پیش فرمایا ہے اس کا تعلق رکوع وغیرہ کی رفع یدین کے ساتھ ہے لہٰذا تمام محدثین کا اجماع کہنا یہ جناب کا سیاہ ترین جھوٹ ہے۔اب جو جئے یا مرے وہ یہ سچ دیکھ کر

جھوٹ نمبر (7) نام نہاد محقق نے لکھا کہ (حدیث البراء بن عازب) جس روایت میں رفع الیدین کے نہ کرنے کا ذکر نہیں ہے علامت (گول دائرہ) O

جس روایت میں رفع الیدین نہ کرنے کا ذکر ہے علامت (نشان ضرب) X

پھر 3 نمبر لگا کر موسی بن محمد الانصاری التمھید لا بن عبدالبر پر علامت (گول دائرہ) O لگائی ہے۔(نور العینین ص 144)

تحقیقی جائزہ: امام موسی بن محمد الانصاریؒ کے طریق سے مروی حدیث البراء بن عازبؓ میں صاف لفظ فکبر فرفع یدیه حتی حاذی اذنیه فی اول مرة لم یزد علیها ہے۔ (التمھید لا بن عبدالبر ج9 ص،214) لم یزد علیھا کے لفظ ہیں لم نافیہ رفع یدین نہ کرنے کا ثبوت ہے لہٰذا جناب کا یہ سفید جھوٹ ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ سچ دیکھ کر

جھوٹ نمبر (8) نام نہاد محقق نے لکھا کہ نمبر 6 عبداللہ بن ادریسؒ اور ابو یعلی علامت (گول دائرہ) O لگائی ہے۔دیکھئے (نور العینین ص 144)

تحقیقی جائزہ: امام عبداللہ بن ادریسؒ کے طریق سے حدیث البراء بن عازب میں صاف لفظ حتی رأیت ابھامیه قریبامن اذنیه ثم لم یرفعھما کے لفظ ہیں ثم نافیہ رفع الیدین کے نہ کرنے کو ثابت کرتا ہے لہٰذا گول دائرہ O لگا کر جناب نے سرخ جھوٹ بولا ہے۔

جھوٹ نمبر (9) نام نہاد محقق نے لکھا کہ (تنبیہ) جدول ملاحظہ کرتے وقت مندرجہ ذیل علامات کو مدنظر رکھا جائے۔

تکبیر تحریمہ والا رفع الیدین	1	رکوع والا رفع الیدین	2
بعد از رکوع والا رفع الیدین	3	بعد از رکعتین والا رفع الیدین	4
سجدوں میں نہ کرتے تھے	5	(نور العینین ص 106،65)	

تحقیقی جائزہ: نقلی محقق نے حدیث ابی حمید الساعدیؓ کے جدول میں صحیح ابن حبان کے ساتھ علامت 1235 کی لگائی ہے جبکہ صحیح ابن حبان میں لایفعل ذلك فی السجود وغیرہ کے الفاظ نہیں ہیں یہ جناب کا کالا جھوٹ ہے۔

جھوٹ نمبر (10) نقلی محقق نے حدیث ابی حمید الساعدیؓ کے جدول میں سنن ابی داؤد کے 1235 کی علامت لگائی ہے۔

تحقیقی جائزہ: سنن ابو داؤد میں لا یفعل ذلك فی السجود وغیرہ کے الفاظ نہیں ہیں یہ نقلی محقق دوراں کا بدترین جھوٹ ہے۔

تلك عشرة كاملة

تنبیہ: اس رسوائے زمانہ کتاب میں اسی صفحہ 106 پر حدیث ابی حمید الساعدیؓ کے جدول میں ایک سانس میں بعض لوگوں کے خودساختہ محقق زمان نے (19) جھوٹ لکھے ہیں اور اس کتاب میں اور بھی بہت سے جھوٹ موجود ہیں یہ کتاب مغالطوں کذب بیانی اور جہالتوں سے بھری پڑی ہے یہ کائنات کے جھوٹوں میں سے ایک بڑا جھوٹا ہے جبکہ امام اعظم فی الانبیاء محمد عربی ﷺ کا فیصلہ یہ ہے آپ ﷺ نے فرمایا کہ ان الصدق يهدى الى البر وان البر يهدى الى الجنة وان الرجل يصدق حتى يكون صديقا وان الكذب يهدى الى الفجور وان الفجور يهدى الى النار وانّ الرجل ليكذب حتى يكتب عندالله كذابا

(صحیح بخاری ج 8 ص 25 رقم 7094 عن ابن مسعودؓ)

"بیشک سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور بیشک نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی

سچ بولتے بولتے حتیٰ کہ صدیق بن جاتا ہے اور بیشک جھوٹ فسق وفجور کی طرف لے جاتا ہے اور فسق وفجور جہنم کی طرف لے جاتا ہے اور بیشک آدمی جھوٹ بولتے بولتے اللہ کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے"

﴿یہ حدیث درج ذیل کتابوں میں موجود ہے﴾

(1)صحیح مسلم ج 1ص2013 رقم2607 (2)صحیح ابو داؤد ج4 ص297 رقم4989
(3)صحیح ترمذی ج4 ص 348رقم 1971 (4)صحیح ابن ماجه ج 1ص 18رقم46
(5)صحیح ابن حبان ج 1ص507 رقم273 (6)مسند ابو داؤد الطیالسی ج1 ص200
(7) مسنداحمد ج 7ص 10رقم 3896 (8)مسند ابی یعلی ج9 ص71 رقم5138
(9)المستدرک حاکم ج1 ص217 رقم440 (10)مصنف ابن ابی شیبه ج5 ص 235رقم35599

تلک عشرۃ کاملۃ

﴿جہالتوں کا ذکر﴾

جہالت نمبر (1) نام نہاد محقق نے لکھا کہ المدونۃ الکبریٰ یہ ساری کتاب بے سند ہوئی یعنی بے سند کتاب ہے دیکھئے(نورالعینین ص82)

جواب: المدونۃ الکبری کی سند موجود ہے درج ذیل کتب میں ان کی سند ملاحظہ ہو

(1)تهذیب للبرادعی متوفی375 ج 1ص 168 (2)الصله لابن بشکوال ج1 ص309
(3)فهرست لابن عطیه ج 1ص72،93،113 (4)فهرست ابن خیر ج 1ص 207
(5)صلة الخلف والسلف للسوی ج1 ص416 (6)قطف الثمر للفلانی ج1 ص151
(7) التکلمة الکتاب الصلة ج 1 ص238 ، 293 (8)تاریخ علماء الاندلس ج 1 ص371
(9) مقدمات ابن رشد ج 2 ص355 (10) المعجم المفهرس لابن حجر ج1 ص407 رقم1846

لہٰذا جناب کا اس کتاب کو بے سند کہنا جہالت ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

جہالت نمبر (2) نام نہاد محقق نے لکھا کہ حدیث ابن عمرؓ ترک رفع الیدین موقوفا میں ایک راوی ابوبکر عیاشؒ ہے اس کا آخری عمر میں حافظہ خراب ہوگیا تھا مذکورہ روایت بعد الاختلاط وتغیر کے وقت کی ہے لہٰذا یہ مردود وضعیف ہے ترمیمی(نورالعینین ص 167،168،169،170،171،308)

تحقیقی جائزہ: مختلط راویوں کا قاعدہ اصول حدیث میں ہے کہ صحیح بخاری ومسلم میں ان شاگردوں کی احادیث تخریج کی گئی ہیں جنہوں نے قبل الاختلاط والتغیر سماع حدیث کی ہے

اور یہ اصول خود جناب کو تسلیم ہے۔(مقدمہ ابن صلاح ص 368 ،تھذیب الاسماء واللغات للنووی ج1 ص 214 ،نورالعینین ص 95)مذکورہ اصول کے تحت حدیث ابن عمرؓ صحیح وثابت ہے کیونکہ

نمبر (1) حدثنا احمد بن یونس اخبرنا ابوبکر بن عیاش الخ (صحیح بخاری ج1 ص232)

نمبر (2) حدثنا عبداللہ بن ابی شیبہ حدثنا ابوبکر (بن عیاش) الخ (صحیح بخاری ج1 ص274)

نام نہاد محقق کو مسلمہ اصول اور پھر صحیح بخاری میں یہ طریق نظر نہیں آئے لہذا یہ جناب کی دیدہ دانستہ علم حدیث وتحقیق سے جہالت ہے۔اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

جہالت نمبر (3) نام نہاد محقق نے لکھا کہ امام طحاوی کے حوالے سے حدیث ابن عمر رفع الیدین عندالسجود کو شاذ قرار دیا ہے اور شاذ کو مردود ضعیف قرار دیا ہے۔(نورالعینین ص 538تا541)

تحقیقی جائزہ: محدثین نے شاذ کی دو تعریفیں کیں ہیں (1) شاذ لغوی (2) شاذ اصطلاحی

نمبر (1) کے قائلین ،امام طحاوی متوفی 321،امام محمد بن حارث متوفی 361 امام حاکم متوفی 404 امام ابویعلی الخلیلی متوفی 446 وغیرھم ہیں۔

نمبر (2) کے قائلین ،امام شافعی وجمہور محدثین ہیں اور نمبر (1) شاذ بمعنی تفرد من الثقہ ہے اور نمبر (2) شاذ بمعنی ثقہ ثقات کی مخالفت کرے تفصیل دیکھئے (معرفت علوم الحدیث ص 119 تدریب الراوی ص 301 ،اختصار علوم الحدیث مترجم علیزئی ص 45)

اور اصطلاحی شاذ کا اطلاق تو حدیث ابن عمرؓ رفع فی السجود پر نہیں آتا کیونکہ سجدوں کی رفع یدین ابن عمرؓ سے سالمؒ کے علاوہ محارب بن دثارؒ ونافعؒ وغیرھما نے روایت کررکھی ہے۔دیکھئے۔

(1) ابن ابی شیبہ ج1 ص 266
(2) جزء رفع الیدین للبخاری ص 48
(3) مسند احمد ج2 ص 180
(4) فتح المغیث للسخاوی ج2 ص 323

ان کے شواہد بھی ہیں تو جناب کا امام طحاویؒ کے شاذ کہنے کو مخالفت ثقات قرار دینا جہالت ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

جہالت نمبر (4) نام نہاد محقق نے لکھا کہ سفیان بن مسلم اگر تصحیف نہیں ہے تو اس کے حالات مجھے نہیں ملے پھر لکھا کہ سفیان بن مسلم مجہول ہے۔(نورالعینین ص 314، 555)

تحقیقی جائزہ: اولاً یہ کاتب کی غلطی ہے اصل میں سفیان عن مسلم الجھنی تھا مثلاً سفیان

عن مسلم الجھنیؒ قال رأیت ابن ابی لیلی الخ تصریحاً موجود ہے (الطبقات لابن سعد ج 6 ص 167، 169، المعرفۃ والتاریخ للفسوی ج 3 ص 134)

ثانیاً سفیان عن مسلم الجھنیؒ قال کان ابن ابی لیلی یرفع یدیہ اول شئی اذا کبر کے صاف الفاظوں سے یہ روایت موجود ہے دیکھئے (شرح ابی داؤد للعینی ج 3 ص 302 والبنایہ شرح ھدایہ للعینی ج 2 ص 261)

ثالثاً امام مسلم بن سالم ابوفروہ الجھنیؒ معروف راوی ہیں مجہول نہیں بلکہ صحیح بخاری و صحیح مسلم وغیرھما کا ثقہ صدوق راوی ہے۔ دیکھئے

(1) تھذیب لابن حجر ج 10 ص 130 (2) تقریب لابن حجر ج 1 ص 529 رقم 6627)

یہ جناب کی صاف جہالت ہے اب جو جئے یا مرے یہ حقیقت دیکھ کر۔

جہالت نمبر (5) نام نہاد محقق نے لکھا کہ عثمان بن سوادہ بن عباد کے حالات اخبار الفقہاء والمحدثین کے علاوہ کسی کتاب میں نہیں ملے۔ (نور العینین ص 207)

تحقیقی جائزہ: عثمان بن سوادہ بن عبادؒ کے حالات اخبار الفقہاء والمحدثین کے علاوہ تاریخ علماء الاندلس لابن الفرضی ص 242 رقم 890 پر مع توثیق موجود ہیں یہ جناب کی جہالت کا ثبوت ہے اب جو جئے یا مرے وہ حقیقت دیکھ کر

جہالت نمبر (6) نام نہاد محقق نے لکھا کہ اخبار الفقہاء والمحدثین نامی کتاب کے شروع (ص 7) میں اس کتاب کی کوئی سند مذکور نہیں لہٰذا اس کتاب کا محمد بن حارث القیروانی کی کتاب ہونا ثابت نہیں ہے۔ (نور العینین ص 206)

تحقیقی جائزہ: (1) اگر کتاب کے شروع میں سند نہ ہو تو مصنف سے کتاب کا ثبوت نہیں ہوتا تو مستدرک حاکم کی بھی شروع میں کتاب کی سند مذکور نہیں تو کیا اس کا انکار کریں گے بلکہ اس کتاب کی سند (فھرست ابن خیر ج 1 ص 390 رقم 1281) پر موجود ہے اور مستدرک امام حاکم کی کتاب بلا اختلاف ثابت ہے

(2) اسی طرح اخبار الفقہاء والمحدثین امام محمد بن حارث قیروانی کی کتاب کی سند ثابت

ہے(فہرست ابن خیر ج 1ص 393رقم 1301) پر موجود ہے یہ نام کے محقق کی واضح ترین جہالت ہے اب جو جئے یا مرے یہ حقیقت وتحقیق دیکھ کر۔

جہالت نمبر (7) نام نہاد محقق نے لکھا کہ محمد بن حارث کی کتابوں میں اخبار القضاۃ والمحدثین کا نام تو ملتا ہے مگر اخبار الفقہاء والمحدثین کا نام نہیں ملتا۔(نور العینین ص 208)

تحقیقی جائزہ: ائمہ محدثین نے اخبار الفقہاء والمحدثین نامی کتاب کو امام محمد بن حارث قیروانی کی کتاب اور انکی تصانیف میں ذکر کیا ہے دیکھئے

(1)تاریخ ابن یونس ج 2ص 265،267 (2)فضائل اندلس لابن حزم ج 1ص 17

(3)جذوۃ المقتبس للحمیدی ص 47 (4)بغیۃ الملتمس للضبی ص 61

(5)رسائل ابن حزم ج2 ص184 (6)معجم الادباء للحموی ج 6ص2479 وغیرھا

لہذا جناب کی یہ روز روشن کی طرح جہالت ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

جہالت نمبر (8) نام نہاد محقق نے لکھا کہ (حدیث ابن عمر بروایۃ الخلافیات للبیہقی کی سند میں) محمد بن غالب اگر تمتام ہے تو 283ھ کو فوت ہوئے ہیں۔ (نور العینین ص87)

تحقیقی جائزہ: یہ محمد بن غالب ابوعبداللہ الفقیہ المحدث الحافظ القرطبی المالکی متوفی 295 یا296ھ ہیں۔

(1)جذوۃ المقتبس للحمیدی ص 81 (2)بغیۃ الملتمس للضبی ص119 رقم249

(3)الدیباج لابن فرحون ج 1ص9 وغیرھا (4) خلافیات للبیہقی ج 2ص386

(5)تاریخ الاسلام للذھبی ج 22ص288 رقم468 (6) سیر اعلام النبلاء للذھبی ج11 ص169رقم2569

(7) تاریخ علماء الاندلس لابن الفرضی ص 22، رقم1148

لہذا یہ جناب کی جہالت علمی ہے

جہالت نمبر (9) نام نہاد محقق کے خود ساختہ شیخ العرب والعجم بدیع الدین راشدی پیر جھنڈا صاحب نے لکھا کہ عباد بن منصور مع غنجار صاحب تاریخ البخاری (جزء منظوم فی اسماء المدلسین للبدیع الدین ص91المرتبہ الرابعہ) یعنی امام غنجار چوتھے مرتبہ کا مدلس ہے اور وہ صاحب تاریخ بخاری ہے۔

تحقیقی جائزہ: ائمہ نے امام عیسی بن موسی ابواحمد البخاری الازرق غنجار 186ھ کو اس مرتبہ رابعہ کے مدلسین میں شمار کیا ہے۔

(1)طبقات المدلسین لابن حجر ص73 (2) التبیین لاسماء المدلسین لابن العجمی ص45

اور یہ صحیح بخاری معلقاو صحیح ابن ماجہ کے راوی ہیں اور جبکہ صاحب تاریخ بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن احمد البخاری غنجار متوفی 412ھ ہے.

(1)مناقب موفق مکی ج1 ص77 (2)تذکرۃ الحفاظ ج3 ص170 رقم966
(3)العبر للذھبی ج 1 ص 422وغیرھا

لہٰذا یہ نام نہاد شیخ العرب والعجم کی صاف جہالت ہے۔اب جو جئے یا مرے یہ حقیقی تحقیق دیکھ کر۔فتدبر

جہالت نمبر (10) نام نہاد محقق نے جزء منظوم فی اسماء المدلسین للبدیع الدین راشدی پیر جھنڈا کو اپنی تحقیق و تعلیق سے الفتح المبین فی تحقیق طبقات المدلسین کے ساتھ مکتبہ اسلامیہ 1426ھ میں طبع کرایا مگر عباد بن منصور مع غنجار صاحب تاریخ البخاری کی عبارت پر اعتراض نہیں کیا موافقت کی ہے دیکھئے۔(الفتح المبین فی طبقات المدلسین ص 91 المرتبہ الرابعہ)

تحقیقی جائزہ: یہ امام عیسی بن موسی غنجار ہیں نہ کہ محمد بن احمد غنجار یہ جناب کی واضح جہالت ہے اور جناب جاہل استاد کے جاہل شاگرد ہوئے اب جو جئے یا مرے وہ حقیقی تحقیق دیکھ کر۔فتدبر

﴿دوغلی پالیسیاں﴾

دوغلی پالیسی نمبر (1) نام نہاد محقق نے ایک مقام پر امام ابو یوسفؒ القاضی کو محدثین کے حوالہ سے ضعیف و مجروح لکھا ہے۔(الحدیث ش 19 ص 53 تعداد رکعات فی قیام رمضان ص 90)

دوسرے مقام پر اپنے نظریے کی تکمیل کے لئے ان سے منسوب روایت کو وسندہ صحیح کہا ہے (نصرالباری ص 199 والحدیث ش 19 ص 54) یہ جناب کی دوغلی پالیسی ہے اب جو جئے یا مرے یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (2) نام نہاد محقق نے ایک مقام پر امام شہر بن حوشب کے متعلق لکھا کہ اس پر کافی کلام ہے۔(نور العینین ص 211)

پھر دوسرے مقام پر اپنے مطلب کی روایت میں ان کے متعلق لکھا کہ میری تحقیق میں یہ

راوی حسن الحدیث ہے اور جمہور محدثین نے اسے ثقہ وصدوق قرار دیا ہے لہٰذا وہ حسن الحدیث ہے (الحدیث ش 17 ص 25 و ش 22 ص 5) یہ جناب کی دوغلی پالیسی ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (3) نقلی محقق نے لکھا کہ علی بن الجعد اہل سنت والجماعت سے خارج شیعہ ومجروح غیر مقبول ہے۔ (تعداد رکعات قیام رمضان ص 31، 77، وامین اوکاڑوی کا تعاقب ص 65)

دوسرے مقام پر اپنے مطلب کی روایت کو وسندہ صحیح کہا ہے (الحدیث ش 17 ص 21) حالانکہ اس میں وہی علی بن الجعد موجود ہے یہ نقلی محقق دوراں کی دوغلی پالیسی ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر۔

دوغلی پالیسی (4) جعلی محقق نے ایک مقام پر مذھب کے خلاف حدیث کو موضوع اور اس میں محمد بن جابر یمامی کو سخت ضعیف ومجروح قرار دیا۔ (الحدیث ش 23 ص و نور العینین ص 138)

پھر دوسرے مقام پر اپنے نظریہ کے ثبوت پر ان کی روایت کو وسندہ صحیح کہا ہے (نصر الباری ص 241) یہ جناب کی دوغلی پالیسی نہیں تو کیا ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (5) نام نہاد محقق نے ایک مقام پر امام ابومقاتل حفص بن سلم کو کذاب وضاع ضعیف قرار دیا (نور العینین ص 35 الحدیث ش 27 ص 21) پھر دوسرے مقام پر اپنے مطلب کی تکمیل کے لئے ان کی روایت کو قبول کیا ہے (ھدایۃ المسلمین ص 20) یہ جناب کی دوغلی پالیسی ہے۔

دوغلی پالیسی نمبر (6) نام نہاد محقق نے ایک مقام پر امام مسلمہ بن قاسم کے متعلق لکھا کہ یہ بذات خود ضعیف ہے۔ (الحدیث ش 16 ص 35) دوسرے مقام پر اپنے مذھب کے اثبات کے راوی کی ثقاہت کو امام مسلمہ بن قاسم سے قبول کیا ہے (القول المتین ص 22) یہ جناب کی دوغلی پالیسی ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (7) نام نہاد محقق نے ایک مقام پر امام ابواسحاق الدبری کے متعلق لکھا کہ مصنف عبدالرزاق کا راوی الدبری ضعیف ومصحف ہے۔ (تعداد رکعات قیام

رمضان ص 47) دوسرے مقام پر اپنے مذہب کے اثبات کی روایت کو موضوع قرار دیا ہے (الحدیث ش 17 ص 43) کیا یہ جناب کی دوغلی پالیسی نہیں ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (8) نقلی محقق نے ایک مقام پر امام قاضی احمد بن کامل کے متعلق لکھا کہ احمد بن کامل بذات خود ضعیف ہے کسی قابل اعتماد محدث سے اس کی معتبر توثیق ثابت نہیں ہے۔ (الحدیث ش 19 ص 46) دوسرے مقام پر اپنے باطل نظریئے کی تکمیل میں لکھا کہ احمد بن کامل موثق عندالجمہور ہونے کی وجہ سے صدوق حسن الحدیث ہیں۔ (تحقیقی مقالات ج 1 ص 535 والحدیث ش 55 ص 30،31) یہ جناب کی دوغلی پالیسی بالکل واضح ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (9) نام نہاد محقق نے ایک مقام پر اپنے مذھب کی پاسداری میں محدثین کی جرح لفظ غیر محفوظ کو غیر مفسر جرح قرار دیا ہے۔ (فاتحہ خلف الامام ص 22)

دوسرے مقام پر اپنے مذھب کے خلاف حدیث میں امام بخاری امام دار قطنی کی جرح لفظ غیر محفوظ کو مفسر جرح قرار دیا اور قبول کیا ہے (نور العینین ص 131، 170) کیا یہ جناب کی دوغلی پالیسی نہیں ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

دوغلی پالیسی نمبر (10) نام نہاد محقق نے لکھ رکھا ہے کہ یہ عام طالب علموں کو بھی معلوم ہے کہ غیر صحیحین میں مدلس کی عن والی روایت ضعیف ہوتی ہے۔ (الحدیث ش 32 ص 15، ش 53 ص 15) دوسرے مقام پر اپنے مذھب کے ثبوت کے لئے مکحول جیسے مدلس کی عن والی حدیث کو حسن وصحیح کہا ہے (تسہیل الوصول ص 168) حالانکہ امام مکحول کو (1) امام ابن حبان (2) امام ذھبی (3) امام علائی (4) امام محمود مقدسی (5) امام ابن العراقی (6) امام احمد البوصیری (7) امام ابن حجر (8) امام سیوطی وغیرہم نے صاف مدلس قرار دیا ہے کما لا یخفی علی اہل العلم کیا یہ جناب کی دوغلی پالیسی نہیں ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

تلک عشرۃ کاملۃ

﴿خیانتوں کا ذکر﴾

(1) پہلی خیانت : جعلی محقق نے لکھا کہ امام ابن معینؒ نے سفیان ثوریؒ کو مدلس کہا ہے اور یہ بھی ان سے نقل کیا کہ مدلس اپنی تدلیس معنعن روایت میں حجت نہیں ہوتا (نور العین ص 134، ص 138)

جبکہ امام ابن معینؒ نے امام سفیان ثوریؒ کو اس درجہ کا مدلس کہا ہے جس کی تدلیس صحت حدیث کے منافی نہیں ہوتی اور امام ابن معینؒ نے امام سفیان عن سعد بن ابراھیم کے طریق سے مروی معنعن حدیث کو علی الاعلان ھو صحیح قرار دیا ہے۔(تاریخ ابن معین بروایۃ الدوری ج 1 ص 197 رقم 1371 و سندہ صحیح)

امام ابن معینؒ کا یہ فیصلہ نقل نہ کر کے جعلی محقق نے واضح خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے یہ حقیقت دیکھ کر

(2) دوسری خیانت: نقلی محقق نے لکھا کہ امام ابوداوٗد نے امام یزید بن ابی زیاد پر جرح کی ہے۔(نور العین ص 145)

جبکہ امام ابو داوٗد نے ان کو ثبت لا اعلم احدا ترک حدیثہ کے واضح توثیقی کلمات ارشاد فرمائے ہیں لفظ ثبت اعلی توثیقی کلمہ ہے۔دیکھئے (سوالات الآجری عن ابی ابو داؤد ج 1 ص 158 رقم 139 و شرح ابن ماجہ للمغلطائی ج 1 ص 1470 ج 3 ص 351)

نقلی محقق نے امام ابوداوٗدؒ سے مکمل الفاظ نقل نہ کر کے یقیناً خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر

(3) تیسری خیانت : جعلی محقق نے لکھا کہ امام دارقطنیؒ نے حدیث ابن مسعودؓ کو غیر محفوظ وضعیف کہا ہے۔(نور العین ص 131)

جبکہ امام دارقطنیؒ نے حدیث ابن مسعودؓ من طریق سفیانؒ کو اسنادہ صحیح قرار دیا ہے۔ دیکھئے (علل الحدیث للدارقطنی ج 5 ص 172)

جعلی محقق نے امام دارقطنیؒ سے اسنادہ صحیح نقل نہ کرے کے واضح خیانت کی ہے اب جو

جئے یا میرے وہ یہ حقیقت دیکھ کر۔

(4) چوتھی خیانت: خودساختہ محقق نے لکھا کہ امام حاکمؒ نے امام سفیان ثوریؒ کو طبقہ ثالثہ کا مدلس کہا ہے۔(نور العینین ص 138)

جبکہ امام حاکمؒ نے ان کو جنس ثالث کا مدلس کہا ہے۔(معرفت علوم الحدیث ص 106) اور یاد رہے یہ ان کی اوائل عمر کی تصنیف ہے اور امام حاکمؒ کے نزدیک جنس ثالث کی تدلیس طبقہ اولی و ثانیہ کی ہوتی ہے اسی لئے اپنی اواخر عمر کی تصنیف میں سفیان عن الاعمش کے طریق سے مروی معنعن حدیث کو ڈنکے کی چوٹ پر صحیح علی شرط الشیخین قرار دیا ہے دیکھئے (المستدرك للحاکم ج 1 ص 127 رقم 196) وغیرہ

امام حاکمؒ کا آخری فیصلہ جناب نے نقل نہ کر کے بڑی خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے یہ حقیقت دیکھ کر

(5) پانچویں خیانت: نام نہاد محقق نے لکھا کہ امام ابن الترکمانی حنفیؒ نے سفیان (ثوریؒ) کو مدلس کہا ہے۔(نور العینین ص 134)

جبکہ امام حافظ ابن الترکمانی حنفیؒ نے مخالف کو متنبہ کرنے کیلئے مدلس کہا اور من طریق سفیان الثوری عن عاصم بن کلیب حدیث ابن مسعودؓ کو فان ابن حزم صححہ وحسنہ الترمذی نقل کیا اور خود یہ فیصلہ فرمایا کہ والحاصل انہ رجال ھذا الحدیث علی شرط مسلم (الجوھر النقی ج 2 ص 77، ص 78)

نام نہاد محقق نے یہ فیصلہ نقل نہ کر کے قطعاً خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے اس حقیقت کو دیکھ کر

(6) چھٹی خیانت: جعلی محقق نے لکھا کہ امام علائیؒ نے سفیان ثوریؒ کو مدلس کہا ہے (نور العینین ص 135)

جبکہ امام علائی شافعیؒ نے امام سفیان ثوریؒ کو طبقہ ثانیہ کا مدلس کہا ہے دیکھئے (جامع التحصیل ص 113) اور امام علائیؒ نے واضح فیصلہ فرمایا کہ لان جماعۃ من الائمۃ الکبار دلسوا وقد اتفق الناس علی الاحتجاج بھم ولم یقدح التدلیس فیھم کقتادۃؒ

و الاعمشؒ والسفیانین الثوریؒ و ابن عیینۃؒ و ھشیم بشیرؒ و خلق کثیر ۔ (جامع التحصیل للعلائی ص 98، ص99)

جناب نے یہ فیصلہ نقل نہ کر کے واضح خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے اس حقیقت کو دیکھ کر

(7) ساتویں خیانت: جعلی محقق نے لکھا کہ امام ذھبیؒ نے امام سفیان ثوریؒ کو مدلس کہا ہے۔ (نور العینین ص 134)

جبکہ امام ذھبیؒ نے اس درجے کا مدلس کہا جس کی تدلیس صحت حدیث کے منافی نہیں ہوتی اور خود من طریق سفیان الثوری عن زبید کی معنعن حدیث کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔ دیکھئے (التلخیص المستدرک ج 1 ص88 رقم 194)

جعلی محقق نے امام ذھبیؒ اصلی کا یہ فیصلہ نقل نہ کر کے بہت بڑی خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے اس حقیقت کو دیکھ کر۔

(8) آٹھویں خیانت: نقلی محقق نے لکھا کہ امام ھیثمیؒ نے امام یزید بن ابی زیاد کو ضعیف کہا ہے۔ (نور العینین ص145)

جبکہ امام ھیثمی شافعیؒ نے امام یزید بن ابی زیادؒ کو حسن الحدیث کہا ہے۔ (مجمع الزوائد ج 8 ص258 رقم 12946 و ج 10 ص 175 رقم 17376) اور فرمایا و ھشیم و یزید کلاھما من اھل الصحیح (مجمع الزوائد ج 2 ص198 رقم 3207)

نقلی محقق نے امام ھیثمیؒ کا یہ فیصلہ نقل نہ کر کے خیانت عظیمہ کی ہے اب جو جئے یا مرے اس حقیقت کو دیکھ کر

(9) نویں خیانت: جعلی محقق نے لکھا کہ امام عراقیؒ نے امام سفیان ثوریؒ کو مدلس کہا ہے (نور العینین ص 135)

جبکہ امام عراقی شافعیؒ نے امام سفیان ثوریؒ کو اس درجے کا مدلس کہا ہے جن کی تدلیس صحت کے منافی نہیں ہوتی پھر خود من طریق الثوری عن ایوب کی معنعن حدیث کو ڈنکے کی چوٹ ھو صحیح محفوظ قرار دیا ہے۔ دیکھئے (طرح التثریب ج 5 ص 44)

جعلی محقق نے امام عراقیؒ کا یہ فیصلہ نقل نہ کر کے واضح خیانت کی ہے اب جو جئے یا مرے
اس حقیقت کو دیکھ کر

(10) دسویں خیانت : جعلی محقق نے لکھا کہ امام عینی حنفیؒ نے بھی سفیان ثوری کو
مدلس کہا ہے۔ (نور العینین ص 136)

جبکہ امام محمود بن احمد العینی الحنفیؒ نے مخالفین کو بطور الزام مدلس بتایا مگر خود حدیث ابن مسعودؓ
من طریق سفیان الثوری عن عاصم بن کلیبؒ کو اسنادہ صحیح قرار دیا ہے اور ائمہ سے صحت نقل
کی ہے۔ دیکھئے (نخب الافکار ج 2 ص 601 و شرح ابی داؤد ج 3 ص 298 و ص 341
والبنایہ شرح الهدایۃ للعینی ج 2 ص 256 وغیرها)

جناب جعلی محقق نے امام حافظ عینیؒ کا اپنا فیصلہ نقل نہ کر کے واضح ترین خیانت کی ہے اب
جو جئے یا مرے اس حقیقت کو دیکھ کر

﴿اہل سنت والجماعت حنفیہ کا دعوی و عمل اور تحقیق﴾

امام اعظم فی الانبیاء محمد عربی ﷺ نے چار رکعات نماز میں کل (28) اٹھائیس مرتبہ رفع
الیدین کی ہے یہ آپ ﷺ سے کتب صحاح ستہ وغیرها کی احادیث سے ثابت ہے لیکن
آپ ﷺ نے اس پر مواظبت دوام ہمیشگی نہیں فرمائی کیونکہ نماز کے احکام تبدیل ہوئے تو
بتدریج تکبیر تحریمہ کی رفع یدین کے علاوہ یعنی رکوع و سجود اور اذا قام بین الرکعتین
و اذا قام من الرکعتین والی رفع الیدین منع منسوخ و متروک ہوگئی صرف تکبیر تحریمہ والی
رفع الیدین سالم عن النسخ والترک ہے اور یہ فیصلہ آپ ﷺ کی قولی فعلی سنت اور ادلہ اربعہ
سے ثابت ہے اور اس پر تقریبا ایک ہزار سے زائد احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ باسانید
و بلا اسانید موجود ہیں اور یہی قول و عمل اور مذھب بلاد اسلامیہ میں سے اہل کوفہ کا ہے
جن میں 1500 پندرہ سو صحابہؓ اور 4000 تابعی محدث اور 400 سو فقہاء تابعی
اصحاب علیؓ و ابن مسعودؓ ہیں اور ائمہ اربعہ میں سے امام اعظم فی الفقہاء ابوحنیفہ تابعیؒ و امام
مالک بن انسؒ المدنی کے علاوہ ان کے بے شمار مقلدین کروڑوں و لاکھوں فقہاء

ومحدثین وصلحاء وعلماء عوام جو جمہور امت ہیں قدیما وحدیثا عامل رہے ہیں اور عامل ہیں۔

﴿تکبیر تحریمہ والی رفع الیدین شعار اصحاب الحدیث ہے﴾

(1) امام ابواحمد محمد الحاکم الکبیرؒ م 338 ھ نے سیدنا ابوحمید الساعدیؓ کی حدیث صحیح جس میں صرف تکبیر تحریمہ والی رفع یدین کا ثبوت وذکر ہے اور جس پر اہل السنت والجماعت حنفیہ ومالکیہ فقہاء محدثین صلحاء علماء اور عوام کا عمل اور ان کا شعار ہے تخریج فرمائی ہے دیکھئے (شعار اصحاب الحدیث للحاکم الکبیر ج 1 ص 55 رقم 69 باب کیفیة الصلاة)

﴿امام ابواحمد الحاکم الکبیرؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے انکو محدث خراسان الامام الحافظ الجھبذ امام عصرہ وکان مقدما فی العدالة الامام الحافظ العلامة الثبت قرار دیا ہے۔

(1) تذکرہ الحفاظ للذہبی ج 3 ص 123 (2) سیر اعلام النبلاء للذہبی ج 12 ص 363

(2) قال الامام الحافظ المحدث عبدالملک الجوینی ھو الامام الحرمین الشافعی متوفی 478 ھ

فصل رفع الیدین مع التکبیر سنة وھو شعار من الصلاة متفق علیه فی ھذا المحل۔

(نہایہ المطلب فی درایة المذھب ج 2 ص 133 رقم 803)

"امام الحرمینؒ فرماتے ہیں کہ رفع الیدین تکبیر (تحریمہ) کے ساتھ کرنا سنت ہے اور یہ شعار نماز میں سے ہے اس مقام پر اتفاقی ہے"

﴿امام الحرمین کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے ان کو الامام الکبیر شیخ الشافعیة صاحب التصانیف امام الائمہ علی الاطلاق مجمعا علی امامته شرقا وغربا لم تری العیون مثله قرار دیا ہے۔

(1) سیر اعلام النبلاء للذہبی ج 14 ص 17 (2) طبقات الشافعین لابن کثیر ج 1 ص 466

﴿رکوع وسجود وغیرہ کی رفع الیدین کے منع نہی پر ائمہ سلف نے حدیث ابی حمیدؓ سے دلیل پکڑی ہے﴾

(1) امام ابن حبان متوفی 354 ھ کے زمانے میں فقہاء ومحدثین اہل السنت والجماعت

حنفیہ ومالکیہ نے حدیث ابی حمید الساعدیؓ سے منع ونفی رفع یدین عندالرکوع والسجود وغیرہ پراحتجاج کیا ہے مثلا(1) قال الامام الحافظ المحدث ابو حاتم ابن حبانؒ ذکر خبر احتج به ...ونفی رفع یدین فی الصلاۃ فی المواضع التی وصفناها اور پھر حدیث ابی حمید الساعدیؓ بخاری کے متن وسند والی پیش فرمائی ہے دیکھئے۔(صحیح ابن حبان ج 5ص 185، 186، رقم الحدیث 1869واسناده صحیح علی شرط البخاری)

﴿امام محمد ابن حبان کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے ان کوالحافظ الامام العلامة كان ثقة نبيلافهما الشافعی قرار دیا ہے۔

(1)تذکرۃ الحفاظ ج 3ص 89 (2) طبقات الحفاظ ص 374)

(2)امام حافظ علی ابن بلبان الفارسیؒ متوفی 739ھ نے بھی امام ابن حبان کی عبارت کو بلا نکیر نقل کیا ہے۔ دیکھئے الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان ص 581رقم الحدیث 1869 ذکر خبر احتج به الی ان قال ونفی رفع الیدین فی الصلاۃ و فی المواضع التی وصفناها

﴿امام ابن بلبانؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے انکوالامیر الفقیہ وکان امامافقیها بارعا محدثا وکان جیدالفهم وافرالحلالة قرار دیا ہے۔

(1)النجوم الظاهرة ج 9ص 321 (2)الدرر الكامنة ج4 ص 37

فائدہ: بتصریح امام ابواحمد الحاکمؒ وامام الحرمینؒ تکبیر تحریمہ والی رفع یدین شعار اصحاب الحدیث وشعار نماز ہے اور بتصریح امام ابوحاتم ابن حبانؒ وابن بلبانؒ رکوع وسجود کی رفع یدین کی نفی پر اس حدیث سے (فقہاء ومحدثین حنفیہ ومالکیہ نے) احتجاج واستدلال کیا ہے اور یہ حدیث صحیح بخاری میں موجود ہے۔(صحیح بخاری ج1 ص 114) وللہ الحمد

﴿ترک رفع الیدین پر ابحاث ابواب وکتابیں اور اثبات رفع یدین کی کتب پر تحقیقی تبصرہ و جائزہ﴾

(1) مثلاً امام بخاریؒ نے اثبات رفع یدین عندالرکوع والسجود وغیرہ پر جزء رفع الیدین نامی کتاب لکھی ہے(نور العینین ص 54) یہ کتاب مطبوعہ بھی ہے۔

(2) امام ابوبکر البزارؒ نے بھی اثبات رفع یدین پر کتاب لکھی ہے(نور العینین ص 57) یہ کتاب مطبوعہ نہیں ہے۔

(3) امام محمد بن نصر المروزیؒ نے بھی چار جلدوں میں اثبات رفع یدین پر کتاب لکھی ہے (نور العینین ص 57) یہ بھی مطبوعہ نہیں ہے۔

(4) امام ابونعیم اصبہانیؒ نے بھی اثبات رفع یدین پر کتاب لکھی ہے(نور العینین ص 57) یہ بھی مطبوعہ نہیں ہے۔

(5) امام ابن القیم نے بھی اثبات رفع یدین پر کتاب لکھی ہے(نور العینین ص 57) یہ مطبوعہ ہے۔

(6) امام تقی الدین سبکی نے بھی جزء رفع یدین پر کتاب لکھی ہے۔(نور العینین ص 57) یہ بھی مطبوعہ ہے۔

تنبیہ: یاد رہے ائمہ مذکورین شافعی المذہب سوائے ابن القیم کے یہ حنبلی المذہب ہیں ان حضرات کی اثبات رفع یدین والی کتب درحقیقت باب رفع یدین کی قبیل سے ہیں یعنی ثبوت رفع یدین کا باب اور پھر ان کے اندر احادیث اثبات رفع یدین کا ذکر کرنا ہے۔

﴿تحقیقی تبصرہ و جائزہ ملاحظہ ہو﴾

(1) امام ابراھیم نخعی تابعی الکوفیؒ و33ھ یا 37ھ م96ھ نے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح پر امام عمرو بن مرہؒ وغیرہ کے سامنے رکوع وسجود کی حدیث وائل بن حجرؓ کے مقابلے میں ترک رفع الیدین کی حدیث ابن مسعودؓ کو پیش کیا ہے۔

فائدہ: امام ابراھیم نخعیؒ نے امام بخاریؒ کی پیدائش کے 98 سال پہلے ہی ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کر دیا ہے۔ دیکھئے۔

(1) کتاب الآثار لابی حنیفہ بروایۃ ابویوسف القاضی ص21 رقم105 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

(2)موطا امام محمد ج1 ص 58رقم108 باب افتتاح الصلاۃ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

(3)کتاب الحجۃ لامام محمد ج1 ص 96باب افتتاح الصلاۃ مطبوعہ عالم الکتب بیروت 1403ء

(4)مسند ابن الجعد ج2 ص778، 779،رقم 2065مطبوعہ مکتبہ الفلاح الکویت

(5)جامع المسانید الامام الاعظم بروایۃ الخوارزمی ج1ص358،412، مطبوعہ حیدرآباد دکن ومکۃ المکرمۃ1322ھ

(6)السنن الدارقطنی ج1 ص293 رقم 1108مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت 1424ھ

(7)مسند ابی حنیفہ بروایۃ الحسن بن زیاد ص12 ،13،مطبوعہ شرکۃ العلمیہ

(8)السنن الطحاوی ج1 ص154

(9)مسندابی حنیفہ بروایۃ حصکفی ص 16تا 419

(10)جزء رفع الیدین للبخاری ص45 رقم71

(11)المعجم الکبیر للطبرانی ج22 ص12 رقم78

(12)مسند ابی حنیفہ بروایت الحارثی البخاری ص177

(13)السنن الکبری للبیھقی ج 2ص151 رقم2536

(14)شرح مسندابی حنیفہ للعلی القاری ج 1ص 38

(15)الجوھرالنقی لابن ترکمانی ج2 ص79

(16)اتحاف المھرۃ لابن حجر ج 13ص658

(17)شرح ابی داؤد للعینی ج3 ص345

(18)تنقیح التحقیق لابن عبدالھادی ج2 ص140

(19)نصب الرایہ للزیلعی ج 1ص 397

(20)سبل الھدی والرشاد للصالحی ج 8ص 155

(21)اللباب فی الجمع بین السنۃ والکتاب للمنبجی ج1 ص232

(22)المعتصر للملطی ج1 ص36 (23)المغنی ج 1ص 358وغیرھا (و للہ الحمد)

﴿امام ابراھیم نخعیؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام صحیحین وسنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کو فقیہ العراق و کان صیرفیاً فی الحدیث اجمعوا علی توثیقہ وجلالتہ و براعتہ فی الفقہ قرار دیا ہے۔

(1)تذکرۃ الحفاظ ج1 ص59 (2)تھذیب الاسماء ج 1ص104)

(3)صحیح البخاری ج 1 ص 15 رقم 32 (4)صحیح مسلم ج 1 ص 93 رقم 148

یاد رہے: امام ابراہیم النخعی نے امام بخاریؒ کی پیدائش سے 98 سال پہلے ترک رفع الیدین کو سندا متواتر قرار دیا ہے۔ دیکھئے (مسند ابی حنیفہ وغیرہ) وللہ الحمد

(2) امام اعظم ابوحنیفہؒ تابعی الکوفیؒ و 61ھ او 70ھ او 80ھ متوفی 150ھ نے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح پر امام اوزاعیؒ سے بحث کرتے ہوئے ثبوت رفع الیدین رکوع وغیرہ والی حدیث ابن عمرؓ کے مقابلے میں ترک الرفع الیدین والی حدیث ابن مسعودؓ کو پیش کیا ہے۔

فائدہ: امام ابوحنیفہؒ نے امام بخاریؒ کی پیدائش کے 54 سال پہلے ہی ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کر دیا ہے۔

(1)مسند ابی حنیفہ بروایۃ الحارثی البخاریؒ ص 144 (2)مناقب موفق مکی ج 1 ص 130، 67،68
(3)مسند ابی حنیفہ بروایۃ الحصکفی ص رقم 18 (4)جامع المسانید الامام الاعظم للخوارزمی ج 1 ص 441
(5)مناقب کردری ج 1 ص 174، 191 (6)فتح القدیر لابن الھمام ج 1 ص 311 باب صفۃ الصلاۃ
(7)شرح سنن ابن ماجہ للسیوطی ج 1 ص 62 (8)مرقاۃ علی المشکوۃ للعلی القاری ج 2 ص 656
(9)شرح نخبۃ الفکر للعلی القاری ج 1 ص 263 (10)البحر الرائق لابن نجیم ج 1 ص 341 آداب الصلاۃ
(11) شرح مسند ابی حنیفہ للعلی القاری ج 1 ص 37 (12)قواعد التحدیث للقاسمی ج 1 ص 330، 343
(13)الانصاف للشاہ ولی اللہ ج 1 ص 32، 58 (14)حجۃ اللہ البالغہ للشاہ ولی اللہ ج 1 ص 248، 259
(15)مقدمہ الاصابۃ لابن حجر ج 1 ص 59 (16)البنایۃ شرح الھدایۃ للعینیؒ ج 2 ص 262
(17)التقریر والتحبیر لابن امیر الحاج ج 3 ص 27 (18)حاشیۃ العطار علی شرح الجلالین ج 2 ص 406
(19)المبسوط للسرخسی ج 1 ص 14 (20)تبیین الحقائق للزیلعی ج 1 ص 120
(21)العنایۃ شرح الھدایۃ للبابرتی ج 1 ص 310 (22)حاشیۃ علی شرح العنایۃ للسعدی ج 1 ص 269

﴿امام ابوحنیفہ نعمان تابعی کوفیؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام اور ائمہ اربعہ میں امام اعظم صحیح نسائی و صحیح ترمذی کے راوی ہیں۔ ائمہ نے انکو الامام الاعظم فقیہ العراق رای انس بن مالك غیر مرۃ و کان اماما ورعا عالما عاملا متعبدا کبیر الشان و لا بأس بہ و کان ابو حنیفہ ثقۃ فی الحدیث

قرار دیا ہے۔

(1)تذکرہ الحفاظ ج 1 ص 126 (2) تھذیب لابن حجر ج10 ص449)

(3)امام سفیان ثوریؒ و95یا96یا97یا98ھ م161ھ نے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح پر امام اوزاعیؒ سے بحث کرتے ہوئے ثبوت رفع الیدین عند الرکوع والی حدیث ابن عمرؓ کے مقابلے میں ترک الرفع الیدین بعد الافتتاح والی حدیث براء بن عازبؓ کو پیش کیا ہے۔

فائدہ: امام سفیان ثوریؒ نے امام بخاری کی پیدائش کے 33 سال پہلے ہی ترک الرفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کردیا ہے۔ دیکھئے

(1)سنن الکبری للبیھقی ج 2ص 117 (2)فتح الباری لابن رجب ج6 ص329
(3)طرح التثریب للعراقی ج2 ص255 (4)البدر المنیر لابن ملقن ج3 ص502
(5)الجوھر النقی لابن الترکمانی ج2 ص82 (6)المجموع للنووی ج 3ص405
(7)خلافیات للبیھقی ج2 ص 367 (8)مختصر خلافیات بیھقی لاحمد بن فرح ج 2ص80
(9)تاریخ دمشق لابن عساکر ج 35ص 169 (10)مختصر تاریخ دمشق لابن منظور ج 14ص 319
(11)فھرست لابن ندیم ص 373

امام سفیان ثوریؒ کا مختصر تعارف

یہ مشہور امام ہیں اور صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کو الامام شیخ الاسلام سید الحفاظ الکوفی الفقیہ ثقۃ حافظ فقیہ عابد امام حجۃ و کان ثقۃ ماموناعابدا قرار دیا ہے۔

(1) تذکرۃ الحفاظ ج 1ص 151 (2)تقریب لابن حجر ج1 ص244

(4)امام محمد بن حسن شیبانیؒ و132ھ م189ھ نے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثبوت رفع الیدین والی حدیث ابن عمرؓ کے مقابلے باب افتتاح الصلاۃ میں ناسخ و منسوخ کے اصول کے تحت احادیث ترک رفع الیدین پیش فرما کر بحث کی ہے۔

(1)موطا محمد ج 1ص 57 باب افتتاح الصلاۃ (2)کتاب الحجۃ لامام محمد ج 1 ص94 باب افتتاح الصلاۃ

(3)الاصل المعروف بالمبسوط ج1 ص 13باب افتتاح الصلاۃ وغیرھا

فائدہ: امام محمد بن حسنؒ نے امام بخاریؒ کی پیدائش کے 5 سال پہلے ہی ترک رفع الیدین بعد

الافتتاح کو ثابت کر دیا ہے اور اگر ان احادیث کو الگ کر کے طبع کیا جائے تو یہ مستقل ترک رفع الیدین کی جزء ہے۔ وللہ الحمد

﴿امام محمد بن حسن الشیبانیؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے انکو: الشیبانی الکوفی الفقیه العلامة مفتی العراق احد الاعلام و کان اماما مجتهدا من الاذکیاء الفصحاء الفقیه العلامة شیخ الاسلام واحد العلماء الاعلام و کان اماما فقیها محدثا مجتهدا وثقة صدوق قرار دیا ہے۔

(1) تاریخ الاسلام ج12 ص358 (2) النجوم الزاهرة ج 2 ص130
(3) تاریخ بغداد ج 2 ص561

(5) امام ابن القاسم المصریؒ ولد 119ھ متوفی 191ھ نے ترك رفع الیدین بعد الافتتاح کو باب رفع الیدین فی الرکوع والاحرام میں احادیث ابن عمرؓ وابن مسعودؓ وبراء بن عازبؓ مرفوعا وحدیث علیؓ موقوفا وغیرھم کو تخریج کر کے رکوع کی رفع الیدین کو منسوخ ومتروک قرار دیا ہے۔

فائدہ: امام ابن القاسمؒ نے امام بخاریؒ کی پیدائش کے 3 سال پہلے ہی ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کر دیا ہے اگر ان احادیث کو الگ کر کے طبع کرا دیا جائے تو یہ ترک رفع الیدین کی جزء ہے۔ دیکھئے

(1) المدونة الکبری بروایة ابن القاسم ج1 ص165 (2) التهذیب فی اختصار المدونة ج1 ص236،
(3) مختصر اختلاف العلماء ج1 ص199 (4) جامع الامهات لابن الحاجب ج1 ص97
(5) شرح بخاری لابن بطال ج 2 ص 354 (6) الاستذکار لابن عبدالبر ج1 ص408
(7) التمهید لابن البر ج 9 ص 212 (8) المنتقی شرح الموطا للباجی ج1 ص142
(9) فتح الباری لابن رجب ج6 ص330 (10) شرح التثریب لابن العراقی ج2 ص254
(11) شرح ابی داؤد للعینی ج3 ص297 (12) عمدة القاری للعینی ج5 ص273
(13) شرح الموطا للزرقانی ج1 ص294 (14) نیل الاوطار للشوکانی ج2 ص207
(15) العرف الشذی لکشمیری ج1 ص 263 (16) التاج والاکلیل للمواق ج2 ص239 ج3 ص35
(17) بدایة المبتدی المجتهد لابن رشد ج1 ص142 (18) الذخیرة للقرافی ج2 ص219
(19) البیان والتحصیل لابن رشد ج1 ص376 ج2 ص189، 249 وغیرھا

﴿امام عبدالرحمٰن ابن القاسم المصری کا مختصر تعارف﴾

یہ صحیح بخاری و صحیح نسائی وغیرھما کے راوی ہیں ائمہ نے ان کو الامام فقیہ الدیار المصریة ثقة مامون احد العلماء والفقیه صاحب مالك ثقة من کبار العاشرة قرار دیا ہے۔

(1) تذکرہ الحفاظ ج1 ص260 (2) تقریب لابن حجر ج1 ص 348)

(6) امام عبدالرزاق بن الھمام الصنعانیؒ و126ھ م211ھ نے باب تکبیرة الافتتاح ورفع الیدین قائم فرما کر ناسخ ومنسوخ معمول ومتروک کے اصول وقاعدہ سے پہلے اثبات رفع الیدین عندالرکوع وسجود وغیرہ کو احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ سے ثابت کیا اس کے بعد احادیث مرفوعہ موقوفہ ومقطوعہ سے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو بطور ناسخ ثابت فرمایا ہے۔(مصنف عبدالرزاق ج 2ص 67تا 71 رقم 2515تا 2536 باب تکبیرة الافتتاح ورفع الیدین)

فائدہ: امام عبدالرزاق امام بخاریؒ کی 17 سال کی عمر میں یہ فیصلہ کر کے چلے گئے ہیں کہ رفع یدین عندالرکوع وغیرہ متروک ومنسوخ ہے اور یاد رہے ان احادیث کو اگر الگ کر کے طبع کرا دیا جائے تو یہ مستقل ترک رفع الیدین کی جزء ہے۔ وللہ الحمد

﴿امام عبدالرزاقؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہے صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے انکو الحافظ الکبیر و ثقة غیر واحد وحدیثه مخرج فی الصحاح من الحفاظ و ثقة حافظ مصنف شھیر قرار دیا ہے۔

(1)تذکرہ الحفاظ ج1 ص 266 (2)تقریب لابن حجر ج1 ص354

(7) امام ابوبکر ابن ابی شیبہ الکوفیؒ و159ھ م235 ھ نے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ناسخ ومنسوخ کے اصول وقاعدہ کے تحت پہلے اثبات رفع الیدین عندالرکوع وغیرہ کو احادیث مرفوعہ وموقوفہ مقطوعہ سے ثابت فرمایا پھر مستقل باب من کان یرفع یدیه فی اول تکبیرة ثم لایعود قائم فرما کر احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ سے نسخ وترک ثابت فرمایا ہے۔

(مصنف لابن ابی شیبہ ج1 ص212 و ص213 باب من کان یرفع یدیه فی اول التکبیرة ثم لایعود)

فائدہ: امام ابن ابی شیبہؒ جو امام بخاریؒ کے استاد اور صحیح بخاری کے راوی بھی ہیں نے

امام بخاری کی 41 سالہ عمر میں ہی رفع الیدین عندالرکوع وغیرہ کو منسوخ ومتروک باب قائم کر کے ثابت کر چکے ہیں۔ یادرہے ان احادیث کو اگر الگ کر کے طبع کرادیا جائے تو یہ مستقل ترک رفع الیدین کی جزء ہے۔ وللہ الحمد

﴿امام ابن ابی شیبہؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہے صحیح بخاری صحیح مسلم وغیرھما کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کو کان متقنا حافظا وصدوق ثقه وکان حافظا للحدیث وثقة حافظ صاحب التصانیف قراردیا ہے۔

(1)تذکرہ الحفاظ ج 2ص 16 (2)تقریب لابن حجر ج 1ص320)

(8)امام ابوسعید سحنون بن سعید المالکیؒ و160ھ م240ھ نے ترک رفع الیدین فی الصلاة بعد الافتتاح المدونہ کے اندر ذکر کیا ہے اور مستقل کتاب الصلاۃ لکھی ہے اس میں احادیث صحیحہ مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ سے نسخ وترک رفع الیدین فی الصلاة بعد الافتتاح کو ثابت فرمایا ہے۔(کتاب الصلاة المدونة مخطوط خزانة التراث فهرس مخطوطات و المدونة الكبرى ج 1 ص165)

فائدہ: امام سحنونؒ نے امام بخاریؒ کی 46 سالہ زندگی اور امام مروزیؒ وامام بزارؒ کی حیات میں ترک رفع یدین عندالرکوع والسجود کو ثابت کردیا ہے اور اگر ان احادیث کو الگ کر کے طبع کرایا جائے تو ترک رفع الیدین کی جزء ہے۔

﴿امام سحنونؒ کا مختصر تعارف﴾

یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے ان کو کان ثقة صالحا وکان سحنون ثقه حافظا للعلم واجمعوا علی فضله وتقدیمه ومناقبه کثیرة قراردیا ہے

(1)طبقات علماء افریقه ج1 ص101 (2)ترتیب المدارک ج4 ص45)

(9)امام ابوعیسی الترمذیؒ و209ھ م279ھ نے باب ماجاء ان النبی ﷺ لم یرفع الافی اول مرة قائم فرما کر حدیث ابن مسعودؓ وبراء بن عازبؓ اور بیشمار صحابہؓ وتابعینؒ کے قول وعمل سے ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔(الجامع الصحیح والسنن للترمذی ج1 ص343 رقم257)

فائدہ: امام ترمذیؒ امام بخاریؒ کے مایہ ناز شاگرد بھی ہیں نے امام بخاریؒ کی حیات میں اوران کی وفات کے 31 سال بعد اور بزارؒ ومروزیؒ کی حیات میں رفع یدین عندالرکوع وغیرہ کومنسوخ ومتروک اصول وقاعدہ اوراحادیث مرفوعہ موقوفہ کے حوالے سے ثابت کر چکے ہیں۔ولله الحمد

﴿امام ترمذیؒ کامختصر تعارف﴾

یہ مشہورامام اورائمہ صحاح ستہ میں سے ہیں ائمہ نے ان کو الترمذی الامام الحافظ ابوعیسی السلمی الضریر مصنف الجامع و کتاب العلل وصاحب الجامع احدالائمة ثقة حافظ قرار دیا ہے۔

(1) تذکرة الحفاظ ج 2ص154 (2)تقریب لابن حجر ج1 ص500)

(10)امام احمد بن شعیب النسائیؒ و215ھم303ھ نے باب ترک ذلك اورباب الرخصة في ترک ذلك قائم فرما کر حدیث ابن مسعودؓ سے ترک ونسخ رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔(صحیح النسائی ج 1 ص158 ، ص161 و سنن الکبری ج1 ص332 ، ج 2 ص 31)

فائدہ :امام نسائیؒ جوامام بخاریؒ وامام مسلمؒ کے شاگرد بھی ہیں نے امام بخاریؒ کی حیات اوران کی وفات کے 47 سال اورامام مسلمؒ کی وفات کے 52 سال بعد اورابوبکر بزارؒ و ابوعبداللہ المروزی کی حیات میں ترک و نسخ رفع الیدین بعد الافتتاح کوناسخ ومنسوخ کے اصول وقاعدہ سے ثابت کر دیا ہے۔ولله الحمد

﴿امام نسائیؒ کامختصر تعارف﴾

یہ مشہورامام ہیں اورائمہ صحاح میں سے ہیں ائمہ نے ان کو کان اماما حافظا ثبتا و کان ثقة ثبتا حافظا و امام من ائمة المسلمین قرار دیا ہے۔

(1)تذکرہ الحفاظ ج2 ص194 (2) تہذیب ج1 ص36)

(11)امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاویؒ و239ھم321ھ نے ناسخ ومنسوخ کے اصول وقاعدہ کے لحاظ سے پہلے اثبات رفع الیدین عندالرکوع وغیرہ کوثابت کیا پھر ترک ونسخ

رفع الیدین بعد الافتتاح کو احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ سے ثابت کیا ہے۔

(1) السنن الطحاوی ج 1 ص 222 رقم 1336 تا 1346 و ص 224 رقم 1347 تا 1357 طبع عالم الکتب بیروت 1414ھ

(2) شرح مشکل الآثار للطحاوی ج 15 ص 30 رقم 5821 تا 5824 و ص 33 رقم 5825 و 5826 ص 41 رقم 5827 تا 5832 وغیرہ

فائدہ: امام ابوجعفر الطحاویؒ نے امام بخاریؒ وامام مسلمؒ کی حیات میں اوران کی وفات کے 55 و 60 سال بعد اورامام بزارؒ ومروزیؒ کی حیات وبعد وفات ترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو منسوخ ومتروک ثابت کیا ہے۔ اگران احادیث کو الگ کرکے طبع کرایا جائے تو ترک رفع الیدین کی مستقل جزء ہے۔

امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاویؒ کا مختصر تعارف

یہ مشہور امام ہے ائمہ نے ان کو الامام العلامة الحافظ صاحب التصانیف البدیعة المصری الحنفی وکان ثقة ثبتا فقیها عاقلالم یخلف مثله المحدث الحافظ احدالاعلام وشیخ الاسلام وکان امام عصره بلامدافعة فی الفقه والحدیث قرار دیا ہے۔

(1) تذکرہ الحفاظ ج 3 ص 21 (3) سیر اعلام النبلاء ج 11 ص 361)

(12) امام ابوالحسن القدوریؒ 428ھ نے امام بخاریؒ امام بزارؒ امام مروزیؒ کی وفات کے بعد باب لاترفع الیدین فی تکبیر الرکوع قائم فرما کر احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ صحیحہ پیش کرکے ترک و نسخ رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے اگران احادیث کو الگ طبع کرادیا جائے تو یہ ایک مستقل جزء ہے۔ (التجرید ج 2 ص 519)

(13) امام زمخشریؒ 538ھ نے امام بخاریؒ امام بزارؒ، امام مروزیؒ وامام ابونعیمؒ کی وفات کے بعد باب لاترفع الایدی فی الصلاة الاعند الافتتاح الصلاة قائم فرما کر احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ صحیحہ پیش کرکے ترک ونسخ ثابت کیا ہے اگران احادیث کو الگ طبع کرادیا جائے تو یہ مستقل جزء ہے۔ (رؤس المسائل الخلافیہ بین الحنفیہ والشافعیہ ج 1 ص 156)

(14) امام ابومحمد علی المنبجیؒ 686ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ

کی وفات کے بعد باب لاترفع الایدی عند الرکوع ولا بعد الرفع منه قائم فرما کر احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ صحیحہ سے نسخ وترک ثابت کیا ہے اگر ان احادیث کو الگ طبع کرادیا جائے تو یہ مستقل جزء ہے۔ (اللباب فی الجمع بین السنة والکتاب ج 1 ص 256)

(15) امام حافظ ومحدث فقیہ ابوحنیفہ الاتقانی الحنفیؒ 758ھ نے امام بخاری امام بزارؒ امام مروزیؒ امام ابونعیمؒ کی وفات کے بعد امام ابن القیمؒ امام سبکیؒ کی زندگی میں ایک مستقل کتاب منع رفع الیدین فی الصلاۃ فاضلا عن تکبیرۃ الافتتاح نامی لکھی ہے ان میں احادیث مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ کی پیش کر کے نسخ وترک ثابت کیا ہے۔ دیکھئے

(1) النجوم الزاهرة لابن تغری بردی ج 10 ص 315 (2) اعیان العصر للصفدی ج 1 ص 624
(3) الدرر الکامنة لابن حجر ج 1 ص 493، 494 (4) المنهل الصافی لابن تغری بردی ج 3 ص 102
(5) تاج التراجم لابن قطلوبغا ج 1 ص 139 (6) بغیة الوعاة للسیوطی ج 1 ص 460
(7) البدر الطالع للشوکانی ج 1 ص 158 (8) اسماء الکتب المعتمد الکشف الظنون ج 1 ص 81
(9) صلة الخلف للسوسی المالکی ج 1 ص 189 (10) خزانة التراث فهری مخطوطات ج 110 ص 376

(16) امام حافظ محدث فقیہ قاضی القضاۃ محمود بن احمد القونوی الاشقی ؒ 771ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ کی وفات کے بعد اور امام ابن القیمؒ وامام سبکی ؒ کی زندگی میں مستقل مقدمہ فی رفع الیدین فی الصلاۃ نامی کتاب لکھی ہے ان میں احادیث صحیحہ کو پیش فرما کر نسخ وترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔

(1) الجوهر المضیه للقرشی ج 2 ص 156 (2) تاج التراجم لابن قطلوبغا ج 1 ص 99)

(17) امام حافظ محدث فقیہ ناقد قاسم بن قطلوبغا الحنفیؒ 879ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ، امام ابن القیمؒ، امام سبکیؒ کی وفات کے بعد مستقل رفع الیدین نامی کتاب لکھی ہے ان میں احادیث صحیحہ کو پیش فرما کر نسخ وترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔ (الضوء اللامع لاهل القرن التاسع للسخاوی ج 6 ص 187)

(18) امام فقیہ محدث قاضی القضاۃ ابوالمحاسن یوسف الحنفیؒ 929ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابن القیمؒ، امام سبکیؒ، امام ابونعیمؒ وغیرھم کی وفات کے بعد مستقل رسالہ فی عدم رفع الیدین قبل الرکوع وبعدہ نامی لکھا ہے ان میں احادیث صحیحہ حسنہ کو

پیش کر کے نسخ وترک ثابت کیا ہے۔

(1)شذرات الذھب ج 10ص233 (2)الکوکب السائرہ للغزی ج1 ص316

(19)امام حافظ محدث عبدالرحمٰن بن عبدالکریم الغیشیؒ م 975ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ، امام ابن القیمؒ، امام سبکیؒ کی وفات کے بعد اثبات سنیہ رفع الیدین عندالاحرام نامی کتاب لکھی ہے اس میں احادیث صحیحہ کو پیش کر کے نسخ وترک رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔(عزانة التراث فهرس مخطوطات ج 37 ص 990 الرقم تسلسل 37746)

(20)امام حافظ محدث ناقد الشیخ محمد حاشم السندھیؒ م 1174ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ، امام ابن القیمؒ، امام سبکیؒ وغیرھم کی وفات کے بعد کشف الرین فی مسالة رفع الیدین نامی کتاب لکھی ہے اس میں احادیث صحیحہ مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ پیش فرما کر ترک ونسخ رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔(نزھة الخواطر ج 6ص 842،843،و کشف الرین مطبوعه هے)

(21)امام حافظ محدث عبدالعزیز الدھلویؒ و1159ھ م1239ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ، امام ابن القیمؒ، امام سبکیؒ کی وفات کے بعد تنویر العینین فی رفع الیدین نامی کتاب لکھی ہے ان میں احادیث صحیحہ کو پیش کر کے ائمہ مذکورین کی پیش کردہ روایات کو منسوخ ومتروک ثابت کیا ہے۔(معجم المؤلفین لکحالہ ج5 ص243)

(22)امام حافظ محدث ناقد السید محمد انور شاہ الکشمیریؒ متوفی 1352ھ نے امام بخاریؒ، امام بزارؒ، امام مروزیؒ، امام ابونعیمؒ، امام ابن القیمؒ، امام سبکیؒ کی وفات کے بعد مستقل نیل الفرقدین فی مسالة رفع الیدین اوربسط الیدین نامی کتابیں لکھی ہیں ان میں احادیث صحیحہ مرفوعہ موقوفہ مقطوعہ کو پیش فرما کر ترک ونسخ رفع الیدین بعد الافتتاح کو ثابت کیا ہے۔

(نزھة الخواطر ج8 ص1199، نیل الفرقدین فی مسالة رفع الیدین اوربسط الیدین)

نوٹ: یہ عربی مطبوعہ ہیں

تنبیہ : قال ابوشعیب فقہاء محدثین وعلماء السلف اہل السنت والجماعت حنفیہ ومالکیہ اور

بعض شوافع وحنابلہ نے ترک و نسخ رفع الیدین بعد الافتتاح پر مستقل کتابیں رسالے لکھے ہیں اور ابواب قائم کر کے ان میں احادیث صحیحہ کو بیان فرمایا ہے اور اسی طرح عصر حاضر کے بعض علماء محققین اہل حق نے بھی عوام کو گمراہی سے بچانے کے لئے کچھ کتابیں ورسائل ترک ونسخ رفع الیدین پر لکھے ہیں مثلاً

(1) تحقیق رفع الیدین شیخ محقق ثقہ محمد امین صفدر او کاڑویؒ
(2) نور الصباح فی ترک رفع الیدین بعد الافتتاح شیخ حافظ حبیب اللہ ڈیرویؒ
(3) تسکین العینین فی مسئلۃ رفع الیدین شیخ نیاز احمد او کاڑوی مدظلہ
(4) تحقیق مسئلہ رفع یدین شیخ حبیب الرحمان اعظمی مدظلہ
(5) رفع یدین افادات شیخ فخر الدین ترتیب ریاست علی صاحب
(6) راحۃ العینین فی ترک رفع الیدین شیخ اعجاز احمد اشرفی مدظلہ
(7) سنت رسول الثقلین شیخ آصف احمد مدظلہٗ

تنبیہ: قال ابوشعیب ہم اللہ تعالی کی توفیق سے اس کتاب میں سند ذکر کئے بغیر صحیح احادیث مرفوعہ وموقوفہ ومقطوعہ کو بیان کریں گے اور ادلہ اربعہ کی ترتیب سے اور اصول حدیث واصول فقہ اور اصول جرح وتعدیل وغیرہ کی روشنی میں اس معرکۃ الاراء مسئلہ کا تحقیقی تبصرہ وجائزہ پیش کریں گے۔ان شاء اللہ

﴿چند بیادی اصولوں کا بیان﴾

اصول نمبر (1) تخریج بخاری ومسلم راوی کی تعدیل وتوثیق کے لئے کافی ہے۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابوالحسن المقدسیؒ و544ھ م611ھ الرجل الذی یخرج عنہ فی الصحیح ھذا جاز القنطرۃ یعنی بذلک انہ لایلتفت الی ماقیل فیہ (مل العیبۃ لابن رشید الفہری ج 1 ص327)

"امام ابوالحسن المقدسیؒ نے فرمایا اس آدمی کے بارے میں جس سے صحیح میں تخریج کی گئی یہ پل کے پار ہوگیا یعنی اسی کے متعلق قیل قال کی طرف توجہ نہیں کی جائے گی"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابراہیم الحلبیؒ م841ھ داؤد بن حصین ابوسلیمانؒ محدث مشہور تفرد باشیاء ذکرہ الذہبی فی میزانہ کلام من تکلم فیہ وقد صح

علیہ فالعمل علی توثیقہ اذاکماشرطہ وھو فی حاشیہ المیزان و کیف لایکون ثقۃ وقد روی لہ الائمہ الستۃ فضلاعن الشیخین ومن روی لہ الشیخان فقد جاز القنطرۃ کما قالہ علی بن المفضل المقدسی (کشف الحثیث للحلی ج 1 ص112)

"امام ابراہیم حلبیؒ نے فرمایا کہ داؤد بن حصین ع جو کہ مشہور محدث ہے چند اشیاء میں متفرد ہے۔امام ذھبیؒ نے میزان الاعتدال میں ان لوگوں کے کلام کو ذکر کیا جنہوں نے ان پر کلام وجرح کی ہے لیکن تحقیق صحیح بات ہے کہ عمل اس کی توثیق پر ہے جیسا کہ شیخین کی شرط ہے اور یہی بات میزان کے حاشیہ پر ہے اور یہ کیسے ثقہ نہ ہو تحقیق ائمہؒ ستہ سمیت شیخین نے اس سے روایت کی ہے اور جس شخص سے شیخین روایت کریں پس وہ پل کے پار ہو گیا جیسا کہ امام علی بن المفضل المقدسیؒ نے فرمایا"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1)مل العیبہ لابن رشید الفھری ج 1ص 327 (2)الافتراح فی بیان الاصطلاح ج 1ص 55
(3)البدر لمنیرلابن الملقن ج 1ص278 (4)فتح الباری لابن حجر ج 1ص384
(5)مرقاۃعلی مشکوۃ ج 1ص 18 (6)ثمرات النظر فی علم الاثرج 1ص117
(7)توجیہ النظر للجزائری ج 1ص 246 (8)الضعفاء لابی زرعۃ الرازی ج 9ص 975
(9)سیراعلام النبلاء ج5 ص295 (10) ظفرالامانی المکوی ص186
(11)ھدالساری لابن حجر ج 1ص 384 (12)النکت علی مقدمہ ابن الصلاح للزرکشی ج 3 ص88

اصول نمبر (2) جس حدیث سے مجتھد ومحدث احتجاج واستدلال کرے تو ان کے نزدیک صحیح ہوتی ہے بشرطیکہ اس میں کذاب یا وضاع راوی نہ ہو۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابن الحصار المالکیؒ م611ھ وقد یعلم الفقیہ صحۃ الحدیث بموافقۃ الاصول اوایۃ من کتاب اللہ تعالی فیحملہ ذلک علی قبول الحدیث والعمل بہ و اعتقاد صحتہ واذالم یکن فی سندہ کذاب فلاباس باطلاق القول بصحتہ اذاوافق کتاب اللہ تعالی و سائراصول الشرعیہ

(تقریب الدارك علی موطا مالك بحوالہ النکت علی ابن الصلاح للزرکشی ج 1 ص107)

"سیدنا امام ابن الحصار المالکیؒ نے فرمایا کہ یقیناً فقیہ حدیث کی صحت کو اصول یا کتاب اللہ کی آیت کے موافقت کی وجہ سے جانتا ہے اس لئے اس کے استدلال کی وجہ سے حدیث

کو قبول کر کے اس کی صحت پر اعتقاد رکھا جائے گا بلکہ اس پر عمل بھی کیا جائے گا جب کہ اس کی سند میں کوئی جھوٹا راوی نہ ہو لہٰذا اس حدیث کو صحیح کہنے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ وہ کتاب اللہ اور تمام شرعی اصول کے موافق ہو"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر عسقلانیؒ م 852ھ وقد احتج بھذا الحدیث احمد و ابن المنذر وفی جزمھما بذلک دلیل علی صحته عندھما (التلخیص الحبیر ج 2 ص 327)

"علامہ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں احمدؒ اور ابن منذرؒ نے اس حدیث سے احتجاج کیا ہے ان کا اس حدیث سے جزماً (پختہ یقین کے ساتھ) احتجاج کرنا ان کے نزدیک اس حدیث کے صحیح ہونے کی دلیل ہے"

(3) قال الامام الحافظ المحدث الفقیہ ابن الھمامؒ م 861ھ المجتھد اذا استدل بحدیث کان تصحیحا له (التحریر الاصول لابن الھمام بحواله قواعد فی علوم الحدیث ص 57)

"امام ابن ہمام فرماتے ہیں کہ مجتھد کا کسی حدیث سے استدلال کرنا اس کے صحیح ہونے کی دلیل ہے"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) تدریب الراوی للسیوطی ج 1 ص 66
(2) قواعد التحدیث للقاسمی ج 1 ص 80
(3) توجیه النظر للجزائری ج 1 ص 213
(4) تحقیق المسح علی الجوربین للقاسمی ج 1 ص 42
(5) المقترب فی بیان المضطرب ج 1 ص 76
(6) من اصول الفقه علی منھج اهل الحدیث ج 1 ص 222
(7) الدر المختار مع الحاشیه ج 4 ص 553
(8) التحریر فی الاصول لابن همام بحواله الاقواعد ص 57
(9) البحر الرائق لابن نجیم ج 5 ص 323
(10) ارشیف ملتقی اهل الحدیث ج 52 ص 422 وغیرها

اصول نمبر (3) حدیث کی تصحیح و تحسین اس کے ہر ہر راوی کی توثیق ہوتی ہے۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابو الحسن علی ابن القطان الفاسیؒ م 628ھ وفی تصحیح الترمذی ایاہ توثیقھا و توثیق سعد بن اسحاق ولا یضر الثقة ان لا یروی عنه الا واحد والله اعلم

"امام ابن القطان فاسیؒ نے فرمایا کہ اور امام ترمذی کی تصحیح میں (زینب) کی توثیق ہے اور اسی طرح سعد بن اسحاق کی بھی توثیق ہے اور ثقہ کے لئے یہ مضر نہیں کہ اس سے روایت کرنے والا صرف ایک ہو

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابن دقیق محمد بن علی العیدؒ م 702ھ مایقتضی تعدیله وهو تصحیح الترمذی (الامام لابن دقیق بحواله نصب الرایه ج 1 ص149)

"امام ابن دقیق العیدؒ نے فرمایا کہ جو (عمرو بن بجدان) کی تعدیل کا تقاضا کرتی ہے وہ امام ترمذی کی تصحیح ہے"

فائدہ: جناب زبیر علی زئی مرحوم بھی اس قاعدہ ضابطہ کو مانتے تھے اور صاف لکھا کہ روایت کی تصحیح وتحسین اس کے ہر راوی کی توثیق ہوتی ہے۔(مقدمہ مترجم جزء رفع الیدین للبخاری ص14طبع مکتبہ اسلامیہ)

اصول نمبر (4) امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب ناسخ منسوخ کے اصول پر عمل کرتے ہیں وہ جن احادیث کو اخذ عمل کے لئے لیتے ہیں وہ آخری وناسخ ہوتی ہیں۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث الفقیہ سفیان الثوریؒ الکوفی م161ھ کان (ابو حنیفة) والله شدید الاخذ للعلم لایستحل ان یاخذ الابمایصح عنده من الآثار (یعنی الاحادیث) عن النبی ﷺ شدیدالمعرفة بناسخ الحدیث ومنسوخه وکان یطلب احادیث الثقات والآخر من فعل النبی ﷺ فی اتباع الحق اخذبه وجعله دینه تفطیما (اخبارابی حنیفه للصیمری ص75)

"امام سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ اللہ کی قسم امام ابوحنیفہؒ علم لینے میں مضبوط تھے حلال نہیں سمجھتے تھے (حدیث) لینا مگر جو ان کے نزدیک صحیح احادیث وآثار ہوتے نبی اقدس ﷺ سے ناسخ منسوخ حدیث کے زیادہ ماہر تھے اور (امام ابوحنیفہؒ) ثقہ راویوں سے احادیث لیتے تھے اور جو نبی اقدس ﷺ کا آخری فعل ہوتا اتباع حق میں اس کو (اخذ) عمل کے لئے لیتے تھے اور اپنا دین بنا لیتے تھے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث الحسن بن صالح الکوفیؒ م کان ابو حنیفه شدید الفحص عن الناسخ من الحدیث والمنسوخ فیعمل بالحدیث اذاثبت عنده عن النبی ﷺ وعن اصحابه وکان عارفابحدیث اهل الکوفة وفقه اهل الکوفة شدید الاتباع لماکان علیه الناس ببلده وقال کان یقول ان لکتاب الله ناسخاومنسوخا وان للحدیث ناسخا ومنسوخا وکان حافظا لفعل رسول الله ﷺ الاخیرالذی قبض علیه مماوصل الی اهل

بلده (اخبار ابی حنیفة للعیمری ص 11 ص25)

"امام حسن بن صالحؒ نے فرمایا کہ سیدنا امام ابوحنیفہؒ ناسخ ومنسوخ حدیث میں بہت زیادہ جستجو کرنے والے تھے اور حدیث پر عمل کرتے تھے جب ان کے نزدیک نبی اقدس ﷺ اور صحابہؓ سے ثابت ہو جاتی اور (امام ابوحنیفہؒ) اہل کوفہ کی حدیث کے عارف تھے اور فقہ (حدیث) میں اہل کوفہ کی مضبوطی سے اتباع کرتے تھے اس لئے کہ ان کے شہر کے لوگ (فقہاء محدثین) اس پر عامل تھے اور (امام ابوحنیفہؒ) فرمایا کرتے تھے کہ بیشک کتاب اللہ کیلئے بھی ناسخ اور منسوخ ہے اور بیشک حدیث کے لئے بھی ناسخ اور منسوخ ہے اور (امام ابوحنیفہ) رسول اقدس ﷺ کے اس اخری فعل کے حافظ تھے جس پر آپ ﷺ نے وفات پائی اس میں سے جو (احادیث) ان کے شہر والوں کو پہنچی"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1)الطبقات السنیہ فی تراجم الحنفیہ للغزی ج 1 ص 47 (2)مناقب الامام ابی حنیفہ وصاحبیہ للذھبی ص 33،34

(3)مناقب الائمہ الاربعة لابن عبدالھادی ص62 (4)الخیرات الحسان لابن حجر ص45

(5)عقود الجمان ص142 (6)مناقب موفق مکی ج1 ص88

(7)تاریخ بغداد ج 15ص 502 (8)تہذیب الکمال ج 19ص 443

(9)تہذیب لابن حجر ج 10ص 401 (10)مناقب کردری ج 2ص 9

(11)الانتقاء لابن عبدالبر ص262 (12)تاریخ یحی بن معین ج4 ص63 رقم3163

اصول نمبر (5) جس حدیث کو تلقی الامۃ بالقبول حاصل ہو وہ صحیح ہوتی ہے سندی بحث سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابوبکر السیوطی الشافعیؒ م 911ھ یحکم للحدیث بالصحة اذا تلقاه الناس بالقبول وان لم یکن له اسناد صحیح الی ان قال و احماع الناس علی معنا ہ غنی عن الاسناد (تدریب الراوی ص62)

"امام ابوبکر السیوطیؒ نے فرمایا کہ جس حدیث کو لوگوں (فقہاء ومحدثین) کا تلقی بالقبول حاصل ہو تو اس کے صحیح ہونے کا حکم لگائیں گے اگرچہ اسکی سند صحیح نہ ہو اور لوگوں (فقہاء و

محدثین) کا اس کے معنی پر اجماع کرنا سند کے دیکھنے سے بے نیاز کر دیتا ہے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث احمد المعروف بشاہ ولی اللہ المحدث الدہلوی الحنفی م 1176ھ

کل حدیث اجمع السلف علی قبوله او تواترت اهلية رواية فلاحاجة الى البحث عن عدالة رواته وماعداذلك يبحث عن عدالة رواته (عقد الجيد مترجم ص 154)

"امام شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے فرمایا ہر وہ حدیث جس کے قبول پر سلف نے اجماع کیا ہو یا اس کے راویوں کی اہلیت درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہو تو اس کے راویوں کے متعلق بحث کی کوئی ضرورت نہیں اس کے علاوہ دیگر احادیث میں بحث وعدالت کی ضرورت ہے"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) الكفاية في علم الرواية للخطيب ج1 ص17 (2) روضة الناظر وجنة المناظر للمقدسي ج1 ص 91، 92
(3) مقدمه ابن الصلاح ج1 ص44 (4) الباعث الحثيث للحافظ ابن كثيرؒ ج1 ص33
(5) شرح نخبة الفكر لابن حجر ج1 ص 21، 22 (6) فتح المغيث للسخاوى ج1 ص64
(7) ظفر الامانى للحافظ عبدالحى ج1 ص (8) مقالات للحافظ الكوثرى ج1 ص
(9) نور الانوار للحافظ احمد ج2 ص13 (10) قواعد فى علوم الحديث للمحدث لعثمانى ج1 ص60

اصول نمبر (6) حدیث کے معانی ومطالب کو محدثین کی نسبت فقہا زیادہ جانتے ہیں۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابو عیسی الترمذیؒ م 279ھ وكذلك قال الفقهاء وهم اعلم بمعانى الحديث (صحيح الترمذى ج1 ص240)

"امام ابو عیسی ترمذیؒ نے فرمایا کہ اسی طرح فقہاء نے کہا ہے اور وہ حدیث کے معانی کو زیادہ جانتے ہیں"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابو عبداللہ الحاکم النیسابوریؒ م 405ھ معرفة فقه الحديث اذ هو ثمرة هذه العلوم وبه قوام الشريعة فامافقهاء الاسلام اصحاب القياس والرأى والاستنباط والجدل والنظر فمعروفون فى كل عصرواهل كل بلد (معرفت علوم الحديث ص 63)

"امام ابو عبداللہ الحاکمؒ نے فرمایا فقہ حدیث کا پہچاننا کیونکہ وہ ان علوم کا ثمرہ ہے اور اسی کے ساتھ شریعت کا قوام ہے بہر حال فقہاء اسلام جو قیاس ورائے استنباط وجدل اور نظر

وفراست سے کام لیتے رہے وہ ہر زمانہ اور ہر شہر میں مشہور ومعروف رہے ہیں"

(3) قال الامام الحافظ المحدث ابوالفرج ابن الجوزیؒ متوفی 597ھ اعلم ان فی الحدیث دقائق وافات لایعرفها الاالعلماء الفقهاء تارة فی نقلها وتارة فی کشف معناها (دفع شبہ التشبیہ لابن الجوزی ص26)

"امام ابن الجوزی نے فرمایا کہ تو جان لے کہ حدیث میں بڑی باریکیاں اور پیچیدگیاں ہوتی ہیں جن کو صرف وہ علماء ہی جان سکتے ہیں جو فقہاء ہوں کبھی ان کی روایت ونقل میں اور کبھی ان کے معانی کے کشف میں یہ دقائق وآفات ہوتی ہیں"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) منهج النقد فی علوم الحدیث ج 1 ص246 (2) تدریب الراوی ج 1 ص69
(3) توجیه النظر ج 1 ص423 (4) و شرح علل الترمذی ج 2 ص680
(5) بحوث فی المصطلح ج 1 ص65 وغیرها

اصول نمبر (7) مبہم حدیث مفسر کے مقابلے میں غیر مقبول ہے۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل البخاریؒ م256ھ والمفسر یقضی علی المبهم (صحیح البخاری ج 1 ص201)

"امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاریؒ نے فرمایا کہ مفسر مبہم پر قاضی ہے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر عسقلانیؒ متوفی 856ھ ولایقبل حدیث المبهم (شرح نخبة الفکر ص 97)

"امام ابن حجرؒ نے فرمایا کہ حدیث مبہم مقبول نہیں ہے"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) شرح علل الترمذی ج 2 ص580 (2) شرح نخبة الفکر للعلی القاری ج 1 ص511
(3) والیواقیت والدرر للمناوی ج 2 ص137 (4) تسهیل شرح نخبه الفکر للبلغشانی 62

اصول نمبر (8) صحیح احادیث صرف صحیحین میں ہی منحصر نہیں ہیں بلکہ خارج میں بھی ہیں۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث محمد بن اسماعیل البخاریؒ متوفی 256ھ احفظ مائة الف

حدیث صحیح و احفظ مائتی الف حدیث غیر صحیح و قال ایضا لم اخرج فی هذا الکتاب الا صحیحا و ماترکت من الصحیح اکثر و فی روایة مخافة الطول

(ظفر الامانی ص79 و ھدی الساری ص513)

"امام محمد بن اسماعیل البخاریؒ نے فرمایا کہ میں ایک لاکھ صحیح حدیث کا حافظ ہوں اور دو لاکھ غیر صحیح کا بھی حافظ ہوں اور اسی طرح فرمایا کہ میں نے نہیں تخریج کی اپنی کتاب میں مگر صحیح حدیث کو اور میں نے بہت سی صحیح احادیث خوف طوالت کی وجہ سے چھوڑ دیں"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابوبکر الخطیب متوفی 463ھ (محمد بن اسماعیل) البخاریؒ لم یلتزم اخراج کل ماصح عندہ و لا عن کل ثقة (مسالة الاحتجاج ص46)

"امام ابوبکر الخطیب نے فرمایا کہ امام محمد بن اسماعیل البخاریؒ نے ہر صحیح حدیث کی تخریج کا التزام نہیں کیا ہے اور نہ ہی ہر ثقہ کی تخریج کا"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) شرح ابن ماجہ للمغلطائی ج 1 ص212
(2) الجوھر النقی ج 1 ص73، ص 192
(3) الباعث الحثیث ج 1 ص25
(4) النکت للزرکشی ج 1 ص173
(5) الشذا ایضاح ج 1 ص88
(6) تدریب الراوی ج1 ص104
(7) شرح التبصرة للعراقی ج 1 ص115
(8) فتح المغیث ج 1 ص 408
(9) توضیح الافکار ج 1 ص53
(10) توجیه النظر ج 1 ص226 وغیرھا

اصول نمبر (9) جو حدیث موافق عمل خلفائے راشدینؓ والاجماع الصحابۃ وغیرہ ہو وہ صحیح و حجت و راجح ہے۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابوبکر الحازمی الشافعیؒ ان یکون احد الحدیثین قد عمل به الخلفاء الراشدین دون الثانی الی ان قال لان الاول قد عمل به ابوبکرؓ و عمرؓ فیکون الی الصحة اقرب و الاخذ به اصوب (کتاب الاعتبار للحازمی ج1 ص17، ص18)

" سیدنا امام حازمیؒ حدیث کی ترجیح کی وجوہات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ دو حدیثوں میں سے ایک پر خلفائے راشدین نے عمل کیا ہو، دوسری پر نہیں تو خلفائے راشدین والی حدیث کو ترجیح دی جائے گی کیونکہ پہلی حدیث پر ابوبکرؓ و عمرؓ نے عمل کیا ہے۔

اس لئے یہ صحت کے زیادہ قریب ہے اور اسی کو اختیار کرنا زیادہ درست ہے"

(2) قال العلامة عبدالرحمٰن الجزائری و الثالث ان یخالف الاجماع فیستدل به علی انه منسوخ او لا اصل له لانه لایجوز ان یکون صحیحا غیرمنسوخ وتجمع الامة علی خلافه قال ابوشعیب قد صدق الجزائری کما قال النبی ﷺ لاالله یجمع الله هذه الامة علی الضلالة ابدا۔ (مستدرک حاکم ج 1 ص199)

(1)توجیه النظر للجزائری ص82 (2)مستدرک للحاکم ج1 ص199 وغیرهما

"علامہ جزائریؒ روایت کے رد کرنے کی وجوہات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ وہ حدیث اجماع کے مخالف ہو۔ اسی سے دلیل لی جائے گی کہ وہ حدیث منسوخ ہے یا اس کی کوئی اصل نہیں۔ اس لئے کہ ایسے نہیں ہوسکتا کہ حدیث صحیح غیر منسوخ ہو اور امت اس کی مخالفت پر جمع ہو جائے"

اصول نمبر (10) قولی و فعلی حدیث میں تعارض ہو تو قولی حدیث کو ترجیح ہے الا یہ کہ آخری فعل ہو۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث الاصولی ابوبکر الحازمی الشافعیؒ ان یکون احدالحدیثین قولا والاخر فعلا فالقول ابلغ فی البیان ولان الناس لم یختلفوا فی کون قوله حجة واختلفوا فی اتباع فعله ولان الفعل مایدل لنفسه علی شئی بخلاف القول فیکون اقوی (کتاب الاعتبار للحازمی ج 1 ص19)

"سیدنا امام حازمیؒ حدیث کی وجوہ ترجیح بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ دو حدیثوں میں سے ایک قولی ہو اور دوسری فعلی تو ترجیح قولی کو ہوگی کیونکہ قول سے بات زیادہ واضح ہوتی ہے اور ترجیح کی وجہ سے یہ بھی ہے کہ قولی حدیث کے حجت ہونے میں اختلاف نہیں جبکہ فعلی کے قابل اتباع ہونے میں اختلاف ہے نیز فعل بذات خود کسی چیز کو واضح نہیں کرتا جب کہ قول واضح کرتا ہے لہٰذا قولی حدیث زیادہ قوی ہے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابوزکریا النووی الشافعیؒ والثالث انه تعارض القول والفعل والصحیح حینئذ عندالاصولین ترجیح القول لانه یتعدی لی الغیر والفعل قدیکون مقصودا علیه

(شرہ مسلم للنووی ج 1 ص 453)

"امام ابوزکریا نوویؒ نے فرمایا کہ تیسری بات یہ ہے جب قول وفعل کا تعارض ہو جائے تو صحیح بات یہ ہے کہ اصولیین کے نزدیک ترجیح اس وقت قولی حدیث کو ہوگی اس لئے کہ قول متعدی ہوتا ہے اور فعل کبھی کسی کی ذات پر بند ہو جاتا ہے"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) المعتمد ج 1 ص 292 — (2) البحر المحیط ج 4 ص 524

(3) فتح القدیر لابن الهمام ج 1 ص 498 — (4) ارشاد النحوی ج 1 ص 116

(5) سبل الاسلام ج 1 ص 167 — (6) التبصرة فی اصول الفقه ج 1 ص 249

(6) المسودة ج 1 ص 126 — (8) الاشباه النظائر للسبکی ج 2 ص 151

(9) قواعد فی علوم الحدیث للعثمانی ج 1 ص 292

اصول نمبر (11) جب راوی اپنی مروی حدیث کے خلاف عمل کرے یا فتوی دے وہ منسوخ ہوتی ہے۔

(1) قدقال الامام الحافظ المحدث الفقیه الناقد الاصولی ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفیؒ فلما کان ابو هریرة قد رأی ان الثلاثة یطهر الاناء من ولوغ الکلب فیه و قد روی (ابو هریرةؓ) عن النبی ﷺ ماذکرنا ثبت بذلك نسخ السبع لانا نحسن الظن به فلانتوهم علیه انه یترك ماسمعه من النبی ﷺ الاالی مثله والاسقطت عدالته فلم یقبل قوله ولا روایته (سنن الطحاوی ج 1 ص 24)

"سیدنا امام طحاویؒ نے فرمایا کہ جب ابوھریرۃؓ کا فتوی ہے کہ کتے کے جھوٹے برتن کو تین بار دھونا پاک کر دیتا ہے حالانکہ خود انہوں نے نبی ﷺ سے (سات دفعہ دھونے والی) وہ حدیث روایت کی ہے جسے ہم نے ذکر کیا ہے ان کے اس فتوی سے سات بار دھونے والی حدیث کا منسوخ ہونا ثابت ہوتا ہے اس لئے کہ ہم ان کے بارے میں حسن ظن رکھتے ہیں ان پر وہم نہیں کیا جا سکتا کہ نبی ﷺ سے سنی ہوئی حدیث چھوڑ دیں مگر یہ تب ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اس جیسی حدیث سنی ہو ورنہ ان کی عدالت ساقط ہو جائے گی تب تو ان کی نہ بات قبول کی جائے گی اور نہ ہی ان کی روایت"

(2) قال الامام الحافظ المحدث المفسر ابوبکر احمد بن علی الجصاص الرازی الحنفیؒ م 370ھ

ماروی عبیدالله بن ابی رافع عن علیؓ عن النبی ﷺ رفع الیدین عندالرکوع وروی عن علیؓ انه لم یرفعهما و کذلك روی عن ابن عمرؓ عن النبی ﷺ رفع الیدین عندالرکوع ثم روی مجاهد انه صلی خلف ابن عمرؓ فلم یرفع یدیه الا عندالافتتاح فدل ترکهما الرفع بعدالنبی ﷺ علی انهما قدعرفا نسخ الاول لولاه لما ترکاه اذغیر جائز ان یظن بهما مخالفة سنة رویاها عن النبی ﷺ (الفصول ج 2 ص68)

"سیدنا امام جصاصؒ نے باب قائم کیا کہ جب روای اپنے مروی حدیث کے خلاف عمل کرے تو وہ منسوخ ہوتی ہے پھر اس کو مثال سے یوں واضح کیا۔ سیدنا عبداللہ بن ابی رافعؒ نے سیدنا علیؓ کے واسطہ سے نبی ﷺ سے رکوع کی رفع الیدین روایت کی جب کہ خود سیدنا علیؓ سے روایت ہے کہ وہ رکوع کی رفع الیدین نہیں کرتے تھے اسی طرح سیدنا ابن عمرؓ نبی ﷺ سے رکوع کی رفع یدین روایت کرتے ہیں حالانکہ سیدنا مجاہد بیان کرتے ہیں کہ ابن عمر رکوع کی رفع الیدین نہیں کرتے تھے ان دونوں صحابہؓ کا نبی ﷺ کی وفات کے بعد رفع الیدین کا ترک کرنا دلیل ہے کہ رکوع والی رفع الیدین منسوخ ہے اگر وہ منسوخ نہ ہوتی تو وہ دونوں صحابہؓ اسے ترک نہ کرتے کیونکہ ان کے بارے میں یہ گمان کرنا جائز نہیں کہ انہوں نے اس سنت کی مخالفت کی ہے جسے خود ہی نبی ﷺ سے روایت کیا ہے"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) شرح التلویح علی التوضیح ج 2 ص25 (2) اصول السرخسی ج 2ص 6،7

(3) التقریر و التحبیر ج 2 ص266 (4) التیسیر التحریر ج 3 ص73

(5) المبسوط ج 5 ص12 (6) بدائع الصنائع ج 1 ص208

(7) کشف الاسرار شرح اصول بزدوی ج3 ص63 وغیرها

اصول نمبر (12) قرآن وحدیث میں ناسخ ومنسوخ ہے اور ایک آیت دوسری آیت کو اور ایک حدیث دوسری حدیث اور متقدم کو متاخر منسوخ کرتی ہے۔

(1) عن عبدالله بن عمرؓ عنهما قال قال رسول الله ﷺ ان احادیثنا ینسخ بعضها بعضا کنسخ القرآن ، قال ابوشعیب اسناده حسن (السنن الدار قطنی ج 5 ص255 رقم 4287 کتاب النوادر)

"سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہماری احادیث منسوخ ہوتی ہیں بعض بعض سے جس طرح قرآن کا نسخ ہوتا ہے (بعض آیت بعض سے)"

(2) وحدثنا ابوالعلاء (یزید بن عبدالله) بن الشخیر قال کان رسول الله ﷺ ینسخ حدیثه بعضه بعضا کما ینسخ القرآن بعضه بعضا (صحیح مسلم ج 1 ص269 رقم 344)

"سیدنا ابوالعلاء شخیر بیان کیا فرمایا کہ رسول اقدس ﷺ ایک حدیث سے دوسری حدیث کو منسوخ کرتے تھے جیسا کہ قرآن کی ایک آیت دوسری آیت کو منسوخ کرتی ہے"

(3) قال الامام الحافظ ناصر السنة محمد بن مسلم الزهری المدنیؒ م124ھ کان القوم یرون ان الأخر من فعل رسول الله ﷺ هو الناسخ الاول (ناسخ الحدیث ومنسوخه ابن شاهین ص36)

"امام زہریؒ نے فرمایا کہ قوم (صحابہؓ و تابعینؒ) آپ ﷺ کے آخری فعل کو دیکھا کرتی تھی (اس لئے کہ) وہ پہلے کو نسخ کرنے والا ہے"

﴿یہ حدیث واصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) تحریم نکاح المتعة لابن ابی حافظ ج1 ص44 رقم 31 باب صحه نسخ السنة کمایصح نسخ القرآن

(2) الناسخ والمنسوخ لابن شاهین ج1 ص35 و 36

(3) کتاب الاعتبار من الناسخ والمنسوخ من الآثار للحازمی ج 1ص 23

(4) الفقیه والمتفقه للخطیب ج 1ص 331 باب من الناسخ والمنسوخ

(5) الکامل لابن عدی ج 7ص 386 رقم661

(6) رسوم الحدیث فی علوم الحدیث للجعبری ج1 ص87 طریق معرفة النسخ

(7) مفتاح الجنة فی الاحتجاج بالسنة للسیوطی ج1 ص43 وغیرها

(8) تفسیر القرطبی ج5 ص205 سورة النساء رقم43

(9) غرر الفوائد المجموعة للرشید العطار ج 1ص 289

(10) تحفة الاشراف للمزی ج 13ص 420 رقم 19549

(11) شرح مسلم للنووی ج4 ص37 باب بیان ان الجماع کان فی اول الاسلام

(12) شرح موطأ لامام محمد للزرقانی ج 1ص 197 باب واجب الغسل اذاالتقی

(13) نصب الرأیہ تخریج احادیث الھدایہ للحافظ الزیلعی ج1 ص82 فصل فی الغسل

(14) صحیح لابی نعیم ج1 ص390 رقم 777 باب ذکر نسخ لاغتسال من الاکسای

(15)المسودہ فی اصول الفقہ لابن تیمیہ ج1 ص338

(16)مناقب ابی حنیفہ للموفق مکی ج1 ص93

(17)مناقب ابی حنیفہ للکردری ج1 ص143،144

(18)الرسالۃ للشافعی ج 1ص 113،210،

(19)کتاب الام للشافعی ج1 ص148 ج7 ص201

(20)تاریخ ابی زرعہ ج 1ص 620

(21) الباعث الحثیث لابن کثیر ص 92

(22)اخبار ابی حنفیہ للحافظ الصیمری ج 1ص 25

(23)الفصول لابی بکر الجصاص الرازی ج 1ص 127 تلک عشرۃ کاملۃ

اصول نمبر (13) فقہاء ومحدثین ابواب میں پہلے عموماً منسوخ بعد میں ناسخ حدیث لاتے ہیں۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابن شہاب الزہری المدنیؒ م124ھ کان القوم (ای الصحابہ والتابعین) یرون ان الآخر من فعل رسول اللہ ﷺ ھو الناسخ الاول (تاریخ ابی زرعۃ ص 317)

"امام ابن شہاب زہریؒ نے فرمایا کہ (صحابہؓ وتابعینؒ کی) قوم آپ ﷺ کے آخری فعل کو پہلے (فعل کا) ناسخ سمجھتی تھی"

(2) قال الامام الحافظ المحدث الحسن بن صالح کان ابو حنیفۃ شدید الفحص عن الناسخ من الحدیث والمنسوخ فیعمل بالحدیث اذاثبت عندہ عن النبی ﷺ وعن الصحابۃ وکان عارفا بحدیث اھل الکوفۃ وفقہ اھل الکوفۃ شدید الاتباع لما کان علیہ الناس ببلدہ وکان حافظا لفعل رسول اللہ ﷺ الاخیر الذی قبض علیہ مما وصل الی اھل بلدہ وقال سفیان الثوریؒ وکان ابو حنیفہ یطلب احادیث الثقات والاخر من فعل النبی ﷺ

وما ادرك عليه عامة العلماء من اهل الكوفة في اتباع الحق اخذبه وجعله دينه (اخبار ابی حنیفہ نیمہ ص 11، ص 67)

"امام حسن بن صالح نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہ ناسخ و منسوخ حدیث کی مضبوط چھان بین کرنے والے تھے اور عمل کرتے تھے اس حدیث پر جو نبی ﷺ اور صحابہؓ سے ثابت ہوتی تھی اور اہل کوفہ کی احادیث کو پہچاننے والے تھے اور فقہ (حدیث) میں اہل کوفہ کی مضبوطی سے اتباع کرتے تھے اس لئے کہ ان کے شہر کے لوگ (فقہاء محدثین) اس پر تھے اور (امام ابو حنیفہ) رسول اقدس ﷺ کے اس آخری فعل کے حافظ تھے جس پر آپ ﷺ نے وفات پائی اس میں سے جو (احادیث) ان کے شہر والوں کو پہنچی"

(3) قال الامام الحافظ المحدث ابو زکریا النووی متوفی 676ھ باب الوضوء مماست النار ذکر مسلمؒ في هذا الباب الاحاديث الواردة بالوضوء مماست النار ثم عقبها بالاحاديث الواردة بترك الوضوء مماست النار فكانه يشير الى ان الوضوء منسوخ هذه عادة مسلم وغيره من ائمه الحديث يذكرون الاحاديث التي يرونها منسوخه ثم يعقبونها بالناسخ (شرح مسلم للنوی ج 1 ص 156)

"امام ابو زکریا نوویؒ نے فرمایا باب الوضوء مماست النار میں امام مسلمؒ نے ذکر کیا اس باب میں ایسی احادیث کو جو وارد ہوئی ہیں کہ آگ سے پکی ہوئی چیز پر وضوء (واجب ہے) پھر اس کے بعد ان احادیث کو ذکر کیا جن میں آگ سے پکی چیز پر ترک وضوء وارد ہوا ہے گویا کہ اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ وضوء (واجب) والی روایات منسوخ ہیں یہی امام مسلمؒ اور دیگر محدثین کی عموماً عادت ہے کہ وہ ان احادیث کو پہلے ذکر کرتے ہیں جو منسوخ ہوں پھر اس کے بعد ناسخ احادیث کو ذکر کرتے ہیں"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) ناسخ الحدیث و منسوخہ لابن شاہین ص 36 (2) اعلام العالم لابن الجوزی ج 1 ص 354
(3) والمعتمد ج 2 ص 37 (4) الاعتبار للحازمی ج 1 ص 48

(5) التقریب للنطوی ج 1 ص77 (6) المنهل الروی ج 1 ص61
(7) مشیخة القزوینی ج 1 ص103 (8) الشذا الضیاح ج 2 ص460
(9) المقنع ج 2 ص452 وغیرھا

اصول نمبر (14) جس حدیث کو اہل مدینہ و اہل کوفہ کا تعامل حاصل ہو وہ ناسخ و معمول بہا ہے۔

(1) قد قال الامام الحافظ المحدث ابن القاسم المصریؒ وقال مالك (بن انس المدنی) لا اعرف رفع الیدین فی شئی من تکبیر الصلاة لافی خفض ولافی رفع الافی افتتاح الصلاة الی ان قال وکان رفع الیدین عندمالك ضعیفا الا فی تکبیرة الاحرام (المدونة الکبری ج 1 ص165)

"امام ابن القاسم مصریؒ نے فرمایا کہ سیدنا مالکؒ نے فرمایا میں نہیں پہچانتا نماز کی تکبیروں میں کسی جگہ رفع الیدین کرنے کو نہ نیچ میں نہ اونچ میں مگر شروع نماز میں (امام ابن القاسمؒ نے فرمایا) کہ امام مالکؒ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع الیدین کرنا ضعیف ہے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابن القیم متوفی 781ھ فائدة من اصول مالك اتباع عمل اهل المدینة وان خالف الحدیث (بدائع الفوائد ج 4 ص32)

"امام ابن القیمؒ نے فرمایا کہ فائدہ امام مالکؒ کے اصول میں سے یہ ہے اہل مدینہ کے عمل کی اتباع کرنا اگرچہ وہ حدیث کے مخالف ہو"

(3) قال الامام الحافظ المحدث الحسن بن صالح کان ابوحنیفة شدید الفحص عن الناسخ من الحدیث والمنسوخ فیعمل بالحدیث اذاثبت عنده عن النبی ﷺ وعن اصحابة وکان عارفا بحدیث اهل الکوفة وفقه اهل الکوفة شدید الاتباع لما کان علیه الناس ببلده الی ان قال وکان حافظا لفعل رسول الله ﷺ الاخیر الذی قبض علیه مما وصل الی اهل بلده (اخبار ابی حنیفة ص 11)

"امام حسن بن صالحؒ نے فرمایا کہ امام ابوحنیفہؒ ناسخ و منسوخ حدیث کی مضبوط چھان بین کرنے والے تھے اور عمل کرتے تھے اس حدیث پر جو نبی ﷺ اور صحابہؓ سے ثابت ہوتی

تھی اور اہل کوفہ کی احادیث کو پہچاننے والے تھے اور فقہ (حدیث) میں اہل کوفہ کی مضبوطی سے اتباع کرتے تھے اس لئے کہ ان کے شہر کے لوگ (فقہاء محدثین) اس پر تھے اور (امام ابوحنیفہ) رسول اقدس ﷺ کے اس اخری فعل کے حافظ تھے جس پر آپ ﷺ نے وفات پائی اس میں سے جو (احادیث) ان کے شہر والوں کو پہنچی"

(4) قال الامام الحافظ المحدث الفقیہ سفیان الثوریؒ الکوفی متوفی 161ھ کان (ابو حنیفة) واللہ شدید الاخذ للعلم الی ان قال لا یستحل ان یاخذ الا بما یصح عندہ من الآثار (یعنی الاحادیث) عن النبی ﷺ شدید المعرفة بناسخ الحدیث ومنسوخه وکان یطلب احادیث الثقات والآخر من فعل النبی ﷺ وما ادرک علیه عامة العلماء من اهل الکوفة فی اتباع الحق اخذ به وجعله دینه (اخبار ابی حنیفة ص 75)

"امام سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ اللہ کی قسم امام ابوحنیفہ علم لینے میں مضبوط تھے حلال نہیں سمجھتے تھے (حدیث) لینا مگر جو ان کے نزدیک صحیح احادیث وا ثار ہوتے نبی اقدس ﷺ سے ناسخ منسوخ حدیث لینے کے زیادہ ماہر تھے اور (امام ابوحنیفہؒ) ثقہ راویوں سے احادیث لیتے تھے اور جو نبی اقدس ﷺ کا آخری فعل کو لینے والے تھے اور ان احادیث کو لیتے تھے جس پر اپنے شہر کے عام فقہاء وعلماء کو پاتے اتباع حق کی نیت سے (ان احادیث) کو لیتے اور اپنا دین بنا لیتے تھے۔

(5) قال الامام الحافظ المحدث الفقیہ محمد بن حسن الشیبانیؒ متوفی 189ھ وهو قول ابی حنیفةؒ والعامة من فقهائنا وقال فی مقام آخر وعلیه العامة (من فقهائنا) عندنا وقال فی مقام آخر وبهذا ناخذ . وهو قول ابی حنیفة والعامة من فقهائنا (موطا محمد ص 45، ص 68، ص 135)

"امام محمد بن حسن الشیبانیؒ نے فرمایا اور یہی قول ہے امام ابوحنیفہ کا اور ہمارے عام فقہاء کا اور فرمایا کہ اسی پر ہمارے عام فقہاء ہیں اور فرمایا کہ اسی کو ہم لیتے ہیں اور یہی قول امام ابوحنیفہ کا ہے اور ہمارے عام فقہاء کا"

(6) قال الامام مالک بن انسؒ م 179ھ وهذا الامر الذی ادرکت علیه الناس واهل

العلم ببلدنا (موطامالك ج 2 ص 17 رقم 31، ج 3 ص 443 رقم 1096)

"سیدنا امام مالکؒ نے فرمایا اور یہ امر ایسا ہے کہ اس میں میں نے (مدینہ کے) لوگوں کو پایا اور جو مدینہ کے اہل علم ہیں"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1) شرح ابن ماجه ج 1 ص 208
(2) مرقاة ج 5 ص 2022
(3) الدر المختار ج 6 ص 660
(4) المنتقى للباجى ج 1 ص 206
(5) التمهيد ج 7 ص 222
(6) وكشف المشكل من حديث الصحيحين ج 2 ص 537
(7) احكام الاحكام ج 1 ص 227
(8) فتح البارى لابن رجب ج 5 ص 59
(9) طرح التثريب ج 2 ص 265
(10) فتح البارى لابن حجر ج 2 ص 411

اصول نمبر (15): تعدد طرق کی وجہ سے ضعیف حسن وصحیح درجے تک پہنچ جاتی ہے۔

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابن الصلاحؒ م 643ھ اذا راوی الحدیث متاخرا عن درجة اهل الحفظ والاتقان غير ان من المشهورين بالصدق والستر وروى مع ذلك حديثه من غير وجه فقد اجتمعت له القوة من الجهتين و زلك يرقى حديثه من درجة الحسن الى درجة الصحيح۔ (مقدمه ابن الصلاح ص 34، ص 35 النوع الثانی)

"سیدنا امام ابن الصلاحؒ نے فرمایا کہ جب حدیث کا راوی پختہ حفظ والے لوگوں سے کم درجہ کا ہو البتہ صدق میں مشہور ہو جب کہ یہ حدیث اور سندوں کے ساتھ بھی مروی ہو تو اسے قوت حاصل ہو جاتی ہے اور اس کی حدیث درجہ حسن سے ترقی کر کے درجہ صحیح تک پہنچ جاتی ہے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابن الهمامؒ م 861ھ و قد روى هذا المعنى من عدة طرف كلها مصنعفة من قبل بعض الرواة و بذلك تقى الى درجة الحسن عند المحققين وهو الصواب وقال فى مقام آخر فقد ظهر أن هذا الحديثيجب ان يرتقى الى درجة الهسن لتعدد طرقه و ضعف رواة انما هو قبل الحفظ الاالعدالة۔

(فتح البارى لابن الهمام ج 1 ص 351، ج 2 ص 329)

"سیدنا امام ابن الھمامؒ نے فرمایا کہ کبھی حدیث کا مضمون متعدد سندوں سے روایت کیا

جا تا ہے اور وہ سب سندیں کسی راوی کی وجہ سے ضعیف ہوتی ہیں متعدد سندوں کی وجہ سے وہ حدیث محققین کے نزدیک درجہ حسن تک پہنچ جاتی ہے اور یہی صحیح بات ہے اور دوسری جگہ فرمایا ظاہر ہوگئی یہ بات کہ یقیناً یہ حدیث متعدد سندوں کی وجہ سے ترقی کر کے درج حسن تک پہنچ گئی ہے باوجود اس بات کہ اس کے راوی ضعیف ہیں مگر اس کا ضعف حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے ہے نہ کہ غیر عادل ہونے کی وجہ سے"

(3)قال الامام الحافظ المحدث ابو الخير السخاوی م 902 ء أن الضعيف الذی ضعفه من جهة قلة حفظ روايه و كثرة غلطه لامن جهة اتهامه بالكذب اذا روى مثله بسند آخر نظيره فی الرواية ارتقى الى درجة الحسن۔ (فتح المغيث للسخاوی ج 1 ص189)

" سیدنا امام سخاویؒ نے فرمایا کہ ایسا ضعیف راوی جس کا ضعف اس کے حافظہ کے کم اور کثرتِ اغلاط کی وجہ سے ہو، نہ کہ جھوٹ کی تہمت کی وجہ سے اس راوی کے مضمون جیسا کسی اور نے دوسری سند میں مضمون بیان کیا ہو تو یہ روایت ترقی کر کے درجہ حسن تک پہنچ جاتی ہے"

﴿یہ اصول درج ذیل کتب میں ہیں﴾

(1) الاقتراح فی بیان الاصطلاح ج 1 ص11 (2) الموقظة فی علم مصطلح الحديث ج 1 ص33
(3) النكت على مقدمة ابن الصلاح للزركشی ج 1 ص100 (3) الشذ الفياح من علوم ابن الصلاح ج 1 ص114
(5) المقنع فی علوم الحديث ج 1 ص100 (6) التقييد والايضاح ج 1 ص51
(7) النكت على كتاب ابن الصلاح ج 1 ص416 (8) تدريب الراوی ج 1 ص191
(9) شرح نخبة الفكر للعلی القاری ج 1 ص297 (10) تيسير التحرير لامير بادشاه ج 3 ص134

تلك عشرة كاملة

﴿حدیث کی اصطلاحی تعریف واطلاق﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر العسقلانی ولد 773ھ مات 852ھ:السنة والحديث والخبر والاثر الفاظ مترادفة بمعنى واحد على خلاف بين العلماء فی ذلك وهوما اضيف الى النبی ﷺ من قول او فعل او تقرير اوصفة او الى الصحابی اوالى التابعی (شرح نخبة الفكر

ص ن طبع دمشق)

" حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ سنت حدیث خبر اور اثر یہ الفاظ مترادفہ ایک ہی معنی میں ہیں (لغۃ) علماء کے درمیان اس میں اختلاف ہے اور (سنت حدیث خبر اور اثر) یہ وہ (اصطلاحات) ہیں جن کی نسبت نبی کریم ﷺ کی طرف کی گئی ہو قولا یا فعلا یا تقریرا یا صفۃ یا صحابی کی طرف یا تابعی کی طرف"

(2) قال العلامۃ المحدث ظفر احمد العثمانی ولد 1310 مات 1394: الحدیث فی عرف الشرع مایضاف الی النبی ﷺ وکانہ ارید بہ مقابلۃ القرآن لانہ قدیم وقال الطیبی الحدیث اعم من ان یکون قول النبی ﷺ او الصحابی او التابعی وفعلھم وتقریرھم

(قواعد فی علوم الحدیث ص 24)

"علامہ ظفر احمد عثمانیؒ نے فرمایا کہ شریعت کی اصطلاح میں حدیث وہ ہے جس کی نسبت نبی کریم ﷺ کی طرف کی گئی ہو اور گویا کہ اس میں قرآن کے مقابلے کا ارادہ کیا گیا ہے اس لئے کہ وہ (قرآن) قدیم ہے طیبیؒ نے فرمایا کہ حدیث نبی ﷺ یا صحابیؓ یا تابعیؒ کے قول اور ان کے فعل اور ان کی تقریر کو شامل ہے"

﴿ صحیح لذاتہ حدیث کی تعریف و شرائط ﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث الفقیہ الکبیر ابوحنیفہ التابعی الکوفی و 61ھ، 70ھ، 80ھ وم 150ھ اخذت بسنۃ رسول اللہ ﷺ والاثار الصحاح (ای الاحادیث)عنہ التی فشت فی ایدی الثقات وفی روایۃ قال ابو حنیفہ اذجاء الحدیث عن النبی ﷺ عن الثقات اخذ نا بہ وفی روایۃ قال ابن المبارک سأل ابو عصمۃ اباحنیفہ ممن تامرنی ان اسمع الاثار (ای الاحادیث)قال من کل عدل فی ھواہ الا الشیعہ فان اصل عقدھم تضلیل اصحاب محمد ﷺ

" سیدنا امام اعظم ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ میں نے سنت رسول اللہ ﷺ اور ان آثار صحیحہ کو لیا ہے جو ثقات کے ہاں روزِ روشن کی طرح عیاں ہو گئے تھے ایک اور روایت میں ہے کہ امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ جب ثقات کے ذریعے ہم تک نبی کریم ﷺ کی حدیث آجائے تو ہم

اس کو لیں گے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ابن المبارکؒ نے فرمایا کہ ابو عصمہؒ نے امام ابو حنیفہؒ سے پوچھا کہ آپ مجھے کس آدمی سے احادیث کے سننے کا حکم کرتے ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ برائے نام مومن کے علاوہ ہر عادل آدمی سے لینا کیونکہ انہوں نے اصحاب محمد ﷺ کو گمراہ کہنا اپنے پلے باندھ رکھا ہے"

(1)اخبار ابی حنیفه للصمیری ص10،66 (2)الانتقاء لابن عبدالبر ص 142
(3)مناقب ابی حنیفه وصاحبیه للذهبی ص34 (4)تاریخ بغداد ج13 ص340
(5)مناقب موفق مکی ج1 ص89، (6)الکفایه للخطیب ص 126وغیرها)

(2) قال الامام الحافظ المحدث الکبیر شعبة بن الحجاج المصری م160ھ خذوا العلم (یعنی الاحادیث)من المشهورین (الجرح والتعدیل ج2 ص29)

"امام شعبہ بن حجاجؒ فرماتے ہیں علم (احادیث) مشہور لوگوں سے حاصل کرو"

(3) قال الامام الحافظ المحدث الکبیر الفقیه سفیان الثوری الکوفی م161ھ:اذا حدثك ثقة عن ثقة فخذه (الجرح والتعدیل ج 2ص 29)

"امام سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ جب تجھے ثقہ راوی ثقہ سے حدیث بیان کرے پس تم اس کو لے لو"

(4) قال الامام الحافظ المحدث سعد بن ابراہیم: خذوا الحدیث من الثقات وفی روایة لا یحمل الحدیث الاعن ثقة (الجرح والتعدیل ج2 ص29)

"امام سعد بن ابراہیم فرماتے ہیں کہ ثقات سے حدیث حاصل کرو ایک روایت میں ہے کہ حدیث نہ لو مگر ثقہ سے"

(5) قال الامام الحافظ المحدث الفقیه محمد بن ادریس الشافعی م204ھ اذا حدث الثقة عن الثقة حتی ینتهی الی رسول الله ﷺ فهو ثابت عن رسول الله ﷺ (المدخل للبیهقی ص104 رقم 24)

"امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جب ثقہ ثقہ سے حدیث بیان کرے یہاں تک کہ آپ ﷺ تک پہنچا دے پس وہ آپ ﷺ سے ثابت حدیث ہے"

(6) قال الامام الحافظ المحدث الکبیر محمد بن یحی الذھلی النیسابوری م258ھ ولایجوز الاحتجاج الابالحدیث الموصل غیرالمنقطع الذی لیس فیه رجل مجھول ولا رجل مجروح (الکفایه ص20)

"امام محمد بن یحی الذھلی فرماتے ہیں کہ ایسی حدیث سے دلیل پکڑنا جائز ہے جو ملی ہوئی ہو منقطع نہ ہو (حدیث متصل) وہ کہ جس میں نہ مجہول آدمی ہو نہ مجروح ہو"

(7) قال الامام الحافظ المحدث الکبیر محمد بن اسماعیل البخاری و 194ھ م 256ھ

ماادخلت فی کتابی الجامع الاماصح وترکت من الصحاح لحال الطوال وفی روایة ماترکت من الصحیح اکثر

(1)مسألة الاحتجاج بالشافعی للخطیب ص50 (2)شروط الائمه الخمسه ص49

(3)للحازمی شروط الائمه لابن طاھر ص11 (4)ظفرالامانی للعبدالحی ص80، 81

"سیدنا امام بخاریؒ فرماتے ہیں میں نے اپنی کتاب جامع بخاری میں صرف صحیح حدیثیں جمع کی ہیں اور طوالت کی وجہ سے بہت سی صحیح حدیثیں چھوڑ دی۔ ایک روایت میں ہے جو حدیثیں چھوڑی ہیں وہ زیادہ ہیں"

(8) قال الامام الحافظ المحدث مسلم بن حجاج النیسابوریؒ متوفی 261:صنفت ھذاالمسند الصحیح من ثلثمأئةالف حدیث مسموعة وقال فی مقام آخرلیس کل شئی عندی صحیح وضعت ھا ھنا انماوضعت ھا ھنا مااجمعوا علیه وقال ابن طاھر شرط البخاری ومسلم ان یخرجاالحدیث المجمع علی ثقة رجاله الی الصحابی المشھور

(1)صحیح مسلم ج1 ص174 (2)مقدمه مسلم للنووی ج1ص13

(3)تدریب الراوی ج1ص30

"سیدنا امام مسلم بن حجاج نیسابوری فرماتے ہیں میں نے اپنی مسند الصحیح کو تین لاکھ حدیثوں سے تصنیف کیا ہے اور دوسرے مقام پر فرمایا: ہر وہ حدیث جو میرے نزدیک صحیح ہے اسے یہاں درج نہیں کیا۔ میں نے تو ان حدیثوں کو یہاں جمع کیا جن پر ائمہ محدثین کا اتفاق ہے۔ ابن طاہر نے کہا بخاری و مسلم کی شرط یہ ہے کہ وہ ایسی حدیث کی تخریج کرتے ہیں

جس کی سند کے صحابی تک تمام راویوں کے ثقہ ہونے پر اجماع ہو"

(9) قال الامام الحافظ المحدث یحییٰ بن محمد الذھلی النیسابوریؒ متوفی 261: لایکتب الخبر عن النبی ﷺ حتی یرویه ثقة عن ثقة حتی یتناهی الخبر الی النبی ﷺ بهذه الصفة ولایکون فیهم رجل مجهول ولارجل مجروح فاذاثبت الخبرعن النبی ﷺ بهذه الصفة وجب قبوله والعمل به(الکفایه فی علم الروایه ص20)

" نبی ﷺ سے مروی حدیث کو تب ہی لکھا جائے گا جب اسے ثقہ ثقہ سے روایت کرے یہاں تک کہ اسی طرح یہ سلسلہ نبی ﷺ تک پہنچے اوران راویوں میں نہ تو کوئی مجہول ہواور نہ ہی مجروح۔ جب حدیث نبی ﷺ سے اس طرح ثابت ہوجائے تو اسے قبول کرنا اوراس پر عمل کرنا واجب ہے"

(10) قال الامام الحافظ المحدث الکبیر ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ النیسابوری م 311ھ: المسند الصحیح عن النبی ﷺ بنقل العدل عن العدل موصولاً الیه ﷺ من غیر قطع فی اثناء الاسناد ولاجرح فی ناقلی الاخبار

(1)الصحیح ابن خزیمه ج1ص ن، (2)النکت علی ابن الصلاح لابن حجرص66)

" نبی ﷺ سے مروی صحیح حدیث وہ ہوتی ہے جسے عادل راوی عادل سے نقل کرے نبی ﷺ تک سند متصل ہو اسناد کے درمیان کوئی انقطاع نہ ہواور حدیثوں کے ناقلین پر کسی قسم کی کوئی جرح نہ ہو"

(11) قال الامام الحافظ المحدث الخطابی متوفی م 388ھ الصحیح عندهم مااتصل سنده وعدلت نقلته

(1)معالم السنن للخطابی ج1 ص11 (2)مقدمه مسلم ج1 ص16)

"علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ (حدیث) صحیح محدثین کے نزدیک وہ ہے جس کی سند متصل ہواوراس کا نقل ہونا عدالۃً ہو"

(12) قال الامام الحافظ المحدث ابوبکر السیوطیؒ متوفی 911ھ:التنبیه الخامس فی

تحقیق شرط البخاری ومسلم قال ابن طاہر شرط البخاری ومسلم ان یخرجا الحدیث المجمع علی ثقة رجاله الی الصحابی المشهور (تدریب الراوی ج1 ص97)

"سیدنا امام سیوطیؒ نے بخاری ومسلم کے شرط کے متعلق اس ابن طاہر سے نقل کیا ہے کہ بخاری ومسلم کی شرط یہ ہے کہ وہ ایسی حدیث کولاتے ہیں جس کی سند کے صحابیؓ تک تمام راویوں کے ثقہ ہونے پر اتفاق ہو"

﴿حسن لذاتہ کی تعریف وشرائط﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابوعیسی الترمذی متوفیٰ 279ھ: وما ذکرنا فی هذا الکتاب حدیث حسن فانما اردنا حسن اسناده عندنا کل حدیث یروی لایکون فی اسناده من یتهم بالکذب ولایکون شاذا ویروی من غیروجه نحو ذلك فهوعندنا حدیث حسن

(العلل مع الجامع للترمذی ج 2ص 238 ومقدمہ مسلم للنوی ج1 ص16 وتدریب الراوی ص135)

"سیدنا امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے جو اس کتاب میں "حسن" کہا ہے اس سے مراد سند کا حسن ہونا ہے ہمارے نزدیک ہر وہ حدیث حسن ہے جس کی سند میں کوئی راوی متہم نہ ہو اور وہ روایت شاذ بھی نہ ہو اور وہ اسی طرح کی اور سند سے مروی ہو پس وہ حدیث ہمارے نزدیک حسن ہے"

(2) قال الامام الحافظ المحدث الخطابیؒ: والحسن ماعرف مخرجه واشتهر رجاله وعلیه مدار اکثر الحدیث وهوالذی یقبله اکثر العلماء وتستعمله عامة الفقهاء

(1)معالم السنن ج 1ص 11 (2)مقدمہ مسلم للنووی ج1 ص16)

"امام خطابی فرماتے ہیں حسن وہ ہے جس کا مخرج معروف ہو اور اس کے رجال مشہور ہوں اور اسی پر اکثر حدیث کا مدار ہو اور اکثر علماء نے اس کو قبول کیا ہو اور اس کو عام فقہاء نے استعمال کیا ہو"

(3) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر عسقلانیؒ: فان خف الضبط الی ان قال والمراد مع بقیة الشروط المقدمة فی حدالصحیح فهوالحسن لذاته (شرح نخبة الفکر ص30 تاص40)

"سیدنا امام حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ اگر راوی میں ضبط تام نہ ہو تو حدیث حسن لذاتہ ہوتی ہے بقیہ شروط صحیح لذاتہ والی ہیں"

﴿حسن حدیث صحیح کی قسم اور احتجاج میں صحیح کے برابر ہے﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابن الصلاحؒ :من اهل الحديث من لا يفرد نوع الحسن و يجعله مندرجا في انواع الصحيح (مقدمه ابن الصلاح ص 19)

"سیدنا امام ابن الصلاحؒ نے فرمایا کہ اہل حدیث میں سے بعض وہ ہیں کہ جو حسن کو الگ قسم شمار نہیں کرتے بلکہ وہ اس کو صحیح کی اقسام میں داخل کرتے ہیں"

(2) قال امام الحافظ المحدث ابوزکریا النوویؒ متوفی 676ھ :ثم الحسن وان کان دون الصحيح فهو کالصحيح في جواز الاحتجاج به ـ والله اعلم

(1) مقدمه مسلم ج 1ص 17 (2)تقریب مع التقریب ج 1ص 128)

"امام ابوزکریا نوویؒ فرماتے ہیں کہ پھر حسن اگر چہ صحیح سے کم ہے پس وہ جواز احتجاج میں صحیح کی طرح ہے"

(3) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر عسقلانیؒ :الحسن لذاته وهذا القسم من الحسن مشارك للصحيح في الاحتجاج به (شرح نخبه الفكر ص 43،42،ونزهة النظر ص 41)

"امام ابن حجرؒ نے فرمایا حسن لذاتہ، حسن کی یہ قسم استدلال کرنے میں صحیح کے ساتھ شریک ہے"

﴿صحیح احادیث کی دس قسمیں ہیں﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث الکبیر ابوعبداللہ محمد الحاکم النیسابوری متوفی 405:ذکر معرفة انواع الصحيح من الحديث منقسم على عشرة اقسام خمسة متفق عليها وخمسة مختلف فيها (المدخل فی الکتاب الاکلیل ج1 ص33)

"امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ انواع صحیح کی معرفت کا ذکر اور حدیث صحیح دس قسموں پر تقسیم ہوتی ہے پانچ اتفاقی ہیں، پانچ اختلافی ہیں"

(2) قال الامام الحافظ المحدث ابن الاثیر الجزری متوفی 606ھ القسم الاول فی

الصحیح وینقسم الی عشرة انواع خمسة متفق علی صحتها وخمسة مختلف فی صحتها (الجامع الاصول ج 1ص91)

"سیدنا امام ابن الاثیر الجزریؒ نے فرمایا، صحیح حدیث کی اقسام پہلی قسم صحیح کے بیان میں ہے اس کی دس قسمیں ہیں۔ پانچ کی صحت میں اتفاق ہے اور پانچ کی صحت میں اختلاف ہے"

(3) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر عسقلانیؒ واما ما ذکره الحاکم فی کتاب المدخل له ان الصحیح من الحدیث ینقسم عشرة اقسام خمسة متفق علیها وخمسة مختلف فیها (النکت علی مقدمه ابن الصلاح ج1 ص366)

"سیدنا امام ابن حجرؒ نے فرمایا کہ امام حاکم نے اپنی کتاب مدخل میں کہا ہے کہ صحیح حدیث کی دس اقسام ہیں پانچ اتفاقی اور پانچ اختلافی ہیں"

﴿شاذ حدیث کی تعریف (یعنی شاذ لغوی واصطلاحی)﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابو عبداللہ الحاکم النیسابوریؒ: ذکر النوع الثانی والعشرین من علوم الحدیث هذا النوع من معرفة الشاذ من الروایات الی ان قال فاما الشاذ فانه حدیث یتفرد به ثقة من الثقات ولیس للحدیث اصل متابع لذلك الثقه (معرفة علوم الحدیث للحاکم ج1 ص119)

"امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ علوم حدیث میں سے 22ویں قسم کا ذکر ہے یہ روایات میں سے شاذ کی معرفت ہے شاذ وہ حدیث ہے کہ ثقہ ثقات سے روایت کرنے میں اکیلا ہو اور اس ثقہ کی حدیث کا کوئی متابع بھی نہ ہو"

تنبیہ: امام طحاویؒ م 321ھ امام بن حارث قیروانیؒ م 361ھ، امام ابو یعلیٰ م 446ھ م446ھ کے نزدیک بھی یہی تعریف ہے جو لغوی ہے۔

(2) قال الامام الحافظ المحدث یونس بن عبدالاعلی قال لی الشافعیؒ: لیس الشاذ من الحدیث ان یروی الثقة مالا یرویه غیره هذا لیس بشاذ انما الشاذ ان یروی الثقة حدیثا یخالف فیه الناس هذا الشاذ من الحدیث (معرفة علوم الحدیث ص119 باب ایضا)

"امام ابو یونس بن عبد الاعلیٰؒ نے فرمایا کہ مجھے امام شافعیؒ نے فرمایا کہ شاذ یہ نہیں کہ اس کو ثقہ نقل کرے اس کے علاوہ کوئی نقل نہ کرے یہ شاذ نہیں ہے شاذ تو یہ ہے کہ ثقہ ثقات کی مخالفت کرے یہ حدیث شاذ ہے"

﴿بعض لوگ تحقیق نہیں کرتے بلکہ بغیر تحقیق کے متقدمین کی اندھی تقلید کرتے ہیں﴾

(1) قال الامام الحافظ المحدث ابن حجر عسقلانی الشافعیؒ متوفی 852ھ ان کثیر امن المحدثین وغیرھم (یعنی العلماء) یستروحون بنقل کلام من یتقدمھم مقلدین له ویکون الاول مااتقن ولا حرربل یتبعونه تحسینا للظن به والاتقان بخلاف (ذلک)

(ھدی الساری لابن حجر ص 466 منیریہ مصر و فی نسخۃ 648 بیروت وفی نسخۃ ج 1 ص 465 بیروت)

"سیدنا ابن حجرؒ نے فرمایا کہ بہت سے محدثین وعلماء پہلے والوں کی تقلید کرتے ہوئے ان کے کلام کو نقل کرکے راحت محسوس کرتے ہیں اور پہلے والے نے تحقیق کرکے لکھا نہیں ہوتا اور محدثین وعلماء حسن ظن کرکے اس کی اتباع کرتے ہیں حالانکہ حقیقت اس کے خلاف ہے"

﴿ان الفاظ کا بیان جن سے نسخ منع وترک ثابت ہوتا ہے﴾

چند مثالیں اور نمونے درج ذیل ہیں:

(1) سیدنا عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا اول مانسخ من القرآن تحویل قبلہ پہلے بیت المقدس پھر بیت اللہ قبلہ ٹھہرا ہے۔(الناسخ والمنسوخ للقاسم ج 1 ص 18، الناسخ والمنسوخ للنحاس ج 1 ص 17)

فائدہ: اس میں پہلے اور بعد کے لفظ ترک سے نسخ منع ثابت ہے

(2) سیدنا زید بن ارقمؓ سے مرفوعا ہے کہ ہم آپ ﷺ کے پیچھے نماز میں باتیں کرتے تھے حتی کہ اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی (وقوموا للہ قانتین، البقرہ رقم 238) پھر نماز میں سکوت کا حکم ہوا باتیں کرنے سے منع کر دیا گیا۔ نھینا عن الکلام ناسخ للکلام فی الصلاۃ (الناسخ والمنسوخ للقاسم ج 1 ص 24، الناسخ والمنسوخ للنحاس ج 1 ص 80)

فائدہ: اس میں نھینا عن الکلام وامرنا بالسکوت کے لفظوں پہلے اور بعد سے نسخ

وترک ومنع ثابت ہے۔

(3) سیدنا زید بن حارثؓ وابوھریرہؓ وسیدہ عائشہؓ وسیدنا سلمۃ بن سلامۃؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آگ کی پکی ہوئی چیز سے وضوء واجب ہے لیکن سیدنا ابن عباسؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ نے بکری کا بھنا ہوا شانہ کھایا (اکل کتف شاۃ ثم صلی ولم یتوضا) پھر نماز پڑھی اور نیا وضوء نہیں کیا اور سیدنا جابر بن عبداللہؓ نے فرمایا کان آخرالامرین من رسول اللہ ﷺ ترک الوضوء مما مست النار) آخر حکم وامر رسول اقدس ﷺ سے ترک وضوء کا ہے۔

(1) صحیح مسلم ج1 ص156،157 باب نسخ الوضوء ممامست النار

(2) صحیح ابوداود ج1 ص48 باب فی ترک الوضوء ممامست النار

(3) صحیح الترمذی ج1 ص116 باب فی ترک الوضوء ممامست النار

(4) صحیح النسائی ج1 ص108 باب ترک الوضوء مماغیرت النار

(5) صحیح ابن ماجہ ج1 ص164 باب الرخصۃ فی ذلک

(6) ناسخ الحدیث ومنسوخہ لابن شاہین ج1 ص73 باب الخلاف فی ذلک ونسخ الوضوء ممامست النار

(7) الاعتبار فی الناسخ للحازمی ج1 ص46 وباب الوضوء مما مست النار

(8) الاعلام العالم بعدرسوخہ بناسخ الحدیث ومنسوخہ لابن الجوزی ج۱ ص104، 107، باب الوضوء ممامست النار وذکرمایخالف ھذاوغیرھا۔

فائدۃ: ان مذکورہ احادیث میں لفظ ولم یتوضأ وآخرالامرین اورترک کے الفاظ سے نسخ وترک ومنع ثابت ہے۔ وللہ الحمد

(4) قیام للجنازۃ عن عثمانؓ، سعید بن زیدؓ ابن عمرؓ، عبداللہ بن عمروؓ، سھل بن حنیفؓ، قیس بن سعدؓ، جابر بن عبداللہؓ، زید بن ثابتؓ، یزید بن ثابتؓ، ابوسعید الخدریؓ، عامر بن ربیعہؓ، حسین بن علیؓ، ابن عباسؓ، ابوھریرہؓ وغیرھم سے مرفوعا ثابت ہے لیکن سیدنا علیؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ مافعل ذلک رسول اللہ ﷺ الامرۃ واحدۃ فلمانھی انتھی وفی روایۃ انما قام رسول اللہ ﷺ مرۃ واحدۃ ثم لم یعد قال ابن شاہین فھذا یدل علی ان الحدیث فی القیام للجنازۃ منسوخ بقول علیؓ الامرۃ واحدۃ

(1) اعلام العالم بعد رسوخہ بناسخ الحدیث ج1 ص297 و منسوخہ لابن الجوزی ج1 ص297

(2)السنن الکبری للنسائی ج 2ص 421رقم باب الرخصة فی ترک القیام

(3)امالی المحاملی ج1 ص184 رقم159 حدیث بشر بن مطر ج1 ص4 رقم3 وغیرھا)

(4) ناسخ الحدیث ومنسوخه لابن شاھین ج1 ص 300،295،حدیث آخر وھو فی القیام للجنازة

(5)مسندالحمیدی ج1 ص178، 179رقم 50، 51،

(6)مصنف ابن ابی شیبه ج 3 ص40 رقم11919

فائدہ: ان مذکورہ احادیث میں الامرة واحدة اور نھی اور ثم لم یعد کے لفظوں سے نسخ وترک ومنع ثابت ہے۔

(5) بتصریح سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ، سعد بن ابی وقاصؓ، وائل بن حجرؓ پہلے رکوع میں تطبیق تھی پھر بعد میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم ہوا تطبیق والا عمل منسوخ، متروک منع ہو گیا انـــــا

نھینا وامرنا قد کنا نفعل ھذاثم امرنا بھذا وقد ترک کنا نفعل ذلك حتی نھینا عنه وامرنا وکان یفعل ثم ترك عن عبداللہ بن مسعودؓ، وائل بن حجرؓ، سعد بن ابی وقاصؓ وغیرھم

(1)صحیح مسلم ج1 ص378 باب الندب الی وضع الایدی علی الرکب فی الرکوع ونسخ التطبیق

(2) الصحیح السنن لابی داؤد ج1 ص199باب من لم یذکر و ص229 باب وضع الیدین علی الرکبتین

(3)الصحیح والسنن للترمذی ج2 ص 43باب ماجاء فی وضع الیدین علی الرکبتین فی الرکوع

(4)الصحیح والسنن المجتبی للنسائی ج 2 ص 184 ، 185 باب التطبیق

(5)الصحیح والسنن ابن ماجه ص 283 باب وضع الیدین علی الرکبتین

(6) کتاب الاثار لابی حنیفه بروایت القاضی ج1 ص49 رقم252 باب السھو

(7)مسند ابو داؤد الطیالسی ج 1ص 168رقم204

(8)مصنف عبدالرزاق ج2 ص151 باب کیف الرکوع والسجود ص 179 باب موضع الیدین

(9)مسندالحمیدی ج1 ص193 رقم79 احادیث سعد بن ابی وقاص

(10)مسندابن ابی شیبه ج 1ص 140رقم188ص 158رقم 222

(11)مصنف ابن ابی شیبه ج 1ص221 رقم2540 تا 2544 باب من کان یطبق یدیه بین فخذیه

(12)مسنداحمد ج 6ص68 رقم3588

(13)جزء رفع الیدین للبخاری ص28رقم 32

(14)مسندالبزار ج 4ص301 رقم1479 ص355 رقم1558 ج 5ص 46رقم1608

(15)السنن الکبری للنسائی ج 1ص 321رقم623، 625 باب التطبیق وباب نسخ ذلك

(16)مسندابی یعلی ج2 ص134 رقم812 ج9 ص114 رقم5184 ص 139رقم5203

(17)المنتقی لابن الجارود1ص 59رقم196 صفة صلاة رسول اللہ ﷺ

(18)صحیح ابن خزیمہ ج 1 ص 301 رقم 595، باب ذکر نسخ التطبیق فی الرکوع

(19)مختصر الاحکام للطوسی ج 2ص 104 رقم 238،239، باب ماجاء فی وضع الید علی الرکبة

(20)حدیث السراج ج 2ص 70 رقم 265، 266، 267، ص 106 رقم 445 وغیرھا

(21)صحیح ابن عوانہ ج 1 ص 485 رقم 1804 تا 1808، 1809 والبیان المعارض انہ منسوخ

(22)سنن شرح معانی الاثار للطحاوی ج 1 ص 229 باب التطبیق فی الرکوع

(23)المسند للشاشی ج 1ص 274 رقم 367

(24)صحیح ابن حبان ج 5ص 200، 201 رقم 1882 باب ذکرالاسربوضع الیدین الخ

(25)سنن الدارقطنی ج 2ص 137 باب ذکر نسخ التطبیق الخ

(26)المستدرک للحاکم ج 1ص 346 رقم 815

(27)صحیح ابی نعیم ج 2 ص 134 رقم 1176 باب التطبیق فی الرکوع

(28)السنن الکبری للبیھقی ج 2ص 112 رقم 2532 ص 171 رقم 2542 ص 119 رقم 2543

(29)معرفة والسنن والآثار للبیھقی ج 2 ص 436 باب وضع الیدین علی الرکبتین فی الرکوع ونسخ التطبیق

(30)شرح السنة للبغوی ج 3ص 93 باب ھیئة الرکوع

(31)معجم ابن عساکر ج 2ص 1055 رقم 1364

(32)الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الاثار للحازمی ج 1 ص 6، 83، باب ماجاء فی التطبیق

(33)الاعلام العالم بعدرسوخه بناسخ الحدیث ومنسوخه لابن الجوزی ج 1 ص 221، 222،

فائدہ : ابوشعیب احادیث صحیحہ کے الفاظ ثم امرنا بھذا وقد ترک وثم ترک و نھینا وبتصریح ائمہ تطبیق فی الرکوع منسوخ، متروک ومنع ہے۔ وللہ الحمد

﴾درج ذیل ائمہ نے ناسخ منسوخ پر کتب لکھی ہیں﴿

(1)امام قتادہ متوفی 117

(2)امام زھری متوفی 124

(3)امام قاسم بن سلام متوفی 224

(4)امام ابوبکر الاثرم متوفی 273

(5)امام ابوجعفر النحاسی متوفی 338

(6)امام ابن شاھین متوفی 385

(7)امام ھبةاللہ المقری متوفی 410

(8)امام ابن حزم متوفی 456

(9)امام ابوبکر محمد الحازمی متوفی 584

(10)امام عبدالرحمن بن الجوزی متوفی 597

(11)امام ھبةاللہ ابن البارزی متوفی 738

(12)امام مرعی بن یوسف متوفی 1033

(13)امام ابوجعفر الطحاوی متوفی 321

خلاصہ: قال ابوشعیب نھینا، ترک، امرنا بلم، الامرة واحدة، ثم لم یعد، وقد ترک، ثم ترک، **وغیرھا کے الفاظ ناسخ ومنع وترک ثابت کرتے ہیں۔ وللہ الحمد**

﴿رفع اليدين فی الصلاۃ کی تفصیل﴾

مسئلہ رفع الیدین فی افتتاح الصلاۃ عندالرکوع وعندالسجود واذاقام بین الرکعتین واذاقام من الرکعتین نبی ﷺ کے دور نبوت میں تین حالتوں پر مبنی ہے کمارو ی عن معاذبن جبلؓ قال احیلت الصلاۃ ثلاثۃ احوال الحدیث

(1)الصحیح والسنن لابی داؤد ج1 ص138 رقم506 ص140 رقم507)

"سیدنا معاذ بن جبلؓ سے مروی ہے فرمایا کہ نماز کے احکام تین دفعہ تبدیل ہوئے ہیں۔

﴿یہ حدیث درج ذیل کتب میں ہے﴾

(1)مسنداحمد ج36 ص436 رقم22124 (2)صحیح ابن خزیمہ ج1 ص199 رقم383،384

(3)شرح مشکل الاثار ج 1ص417 رقم478 (4)المسندللشاشی ج 3ص209 رقم1362-1363

(5)معجم ابن الاعرابی ج 2ص 421رقم806 (6)المعجم الکبیر للطبرانی ج 20ص 132رقم 270

(7)السنن الکبری للبیھقی ج 1ص576 رقم1838 (8)معرفۃ السنن والآثار للبیھقی ج6 ص224رقم 8528

(9)التمھید لابن عبدالبر ج 24ص26 (10)جامع الاصول لابن الاثیر ج 5ص 271رقم3355

﴿اثبات حالت اول یعنی سجدوں کی رفع الیدین کا ثبوت﴾

(1)عن ابن عمرؓ مرفوعا یرفع یدیہ فی الرکوع والسجود وفی روایۃ کان یرفع یدیہ اذا رکع واذاسجد وفی روایۃ کان یرفع یدیہ فی کل خفض ورفع وبین السجدتین اسانیدھم صحاح

(1)مصنف ابن ابی شیبہ ج1 ص3366 رقم15 (2)جزء رفع الیدین للبخاری ص48 رقم 83
(3) تحفۃ الاخیار بترتیب شرح مشکل الآثار للطحاوی ج2 ص20 رقم24 وغیرھا

" سیدنا ابن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ رکوع وسجود میں رفع الیدین کرتے تھے اوردوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ جب رکوع وسجدہ کرتے تو رفع یدین کرتے تھے تیسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ ہر اونچ نیچ اور دو سجدوں کے درمیان میں رفع الیدین کرتے تھے"

(2)وعن مالک بن الحویرثؓ مرفوعا رفع یدیہ فی صلاتہ (اذاکبر) واذارکع واذ ارفع رأسہ من الرکوع واذاسجد واذارفع رأسہ من السجود حتی یحاذی بھما

فروع اذنیه وفی روایة وکان یرفع یدیه حیال فروع اذنیه فی الرکوع والسجود قال ابو شعیب اسانید هم صحاح

(1)الصحیح السنن المجتبی للنسائی ج2ص205 رقم 1085
(2)صحیح ابوعوانہ ج1 ص427 رقم1590
(3)مسنداحمد ج24 ص 366 رقم 15600 ج 34ص 162رقم20537

"سیدنا مالک بن حویرثؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ نماز کے شروع میں جب تکبیر کہتے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اور جب سجدہ کرتے اور جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو رفع الیدین کرتے حتی کہ دونوں کانوں کی لو کے برابر کرتے دوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ رکوع وسجود میں کانوں کی لو کے برابر تک رفع الیدین کرتے تھے"

قال ابوشعیب وفی الباب عن علی بن ابی طالبؓ وجابر بن عبداللہؓ وعبدالله بن عباسؓ وعبدالله بن الزبیرؓ وانس بن مالکؓ وابی ہریرةؓ وابوحمید الساعدیؓ وسهل بن سعد الساعدیؓ وعمیر بن حبیبؓ ووائل بن حجرؓ وغیرهم کما لایخفی علی اهل العلم

﴿ترک ونسخ حالت اول یعنی سجدوں کی رفع یدین کا ترک ونسخ﴾

(1)عن عبدالله بن عمرؓ مرفوعا کان یرفع یدیه حذو منکبیه اذاافتتح الصلاة واذا کبر للرکوع واذارفع رأسه من الرکوع رفعهما کذلك ایضاوقال سمع الله لمن حمده ربنالك الحمد وکان لایفعل ذلك فی السجود وفی روایة ولایفعل ذلك حین یسجد ولاحین یرفع رأسه من السجود وفی روایة لایرفعهما بین السجدتین

(1)صحیح بخاری ج1 ص148 رقم735، 738 (2)صحیح مسلم ج 1ص 292رقم 390
(3)الصحیح والسنن لابی داؤد ج1 ص192 رقم722 وغیرها

"سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ رفع یدین کندھوں کے برابر کرتے جب نماز شروع کرتے اور جب تکبیر کہتے رکوع کے لئے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو بھی رفع الیدین کرتے اسی طرح اور سمع الله لمن حمده اور ربنالك الحمد کہتے تھے اور یہ فعل سجدوں میں نہ کرتے تھے دوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ یہ فعل نہ سجدہ کرتے وقت اور نہ

سجدوں سے سر اٹھاتے وقت کرتے، تیسری روایت میں کہ آپ ﷺ دو سجدوں کے درمیان میں رفع الیدین نہیں کرتے تھے وفی الباب عن ابی موسی الاشعری وعلی رضی اللہ عنہما"

قال ابوشعیب ان احادیث میں حالت اول کی رفع الیدین لفظ لا کے ساتھ منسوخ ومنع ومتروک ثابت ہے۔

﴿اثبات حالت الثانی یعنی دو رکعتوں کے درمیان اوران کے بعد کھڑے ہوکر رفع الیدین کرنے کا ثبوت﴾

(1) عن عبداللہ بن عمرؓ مرفوعا کان اذادخل فی الصلاۃ کبرورفع یدیہ واذارکع رفع یدیہ واذاقال سمع اللہ لمن حمدہ رفع یدیہ واذاقام من الرکعتین رفع یدیہ ورفع ذلک ابن عمر الی النبی ﷺ وفی روایۃ کان اذادخل فی الصلاۃ رفع یدیہ واذارکع واذارفع رأسہ من الرکوع وبین الرکعتین کل ذلک یرفع یدیہ حذوالمنکبین وفی روایۃ اذاقام فی الرکعتین کبر ورفع یدیہ

(1) صحیح البخاری ج1 ص148 رقم739 (2) السنن الصغیر للبیھقی ج1 ص141 رقم363
(3) الصحیح والسنن لابی داؤد ج1 ص115 (4) خلافیات بیھقی ج2 ص335
(5) المحلی بالآثار لابن حزم ج3 ص6 وغیرھا

"سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ جب نماز میں داخل ہوتے تو تکبیر کہتے اور رفع الیدین کرتے تھے اور جب رکوع کرتے تو بھی رفع الیدین کرتے تھے اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو بھی رفع الیدین کرتے اور جب دو رکعتوں سے کھڑے ہوتے تو بھی رفع الیدین کرتے تھے اور دوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ جب نماز میں داخل ہوتے تو رفع الیدین کرتے تھے اور جب رکوع کرتے اور کب رکوع سے سر اٹھاتے اور دو رکعتوں کے درمیان ان سب مقام پر رفع الیدین کرتے تھے تیسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ جب دو رکعاتوں کے درمیان میں کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے اور رفع الیدین کرتے تھے"

(2) وعن انس بن مالکؓ مرفوعا فکان اذاکبر رفع یدیہ فی کل خفض ورفع وبین الرکعتین

(المعجم لابن الاعرابی ج3 ص841 رقم1945) قال ابو شعیب اسنادہ صحیح

"سیدنا انس بن مالکؓ سے مرفوعا روایت ہے کہ آپ ﷺ جب نماز میں تکبیر کہتے تو ہر اونچ نیچ یعنی رکوع وسجود میں رفع الیدین کرتے تھے اور دو رکعتوں کے درمیان میں بھی کرتے تھے"

﴿ترک ونسخ منع حالت ثانی یعنی دو رکعتوں کے درمیان اور اس کے بعد کھڑے ہوکر ترک ونسخ رفع یدین کا ثبوت﴾

(1)عن عبدالله بن عمرؓ مرفوعا اذادخل فی الصلاة رفع یدیه نحو صدره و اذا رکع واذارفع رأسه من الرکوع ولایرفع بعد ذلك ۔قال ابن حجر اخرجه الدارقطنی فی لغرائب باسنادحسن وظاهره یشمل النفی عماعدالمواطن الثلاثة۔ قال ابو شعیب اسانیدهم صحاح علی شرط البخاری ومسلم

(1)الناسخ الحدیث ومنسوخه لابن شاهین ج 1ص153 رقم244

(2)تاریخ دمشق ج51 ص48 رقم10739

(3)الغرائب مالك للدار قطنی بحواله فتح الباری ج 2ص 281)

"سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعا روایت ہے کہ آپ ﷺ جب نماز میں داخل ہوتے تو سینے کے قریب تک رفع الیدین کرتے تھے اور جب رکوع کرتے اور رکوع سے سر اٹھاتے تب بھی کرتے تھے اور اس کے بعد (پوری نماز میں) رفع الیدین نہ کرتے تھے"

(2)عن ابن عمرؓ مرفوعااذادخل فی الصلاة رفع یدیه نحوصدره واذارکع واذارفع رأسه من الرکوع ولایرفع بعد ذلك۔ قال ابو شعیب اسناده صحیح علی شرط البخاری و مسلم (الفوائد المنتقاة لابن ابی الفوارس ج1 ص171 رقم 170)

"سیدنا ابن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ جب نماز میں داخل ہوتے تو رفع یدین سینے کے قریب تک کرتے تھے اور جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو بھی کرتے اس کے بعد (پوری نماز میں) رفع یدین نہیں کرتے تھے"

قال ابوشعیب مذکورہ احادیث میں بین الرکعتین واذاقام من الرکعتین وسجود کی رفع الیدین لفظ لا کے ساتھ منع منسوخ ومتروک ثابت ہے یہ دوسری حالت کا نسخ ومنع ترک ثابت ہے۔ وللہ الحمد

﴿اثبات حالت ثالث یعنی رکوع میں جاتے اوراٹھتے وقت رفع الیدین کرنے کا ثبوت﴾

(1) عن عبدالله بن عمرؓ مرفوعااذاقام فی الصلاة رفع یدیه حتی تکونا حذومنکبیه وکان یفعل ذلك حین یکبر للرکوع ویفعل ذلك اذارفع رأسه من الرکوع و یقول سمع الله لمن حمده الحدیث

(1)صحیح بخاری ج 1ص 148رقم 736 (2)صحیح مسلم ج1 ص292 رقم390
(3)الصحیح والسنن والمجتبی للنسائی ج 2 ص 121 رقم 877 وغیرها

"سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ جب نماز میں کھڑے ہوتے تو رفع الیدین کندھوں کے برابر تک کرتے تھے اور یہی فعل آپ ﷺ رکوع کی تکبیر کے وقت کرتے اور یہی فعل آپ ﷺ جب رکوع سے سر اٹھاتے تو بھی کرتے تھے اور سمع الله لمن حمده کہتے تھے"

(2)عن مالك بن الحویرثؓ مرفوعا کان اذاکبر رفع یدیه حتی یحاذی بهما اذنیه واذارکع رفع یدیه حتی یحاذی بهمااذنیه واذارفع رأسه من الرکوع فقال سمع الله لمن حمده فعل مثل ذلك

(1)صحیح مسلم ج 1ص 293رقم391 (2)صحیح بخاری ج1 ص148 رقم737
(3) الصحیح والسنن المجتبی للنسائی ج2 ص121 رقم877 وغیرها

"سیدنا مالک بن الحویرثؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ جب تکبیر (تحریمہ) کہتے تھے تو رفع یدین کرتے تھے حتی کہ دونوں کانوں کے برابر تک کرتے تھے اور جب رکوع کرتے تو بھی رفع الیدین کرتے حتی کہ دونوں کانوں کے برابر تک کر لیتے تھے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو سمع الله لمن حمده کہتے رفع الیدین والا فعل اسی کی مثل کرتے تھے"

﴿ترک ونسخ ومنع حالت ثالث یعنی رکوع کرتے واٹھتے وقت کی رفع الیدین کے ترک ونسخ کا ثبوت﴾

(1)عن عبداللہ بن عمرؓ مرفوعااذاافتتح الصلاۃ رفع یدیه حذومنکیه واذااراد ان یرکع وبعدمایرفع رأسه من الرکوع فلایرفع ولابین السجدتین وفی روایة واذااراد ان یرکع وبعد مایرفع رأسه من الرکوع لایرفعهما وقال بعضهم ولایرفع بین السجدتین۔ قال ابو شعیب اسانیدهم علی شرط البخاری و مسلم

(1)مسند الحمیدی ج 2ص 277رقم 614فی نسخة ج1 ص515 رقم626

(2) صحیح ابی عوانه ج1 ص334 رقم1251 وفی نسخه ج 1ص 423رقم1573، 1574)

"سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ نے جب نماز شروع کی تو رفع الیدین کندھوں کے برابر کیااور جب رکوع کیااور رکوع کے بعد سر اٹھایا تو رفع الیدین نہیں کیا اور نہ دوسجدوں کے درمیان رفع الیدین کیا دوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے جب رکوع کیااور رکوع کے بعد سر اٹھایا تو رفع الیدین نہیں کیااور بعض راویوں نے بیان کیا کہ سجدوں کے درمیان میں بھی رفع الیدین نہیں کیا"

(2) وعن ابن عمرؓ مرفوعا کان یرفع یدیه اذاافتتح الصلاۃ ثم لایعود وفی روایة کنا مع رسول اللہ ﷺ بمکة نرفع ایدینا فی بدء الصلاۃ وفی داخل الصلاۃ عندالرکوع فلماهاجر النبی ﷺ الی المدینه ترك رفع الیدین فی داخل الصلاۃ عندالرکوع وثبت علی رفع الیدین فی بدء الصلاۃ ۔ قال الحافظ المغلطائیؒ و بحدیث لاباس بسنده ذکره البیهقی فی الخلافیات۔ قال ابو شعیب اسنادهما صحیح علی شرط البخاری ومسلم تغلیباً (خلافیات للبیهقی ج 2 ص386 رقم 1758 واخبارالفقهاء والمحدثین للقیروانی ص214 و شرح ماجه للمغلطائی ج1 ص1472 وغیرها

"سیدنا ابن عمرؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ جب نماز شروع کرتے تو رفع الیدین کرتے تھے پھر (پوری نماز میں) دوبارہ رفع الیدین نہیں کرتے تھے دوسری روایت میں ہے کہ ہم رسول اقدس ﷺ کے ساتھ مکہ مکرمہ میں ابتداء الصلاۃ و رکوع (وغیرہ) کی رفع الیدین کرتے تھے جب آپ ﷺ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی (ایام اخیرہ) میں رکوع کی رفع الیدین ترک کردی چھوڑ دی اور ابتداء الصلاۃ والی رفع الیدین کو نہیں چھوڑا اس عمل پر ثابت قدم رہے (یعنی ہمیشہ کیا)"

(3)عن عبداللہ (ابن مسعودؓ)مرفوعاقام فرفع یدیه اول مرۃ ثم لم یعد وفی روایة ثم لم

یرفع وفی روایة فصلی فلم یرفع یدیه الامرة واحدة وفی روایة فلم یرفع یدیه الافی اول مرة وفی روایة کان لایرفع یدیه الاعندافتتاح الصلاة ولایعود شئی من ذلک قال ابو شعیب اسانید هم صحاح

(1) الصحیح والسنن لابی داؤد ج1 ص126 (2) الصحیح والسنن للترمذی ج2 ص40 رقم257

(3) مسند ابی حنیفه بروایة الحصفکی ص423، 424 رقم97

(4) الصحیح والسنن المجتبی للنسائی ج2 ص182 رقم1026 ص195 رقم1058

"سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ سے مرفوعا مروی ہے کہ آپ ﷺ نماز کیلئے کھڑے ہوئے تو رفع الیدین اول ایک مرتبہ کیا پھر دوباری پوری نماز میں نہیں کیا دوسری روایت میں ہے کہ پھر (پوری نماز میں) دوبارہ رفع الیدین نہیں کیا تیسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے نماز پڑھی (آمیں) رفع یدین نہیں کیا مگر (شروع میں) ایک مرتبہ چھوتھی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے (نماز میں) رفع الیدین نہیں کیا مگر اول میں ایک مرتبہ پانچویں روایت میں ہے کہ آپ ﷺ رفع یدین نہیں کرتے تھے مگر شروع نماز کے وقت اور پوری نماز میں پھر کسی جگہ نہ کرتے تھے"

قال ابوشعیب مذکورہ احادیث میں قبل الرکوع وبعدالرکوع کی رفع الیدین لفظ فلا یرفع ،ولایرفعهما ،ترک رفع الیدین عندالرکوع ،ثم لم یعد ثم لم یر فع فلم یرفع یدیه الا مرة واحدة فلم یرفع یدیه الافی اول مرة اورلایرفع یدیه الاعندالافتتاح الصلاة ولایعود کے الفاظ سے **منسوخ ومتروک ومنع ثابت ہے یہ تیسری حالت کی تبدیلی ترک ونسخ ثابت ہے۔وللہ الحمد**

☆☆☆☆☆

﴿باب اول﴾

﴿ترك رفع اليدين فى الصلاة بعد الافتتاح﴾

نماز فریضہ مکتوبہ تبعاً سنت ونفل سوی الوتر والعیدین کی ابتداء میں رفع الیدین کا کرنا اوراس کے علاوہ ترک کا اثبات ادلہ اربعہ کی ترتیب سے ملاحظہ فرمائیں۔

﴿قرآن مع التفسير ترك رفع اليدين فى الصلاة بعد الافتتاح﴾

آیت مبارکہ نمبر (1) قال عزوجل قد افلح المومنون الذين هم فى صلاتهم خاشعون(القرآن سورة مؤمنون آیت نمبر1، 2)

"اللہ عزوجل نے فرمایا کہ تحقیق کامیاب ہوگئے وہ مؤمن جو اپنی نمازوں میں خشوع وخضوع کرتے ہیں"

تفسیری حدیث نمبر (1) تفسیری حدیث: قدقال عبدالله بن عباسؓ فى تفسيرهذه الآية مخبتون متواضعون لايلتفتون يمينا ولاشمالا ولايرفعون ايديهم فى الصلاة ـقال ابوشعيب اسناده مقبول فى التفسير (تفسير ابن عباس ص 284 طبع بيروت وفى نسخة ص 213طبع باكستان)

"سیدنا ابن عباسؓ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ خاشعون وہ لوگ ہیں جو تواضع اور انکساری اختیار کرتے ہیں اوردائیں بائیں توجہ نہیں کرتے اورنماز کے اندر (یعنی رکوع و سجود میں) رفع الیدین نہیں کرتے"

تفسیری حدیث نمبر (2) قدقال الحسن البصریؒ فى تفسير هذه الآية خاشعون الذين لايرفعون ايديهم فى الصلاة الافى التكبيرة الاولىٰ (تفسير سمرقندى ج2 ص408 طبع بيروت)

"سیدنا حسن بصریؒ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ خاشعون وہ لوگ ہیں جو تکبیر اولی کے علاوہ نماز کے اندر (یعنی رکوع وسجود وغیرہ میں) رفع الیدین نہیں کرتے"

تنبیہ: درج ذیل ائمہ کے نزدیک صحابی کی تفسیر مسند مرفوع حدیث کے حکم میں ہے۔

(1)امام محمدبن اسماعیل البخاریؒ متوفی256ھ مستدرك حاكم ج1 ص79، 211،ج2 ص283

(2)امام مسلم بن حجاج النیسابوری متوفی 261ھ مستدرک حاکم ج 1 ص 79، 211، ج 2 ص 283
(3)امام محمد ماتریدی متوفی 333ھ تفسیر ماتریدی ج 1 ص 260
(4)امام محمد الحاکم متوفی 405ھ مستدرک حاکم ج 1 ص 726 و ج 4 ص 619 معرفة علوم الحدیث ص 19
(5)امام علی بن العطارؒ متوفی 724ھ العدة فی شرح العمدة ج 3 ص 1521
(6)امام ابن الصلاح متوفی 643ھ مقدمہ ابن الصلاح ص 50 ص 124
(7)امام ضیاء المقدسی متوفی 643ھ الاحادیث المختارہ للمقدسی ج 2 ص 163
(8)امام یحیٰ النووی متوفی 676ھ تقریب ص 34
(9)امام ابو اسحاق الجعبری متوفی 732ھ رسوم الحدیث ص 65
(10)امام محمد بن جماعة متوفی 733ھ المنهل الروی ص 41
(11)امام حسین الطیبی متوفی 743ھ شرح مشکاة للطیبی ج 8 ص 2411 و الخلاصة ص 71
(12)امام محمد ابن القیم متوفی 751ھ اعلام الموقعین ج 1 ص 129 ج 6 ص 31 و الکلام علی مسألة السماع ج 1 ص 282
(13)امام خلیل علائی متوفی 761ھ احمال الاصابة للعلائی ص 74
(14)امام ابن کثیر الدمشقی متوفی 774ھ الباعث الحثیث ص 47
(15)امام محمد الکرمانی متوفی 786ھ الکوکب الدراری فی شرح البخاری ج 24 ص 163

اس کے علاوہ تقریب 18 مزید ائمہؒ نے یہی اصول بیان کیا ہے۔

فائدہ: اس آیت کی تفسیر سیدنا ابن عباسؓ و سیدنا حسن بصریؒ سے ہے جنہوں نے تفسیر نبی اقدس ﷺ اور صحابہ کرامؓ سے پڑھی تھی جس میں بالکل واضح ہے کہ تکبیر اولیٰ کے علاوہ نماز میں کسی جگہ رفع الیدین کرنا خشوع و خضوع کے خلاف ہے اور لفظ لا سے نفی و منع و منسوخ اور متروک ثابت ہے اللہ تعالیٰ ماننے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین

آیت مبارکہ نمبر (2) قال عزو جل فصل لربك و انحر (القرآن سورۃ الکوثر آیت نمبر 2)

تفسیری حدیث نمبر (1) عن علیؓ فی تفسیر هذه الآية ای برفع يديه فی التكبير الی نحره (تفسیر قرطبی ج 20 ص 219)

"سیدنا علیؓ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ بیشک رفع الیدین تکبیر تحریمہ میں سینے کی طرف کرنا ہے"

تفسیری حدیث نمبر (2) عن ابن عباسؓ فی قوله (فصل لربك و انحر) قال ان الله اوحى الى الرسوله ان يرفع يديك حذاء نحرك اذا كبر للصلاة الخ (اخرجه ابن مردويه بحواله الدر المنثور ج 8 ص 650)

"سیدنا ابن عباسؓ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اقدس ﷺ کی طرف وحی فرمائی کہ تو رفع الیدین اپنے سینے کے اوپر کے برابر کر جب نماز کے لئے تکبیر کہے"

تفسیری حدیث نمبر (3) عن ابی جعفرؒ (فی قوله فصل لربك وانحر) الصلاة وانحر برفع یدیه اول مایکبر فی الافتتاح فی روایة اذاکبر للاحرام

(1)تفسیر ابن جریر الطبری ج24 ص652 (2)اعراب القرآن للنحاسی ج 5ص 188

"سیدنا ابو جعفر الباقرؒ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ نماز پڑھ اور رفع الیدین کر اول تکبیر نماز کے شروع میں دوسری روایت میں ہے کہ جب تحریمہ کیلئے تکبیر کہہ تو رفع الیدین کر"

تفسیر ی حدیث نمبر (4) عن جعفر بن علیؒ فی تفسیر هذه الا یة قال یرفع یدیه اول ما یکبر للاحرام الی النحر(تفسیر القرطبی ج 20ص 219)

"سیدنا جعفر صادقؒ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ (نماز) کے اول میں تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے سینے کی طرف رفع الیدین کریں"

﴿یہ تفسیری حدیث درج ذیل کتابوں میں ہے﴾

(1) النکت الدالة للکرجی ج4 ص554 (2)تفسیر الثعلبی ج10 ص312
(3) تفسیر ماوردی ج 6ص 355 (4)تفسیر ابن کثیر ج 8ص503
(5) الراج المنیر ج 4 ص 597 (6)معرفة السنن والآثار ج14 ص19
(7) تفسیر الدر المنثور ج 8ص 650 (8)الهدایه الی بلوغ النهایه ج12 ص8471
(9) تفسیر القرطبی ج 20ص 219 (10)تفسیر ابن جزئی ج 2ص 517
(11) تفسیر الخازن ج 4ص 483 (12)البحر المحیط لابی حیان ج 10ص 557
(13) فتح القدیر للشوکانی ج 5ص616 (14)تفسیر ابی سعود ج 9ص 205
(15) البدر التمام ج 9ص 392 (16)تحفة الاحوذی ج 9ص206
(17) التفسیر البسیط ج 24ص381 (18)اللباب فی علوم الکتاب ج20 ص523

فائدہ: ان آیات اور ان کی تفسیری روایات میں تکبیر تحریمہ والی رفع الیدین کا ثبوت ہے اور بعض میں لفظ لا صاف نافیہ ہے جس سے مکمل نماز کے اندر رکوع وسجود وبین الرکعتین وقام من الرکعتین

کی رفع الیدین کی نفی منع وترک ثابت ہے اور الحمد للہ اہل السنّت والجماعت حنفیہ ومالکیہ جمہور صحابہؓ وتابعینؒ اور فقہاءؒ ومحدثینؒ وصلحاءؒ وعلماءؒ اور جمہور امت کا عمل ہے۔ وللہ الحمد

تنبیہ: جدول ملاحظہ کرتے وقت مندرجہ ذیل علامات کو مدنظر رکھیں

تکبیر تحریمہ والی رفع الیدین کا ثبوت	1	
باقی پوری نماز میں رفع الیدین کی نفی	2	تنبیہ: نفی بالقرائن بھی
قبل الرکوع والے رفع الیدین کی نفی	3	
بعد الرکوع والے رفع الیدین کی نفی	4	
دو رکعتوں کے درمیان والے رفع الیدین کی نفی	5	
بعد از رکعتین والے رفع الیدین کی نفی	6	
قبل السجدہ والے رفع الیدین کی نفی	7	
بعد السجدہ والے رفع الیدین کی نفی	8	

﴿تفسیری احادیث کا نتیجہ﴾

﴿عن علیؓ وابن عباسؓ ومحمد باقرؒ وحسن بصریؒ وجعفر صادقؒ﴾

ان احادیث سے متعدد باتیں ثابت ہوئی ہیں:

(1) سیدنا علیؓ سے تکبیر تحریمہ والا رفع الیدین تفسیری لحاظ سے ثابت ہوا ہے۔

(2) سیدنا ابن عباسؓ سے تکبیر تحریمہ والے رفع الیدین کا اثبات باقی پوری نماز میں منع ونسخ وترک ثابت ہوا ہے۔

(3) سیدنا حسن بصریؒ سے تکبیر تحریمہ والا رفع الیدین کا اثبات اور پوری نماز میں نسخ وترک تفسیری طور پر ثابت ہوا ہے۔

(4) سیدنا محمد الباقرؒ سے بھی تکبیر تحریمہ والا رفع الیدین تفسیری لحاظ سے ثابت ہوا ہے۔

(5) سیدنا جعفر الصادقؒ سے بھی تکبیر تحریمہ والا رفع الیدین تفسیری لحاظ سے ثابت ہوا ہے۔

اور الحمد للہ اس قرآن مع التفسیر پر اہل السنّت وجماعت حنفیہ ومالکیہ اور جمہور صحابہؓ وتابعینؒ وفقہاءؒ ومحدثینؒ وصلحاءؒ وعلماءؒ اور عوام کا عمل ہے۔ وللہ الحمد

﴿باب ثانی﴾

﴿احادیث مرفوعہ اور ترک رفع الیدین فی الصلاۃ بعد الافتتاح﴾

﴿حدیث نمبر 1 تا 6﴾ عن محمد بن عمر و بن عطاء انه كان جالساً مع نفر من اصحاب النبی ﷺ فذکرنا صلاة النبی ﷺ فقال ابو حمید الساعدیؓ انا کنت احفظکم لصلاة رسول الله ﷺ رأيته اذا كبر جعل يديه حذو منكبيه و اذا ركع امكن يديه من ركبتيه ثم هصر ظهره فاذا رفع رأسه استوى حتى يعود كل فقار مكانه فاذا سجد وضع يديه غير مفترش الحديث۔ قال ابو شعيب هذا حديث صحيح كما قال الامام البخاریؒ وغيرهم (صحيح بخاری ج 1 ص 114 باب سنة الجلوس فی التشهد و باب الی ان يرفع يديه ص 102)

"سیدنا محمد بن عمرو بن عطاءؒ سے مروی ہے کہ وہ صحابہؓ کی ایک نفری کے ساتھ بیٹھے تھے پس صلاۃ النبی ﷺ کا ذکر ہوا تو سیدنا ابو حمید الساعدیؓ نے فرمایا کہ میں تم میں سے صلاۃ رسول ﷺ کو زیادہ یاد رکھنے والا ہوں میں نے آپ ﷺ کو دیکھا جب آپ نے تکبیر (تحریمہ) کہی تو رفع الیدین کندھوں کے برابر تک کیا اور جب رکوع کیا تو اپنے ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑ لیا پھر اپنی پیٹھ سیدھی کی پس جب (رکوع سے) سر اٹھایا تو سیدھے کھڑے ہو گئے حتی کہ آپ کے جوڑ وغیرہ اپنی جگہ پر آ گئے پس جب سجدہ کیا تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو رکھا بچھایا نہیں"۔ قال الامام ناصر المطرزی الخوارزمی متوفی 610ھ ومنه الحديث ثم امكن يديه من ركبتيه ای مكنهما من اخذهما واقبض عليهما (المغرب ج 1 ص 445)۔ **حدیث کا مفاد:** اس صحیح حدیث میں صلاۃ رسول کی صراحت ہے اور اس میں تکبیر تحریمہ والی رفع الیدین ثابت ہے اور رکوع و سجود کا ذکر موجود ہے مگر رفع الیدین ثابت نہیں یہ ترک و نسخ رفع الیدین فی الصلاۃ بعد الافتتاح پر صریح بالقرائن ہے اور اسی صلاۃ رسول ﷺ پر جمہور صحابہ کرامؓ جن میں 1500 پندرہ سو صحابہ اور 4000 چار ہزار تابعین محدثین اور 400 چار سو فقہاء تو صرف ایک شہر کوفہ کے ہیں دیگر بیشمار صحابہ و تابعین اس کے علاوہ ہیں اور اہل السنت والجماعت حنفیہ و مالکیہ کے فقہاءؒ و محدثینؒ و اولیاءؒ علماءؒ اور عوام جن کا شمار مشکل ہے عامل ہیں۔ وللہ الحمد

﴿حدیث کے مفاد کے ماخوذی حوالہ جات درج ذیل ہیں﴾

(1)عن ابی میسرہ متوفی 63ھ ...قال ابو شعیب اسنادہ صحیح علی شرط بخاری و مسلم (مصنف ابن بی شیبہ ج1 ص 211رقم 2418 باب الی ابن یبلغ بیدیہ)

(2)عن ابراھیم النخعیؒ متوفی96 ھ...قال ابو شعیب اسنادہ صحیح علی شرط بخاری و مسلم (موطاالامام محمد ج 1ص 58رقم 107باب افتتاح الصلاۃ)

(3)عن ابی اسحاق السبیعیؒ متوفی 129 ھ ...قال ابو شعیب اسنادہ صحیح علی شرط بخاری و مسلم (مصنف ابن ابی شیبہ ج1 ص214 رقم2446 باب من کان یرفع یدیہ فی اول التکبیرۃ ثم لا یعود)

(5)قال الامام الحافظ المحدث ابوعیسی الترمذیؒ متوفی 279ھ وبہ یقول غیرواحدمن اھل العلم من اصحاب النبی ﷺ والتابعین ...واھل الکوفہ قال ابو شعیب اسنادہ صحیح (الصحیح والسنن للترمذی ج2 ص باب ماجاء ان النبی ﷺ لم یرفع الا فی اول مرۃ)

(6)قال الامام الحافظ المحدث محمد المروزیؒ متوفی 294ھ لانعلم مصر امن الامصار ینسب الی اھلہ العلم قدیما(ای الصحابہؓ والتابعینؒ) ترکوا باجماعھم الی ان قال الا اھل الکوفۃ (کتاب رفع الیدین للمروزی بحوالہ التمھید لابن عبدالبر ج 9ص 213والاستذکار ج 4ص99)

(7)قال الامام الحافظ المحدث ابوعلی الطوسیؒ متوفی312ھ وبہ یقول غیر واحدمن اھل العلم من اصحاب النبی ﷺ و التابعین ...واھل الکوفۃ قال ابو شعیب اسنادہ صحیح (مختصرالکلام للطوسی ج 2ص 104)

(8)قال الامام الحافظ المحدث ابوعمر ابن عبدالبر متوفی 463ھ وھوقول الکوفیین سفیان الثوری وابی حنیفہ والحسن بن حی وسائر الفقھاء الکوفۃ قدیما (ای الصحابۃ والتابعین وغیرھم) وحدیثا (ای اتباع التابعین وغیرھم) قال ابو شعیب اسنادہ جیداً

(1)التمھید لابن عبدالبر ج9 ص 213 (2)الاستذکارلابن عبدالبر ج4 ص98

(9)قال الامام الحافظ المحدث احمدالعجلیؒ متوفی 261ھ باب فیمن نزل

الکوفة وغیرھا من الصحابة نزل الکوفة الف وخمسمائة من اصحاب النبی ﷺ
(الثقات للعجلی ج2 ص448 وفی نسخة ج1 ص517)
(10)وعن انس بن سیرینؒ متوفی 118 ھ قال اتیت الکوفه فرأیت فیھا اربعة الف یطلبون الحدیث واربعمائة قدفقھوا ۔قال ابوشعیب اسنادہ حسن (المحدث الفاصل بین الراوی والواعی للرامھرمزی ص560 باب من کرہ کثرة الروایة)
(11) عن ابی بکربن عیاشؒ متوفی 193ھ قال مارأیت فقیھا قط یفعله یرفع یدیه فی غیرالتکبیرةالاولی ۔قال ابوشعیب اسنادہ صحیح علی شرط بخاری ومسلم (السنن الطحاوی ج 1ص227 رقم 13باب التکبیر للرکوع)
(12)قال الامام الحافظ المحدث الفقیه ابوجعفر احمد بن محمد الطحاویؒ متوفی 321ھ وخالفھم فی ذلك آخرون فقالوا لانری الرفع الا فی التکبیرةالاولی الی ان قال وھوقول ابی حنیفه وابی یوسف ومحمد رحمھم الله تعالی (السنن الطحاوی ج 1ص 224،227، باب التکبیرللرکوع)
(13)قال الامام الحافظ المحدث محمود بن احمد العینیؒ متوفی 855ھ وقال ابوحنیفه وابویوسفؒ ومحمدؒ وزفرؒ ومالكؒ فی روایة ابن القاسمؒ وھی المعمول بھافی المذھب لایرفع یدیه الافی تکبیرة الاحرام خاصة وھوقول الثوریؒ وابن ابی لیلیؒ والنخعیؒ والشعبیؒ وغیرھم (شرح ابوداؤد ج 3ص 297باب فی رفع الیدین)
(14)قال الإمام الحافظ المحدث الفقیه ابن القاسم المصریؒ متوفی 191ھ وکان رفع الیدین عند مالك ضعیفا الافی التکبیرة الاحرام (المدونةالکبری ج 1 ص165 باب رفع الیدین فی الرکوع والاحرام)
(15)قال الامام الحافظ المحدث ابن عبدالبرؒ الاندلسی متوفی 463ھ واختلف العلماء فی رفع الیدین فی الصلاة فروی ابن القاسمؒ وغیرہ عن مالكؒ انه کان یری رفع الیدین فی الصلاة ضعیفاالافی التکبیرة الاحرام وحدھا وتعلق بھذہ الروایة عن مالكؒ اکثرالمالکیین وھوقول الکوفیین سفیان الثوریؒ وابی حنیفةؒ واصحابه والحسن بن حیؒ وسائر فقھاء الکوفة قدیما وحدیثا
(1)التمھید لابن عبدالبرج9 ص213 (2)طرح التثریب للعراقی ج2 ص254

خلاصة: سیدنا ابوحمید الساعدیؓ کی صحیح ترین حدیث میں جس صلاۃ رسول ﷺ کا ذکر ہے وہ صرف پہلی تکبیر کے رفع الیدین کے ساتھ ہے اور اس پر اہل السنت والجماعت حنفیہ ومالکیہ کا عمل ہے ہو المطلوب والمقصود۔ وللہ الحمد

﴿حدیث ابی حمید الساعدیؓ نفی رفع الیدین فی الصلاۃ کا جدول﴾

﴿سیدنا محمد عربی خاتم النبیین امام اعظم فی الانبیاء ﷺ﴾

سیدنا ابوحمید الساعدیؓ سیدنا ابواسید الساعدیؓ سیدنا سہل بن سعد الساعدیؓ

سیدنا محمد بن عمرو بن عطاء القرشی المدنی

سعید بن ابی ہلال اللیثی یزید بن ابی حبیب المصری یزید بن محمد المصری

خالد بن یزید المصری لیث بن سعد المصری یحیی بن ایوب المصری عبداللہ بن لہیعہ

لیث بن سعد ابن مبارک عبداللہ بن صالح ابن وھب شعیب بن یحیی یحیی بن بکیر قتیبہ

﴿جدول حدیث ابی حمید الساعدی رضی اللہ عنہ﴾

کتاب			کتاب		
(1)صحیح البخاری	1	2	(2)صحیح ابن خزیمہ	1	2
(3)صحیح ابن حبان	1	2	(4)شعار اصحاب الحدیث	1	2
(5)الاربعون للاجری	1	2	(6)المحلی لابن حزم	1	2
(7)السنن الکبری للبیہقی	1	2	(8)السنن الصغیر للبیہقی	1	2
(9)شعب الایمان للبیہقی	1	2	(10)خلافیات للبیہقی	1	2
(11)معرفۃ السنن للبیہقی	1	2	(12)شرح السنۃ للبغوی	1	2
(13)التحقیق لابن الجوزی	1	2	(14)التمہید لابن عبدالبر	1	2
(15)تاریخ ابن عساکر	1	2	(16)تغلیق التعلیق	1	2
(17)الجمع بین الصحیحین	1	2	(18)مشیخہ دانیال	1	2
(19)الانوار للبغوی	1	2	(20)المختصر للمہلب	1	2
(21)الاوسط لابن المنذر	1	2	(22)خلافیات للبیہقی	1	2

تنبیہ : قال ابوشعیب مذکورہ بالا کتب میں سیدنا ابوحمید الساعدیؓ کی حدیث کے ساتھ بطورعلامت 1-2 ہے تکبیر تحریمہ والی رفع الیدین کے اثبات کے لئے 1 اور باقی پوری نماز میں نفی رفع الیدین کی علامت ہے 2 خواہ وہ صریح ہو یا بالقرائن ہو لہٰذا اس صحیح حدیث میں بعد تکبیرۃ الافتتاح کے نفی رفع الیدین ثابت ہے۔ وللہ الحمد

﴿حدیث نمبر 7 تا 8﴾ وعن محمدبن عمرو بن عطاء انه كام جالسا مع نفر من اصحاب النبی ﷺ فذكروا صلاة رسول الله ﷺ فقال ابو حميد الساعدیؓ انا كنت احفظكم لصلاة رسول الله ﷺ رأيته اذاكبر جعل يديه حذاء منكبيه فاذاركع امكن يديه من ركبتيه ثم هصر ظهره فاذارفع رأسه استوى حتى يعود كل فقار مكانه فاذاسجد وضع يديه غير مفترش (الحدیث، قال ابو شعیب اسنادهما صحیح علی شرط البخاری ومسلم) (صحیح ابن خزیمه ج 1 ص 324 رقم 743 باب استقبال اطراف اصابع الیدین)

"سیدنا محمد بن عمرو بن عطاءؒ سے مروی ہے کہ وہ صحابہ کرامؓ کی ایک نفری کے ساتھ بیٹھے تھے پس آپ ﷺ کی نماز کا ذکر ہوگیا تو سیدنا ابوحمید الساعدیؓ نے فرمایا کہ میں صلاۃ رسول اللہ ﷺ کو زیادہ یاد رکھنے والا ہوں میں نے آپ ﷺ کو دیکھا آپ ﷺ نے جب تکبیر (تحریمہ) کہتے تو اپنے کندھوں کے برابر رفع الیدین کرتے تھے پس جب رکوع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں پر رکھ کر پکڑ لیتے پھر پیٹھ سیدھی کرتے پس جب (رکوع) سے سر اٹھاتے تو سیدھے کھڑے ہو جاتے حتیٰ کہ آپ کے جوڑ اپنی اپنی جگہ آجاتے اور پھر جب سجدہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو بچھانے کے بغیر رکھتے"

﴿تحقیق سند﴾ (1) امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ النیسابوریؒ و 223ھ م 311ھ یہ مشہور امام ہیں ائمہ نے ان کو الحافظ الکبیر الحافظ الحجۃ الفقیہ و کان اماما ثبتا اور ائمہ نے ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) تذکرۃ الحفاظ ج 2 ص 207 (2) سیر اعلام النبلاء ج 11 ص 225

(3) صحیح ابن حبان ج 1 ص 191 رقم 14 (4) مستدرک حاکم ج 1 ص 91 رقم 100

(5)صحیح ابی نعیم ج 1 ص 51رقم40 (6)شرح السنه للبغوی ج 1ص 31رقم16
(7)الاحادیث المختاره ج 1ص 278رقم168

(2)امام عیسی بن ابراہیم الغافقی المصریؒ و170ھ م261ھ یہ صحیح ابوداؤد صحیح نسائی و صحیح ابن خزیمہ کے راوی ہیں ائمہ نے انکوالامام المحدث الفقیہ المصری من ثقات المسندین لاباس به اوران سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1)سیراعلام النبلاء ج10 ص62 (2) مشیخة النسائی ج1 ص94
(3)صحیح ابوداؤد ج1 ص 178رقم666 (4)صحیح النسائی ج 2ص 93رقم819
(5)سنن الطحاوی ج1 ص283 رقم 1716 (6)صحیح ابن حبان ج10 ص 183رقم4340
(7)صحیح ابو نعیم ج3 ص138 رقم2397 (8)الاحادیث المختاره ج3 ص193 رقم988

(3)امام عبداللہ بن وھب المصریؒ و 125ھ م 197ھ یہ صحیح بخاری صحیح مسلم وسنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کوالامام الحافظ المحدث الفقیه احد الائمة الاعلام و کان ثقة حجة حافظا مجتهدااور صحیح الحدیث قرار دیا ہے۔

(1)تذکرۃالحفاظ ج1 ص222 (2) سیراعلام النبلاء ج8 ص 13
(3)صحیح البخاری ج1 ص25 رقم71 (4)صحیح مسلم ج1 ص52 رقم33

(4)امام لیث بن سعد المصریؒ و94ھ م175ھ یہ صحیح البخاری و صحیح مسلم وسنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کوالحافظ شیخ دیار المصریه و ثقه ثبت فقیہ امام مشہوراور ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1)تذکرہ الحفاظ ج 1ص164 (2)سیر اعلام النبلاء ج7 ص204
(3) صحیح البخاری ج1 ص38 رقم133 (4)صحیح مسلم ج1 ص 76رقم101

(5)امام یزید بن محمد المصریؒ یہ صحیح بخاری صحیح ابوداؤد و صحیح نسائی وغیرھا کے راوی ہیں ائمہ نے انکو ثقة المدنی نزیل مصر ثقه اوران سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) الثقات لابن حبان ج7 ص630 (2) تقریب لابن حجر ج 1ص 604
(3)صحیح البخاری ج 1ص 165رقم828 (4)صحیح ابوداؤد ج1 ص195 رقم732
(5)صحیح النسائی ج 6ص 199رقم3529 (6)صحیح ابن خزیمه ج 1ص334 رقم643
(7)سنن الطحاوی ج 1ص 258رقم1539 (8)صحیح ابن حبان ج 5ص 185رقم1869
(9)مستدرک حاکم ج1 ص 239رقم496 وغیرها

(6) امام یزید بن ابی حبیب المصریؒ و53ھ م128ھ یہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں۔ ائمہ نے ان کو الحافظ الامام الکبیر و کان حجة حافظا للحدیث و المصری ثقة اور ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) تذکرہ الحفاظ ج1 ص 17 (2) تقریب لا بن حجر ج1 ص600
(3) صحیح البخاری ج1 ص15 رقم28 (4) صحیح مسلم ج1 ص 65 رقم 63

(7) امام محمد بن عمرو بن حلحلةؒ مات فی آخر خلافة ھشام بن عبدالملکؒ یہ صحیح بخاری و صحیح مسلم صحیح ابوداؤد صحیح نسائی کے راوی ہیں ائمہ نے ان کو الاہلی المدنی ثقه و من متقن اهل المدینه و المدنی ثقه اور ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) تہذیب الکمال للمزی ج 26 ص 204 (2) الثقات لابن حبان ج7 ص 377
(3) صحیح البخاری ج4 ص82 رقم3110 (4) صحیح مسلم ج1 ص275 رقم359

(8) امام محمد بن عمرو بن عطاءؒ م 124ھ یہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کو احد من الثقات و کان ثقة له احادیث و المدنی ثقة اور ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) سیر اعلام النبلاء ج5 ص234 (2) تقریب لابن حجر ج 1 ص 499
(3) صحیح البخاری ج1 ص165 رقم828 (4) صحیح مسلم ج1 ص273 رقم354

﴿حدیث نمبر 9﴾ وعن محمد بن عمر و بن عطاء انه کان جالسا مع نفر من اصحاب النبی ﷺ فذکروا صلاة رسول الله ﷺ فقال ابو حمید الساعدیؓ انا کنت احفظکم لصلاة رسول الله ﷺ رأیته اذا کبر جعل یدیه حذاء منکبیه فاذا رکع امکن یدیه من رکبتیه ثم هصر ظهره فاذا رفع رأسه استوی حتی یعود کل فقار منه مکانه و اذا سجد وضع یدیه غیر مفترش الحدیث قال ابو شعیب اسناده صحیح علی شرط بخاری و مسلم (صحیح ابن خزیمه ج 1 ص 327 رقم652 باب فتح اصابع الرجلین فی السجود)

"سیدنا محمد بن عمرو بن عطاءؒ سے مروی ہے کہ وہ صحابہ کرامؓ کی ایک نفری کے ساتھ بیٹھے تھے پس صلاۃ رسول ﷺ کا ذکر ہو گیا تو سیدنا ابو حمید الساعدیؓ نے فرمایا کہ میں صلاۃ رسول اللہ ﷺ کو زیادہ یاد رکھنے والا ہوں میں نے آپ ﷺ کو دیکھا آپ ﷺ نے جب تکبیر

(تحریمہ) کہی تو اپنے کندھوں کے برابر رفع الیدین کیا پس جب رکوع کیا تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں پر جما لیا پھر پیٹھ سیدھی کر لی پس جب (رکوع) سے سر اٹھایا تو سیدھے کھڑے ہو گئے حتی کہ آپ کے جوڑ اپنی اپنی جگہ آ گئے اور پھر جب سجدہ کیا تو اپنے ہاتھوں کو بچھانے کے بغیر رکھا"

﴿تحقیق السند﴾ اس حدیث کے راویوں کی توثیق نقل ہو چکی ہے سوائے امام ابوزهیر عبدالمجید المصری، امام شعیب التجیبی، امام یحیٰ بن ایوب کے ان کی تعدیل وتوثیق درج ذیل ہے۔

(1) امام ابوزهیر عبدالمجید المصریؒ یہ صحیح ابن خزیمہ ومسند الرویانی وغیرہما کے راوی ہیں ائمہ نے ان کو صححہ ابن خزیمہ حدیثہ فھو ثقۃ عندہ وھو شیخ ابن جوصا اور ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے

(1) المقتنی فی سرد الکنی ج 1 ص 251 (2) تهذیب الکمال ج 12 ص 538
(3) صحیح ابن خزیمه ج 1 ص 101 رقم 201 و ج 3 ص 93 رقم 168

(2) امام شعیب التجیبیؒ یہ صحیح النسائی وصحیح ابن خزیمہ والطحاوی وغیرھا کے راوی ہیں ائمہ نے انکو ثقہ صدوق عابد اور ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) الثقات لابن حبان ج 8 ص 309 (2) تقریب لابن حجر ج 1 ص 267
(3) صحیح النسائی ج 1 ص 101 رقم 166 (4) صحیح ابن خزیمه ج 1 ص 344 رقم 694
(5) سنن الطحاوی ج 4 ص 68 رقم 2367 (6) مستدرک حاکم ج 1 ص 563 رقم 1471

(3) امام یحیٰ بن ایوبؒ م 163 ھ یہ صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن اربعہ کے اتفاقی راوی ہیں ائمہ نے ان کو الامام الحافظ فقیہ اھل مصر ثقہ صالح وھو حسن الحدیث وکان ثقۃ صالح الحدیث ان سے مروی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

(1) تذکرہ الحفاظ ج 1 ص 167 (2) سیر اعلام النبلاء ج 7 ص 120
(3) صحیح البخاری ج 1 ص 57 رقم 241 (4) صحیح مسلم ج 1 ص 278 رقم 366

﴿حدیث نمبر 10 تا 12﴾ وحدثنی العباس بن السهل الساعدی قال اجتمع الناس من الانصار فیهم سهل بن سعد الساعدی وابو حمید الساعدی

وابواسیدالساعدیؓ فذکروا صلاۃ رسول اللہ ﷺ فقال دعونی احدثکم واناا علمکم بھذاقالوا فحدث قال رأیت رسول اللہ ﷺ احسن الوضوء ثم دخل الصلاۃو کبرفرفع یدیہ حذو منکبیہ ثم رکع فوضع یدیہ علی رکبتیہ کالقابض علیھافلم یصب رأسہ ولم یقنعہ ونحی یدیہ عن جنبیہ ثم رفع رأسہ فاستوی قائما حتی عاد کل عظم منہ الی موضعہ ثم ذکر بندار بقیۃالحدیث وقال فی آخرہ فقال القوم کلھم ھکذا کانت صلاۃ رسول اللہ ﷺ (قال ابوشعیب اسنادہ صحیح علی شرط بخاری ومسلم

(صحیح ابن خزیمہ ج1 ص296 رقم 589باب الاعتدال فی الرکوع والتجافی)

